★★★ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ★★★
ABC CERTIFIED
DAILY QUWAT LAHORE
روزنامہ قوت لاہور
چیف ایگزیکٹو حاجی ملک محمد وحید
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com
جلد نمبر 16 | پیر 26 صفر المظفر 1448ھ، 10 اگست 2026ء، 26 ساون 2082ب صفحات 8 قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 229

مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ خطے کے کسی ملک کیلئے خطرہ نہیں، سعودی عہدیدار

مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کا مقصد تینوں بانی ممالک کی مشترکہ دفاعی صلاحیتوں کو مضبوط بنانا، دفاعی تیاری بڑھانے کے ساتھ سٹریٹیجک دفاعی صلاحیتوں کو ترقی دینا اور ان کی سلامتی اور علاقائی سالمیت کو درپیش کسی بھی خطرے کا مشترکہ طور پر مقابلہ کرنے کے لیے تعاون کو فروغ دینا ہے۔

معاہدے کا مقصد کسی فوجی اتحاد یا فرقہ وارانہ یا مسلکی بلاک کے قیام کی جانب کوئی پیش رفت نہیں ہے اور نہ ہی اس کا تعلق جوہری عزائم یا خطے میں اسلحے کی دوڑ سے ہے، بلکہ اس کا مقصد پائیدار خود انحصار صلاحیتوں کی ترقی ہے۔ ڈاکٹر رائد قرملی

ریاض (آئی این پی) سعودی وزارت خارجہ کے نائب وزیر ایمبیسیڈر ڈاکٹر رائد قرملی نے کہا ہے کہ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ سعودی عرب، ترکیہ اور پاکستان کے درمیان کئی دہائیوں پر محیط گہرے تاریخی اور سٹریٹیجک تعلقات کی عکاسی کرتا ہے اور کئی برسوں تک جاری (بقیہ نمبر 1)

لاہور: وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے دورہ کے موقع پر ایک مسافر کی دستاویزات دیکھ رہے ہیں

سفیر پاکستان رضوان سعید شیخ کی امریکی کاروباری شخصیات سے ملاقاتیں

پاکستان کے معدنی وسائل میں ویلیو ایڈیشن کے لیے امریکی سرمایہ کاری ضروری ہے، سرمایہ کاری کی دعوت

واشنگٹن (آئی این پی) امریکا میں پاکستان کے سفیر رضوان سعید شیخ نے امریکی کاروباری شخصیات سے ملاقاتیں کی ہیں۔ سفیر پاکستان نے معدنی شعبے اور آلات جراحی (بقیہ نمبر 2)

بلوچستان میں دہشتگردوں کیخلاف انٹیلی جنس بیسڈ کارروائیاں، 15 خوارج جہنم واصل

مستونگ، بولان، واشک، آواران، سبی، خضدار، ہرنائی اور نوشکی میں خوارج کے خلاف متعدد کارروائیاں کی گئیں، اسلحہ برآمد، سیکیورٹی فورسز نے کامیاب کارروائیاں کر کے فتن الہندوستان اور فتن الخوارج کے مذموم عزائم کو ناکام بنایا، وزیر داخلہ محسن نقوی

سیکیورٹی فورسز نے کامیاب کارروائیاں کر کے فتن الہندوستان اور فتن الخوارج کے مذموم عزائم کو ناکام بنایا، دہشتگردی کے خلاف برسرِ پیکار سیکیورٹی فورسز کے بہادر جوان قوم کا فخر ہیں۔ ان شاءاللہ قوم کی حمایت سے بلوچستان سے فتن الہندوستان اور فتن الخوارج کے دہشت گردوں کا مکمل خاتمہ کیا جائے گا۔ وزیر داخلہ

کوئٹہ /اسلام آباد (آئی این پی) آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت بلوچستان میں دہشتگردوں کے خلاف انٹیلی جنس بیسڈ کارروائیوں کے دوران 15 خوارج ہلاک کر دیے گئے۔ سیکیورٹی فورسز نے مستونگ، بولان، واشک، آواران، سبی، خضدار، ہرنائی اور نوشکی میں خوارج کے خلاف متعدد کارروائیاں کیں۔ کارروائیوں کے نتیجے میں 15 خوارج جہنم واصل ہوئے جبکہ خوارج کے قبضے سے بڑی مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا۔ سیکیورٹی فورسز کی مؤثر کارروائیوں کے باعث خوارج کے نیٹ ورک کو شدید نقصان پہنچا اور ان کی نقل و حرکت محدود کر دی گئی ہے۔ (بقیہ نمبر 12)

صدر کا قدیم مقامی باشندگان کے حقوق، ثقافت کے تحفظ کیلئے پاکستان کے عزم کا اعادہ

یہ دن مقامی لوگوں کی خدمات کو تسلیم کرنے اور ان کے علم، روایات اور ان طریقوں کو تسلیم کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے، جنہیں انہوں نے نسل در نسل محفوظ رکھا اور منتقل کیا ہے

پاکستان کی بھرپور ثقافتی رنگا رنگی میں کیلاش اور شمالی پہاڑی علاقوں کے متنوع باشندے شامل ہیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) صدر مملکت آصف علی زرداری نے قدیم مقامی باشندگان کے حقوق، ثقافت، روایات اور فلاح و بہبود کے تحفظ کیلئے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ قدیم مقامی باشندوں کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا کہ یہ دن مقامی لوگوں کی خدمات کو تسلیم کرنے اور ان کے علم، روایات اور ان طریقوں کو تسلیم کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے، جنہیں انہوں نے نسل در نسل محفوظ رکھا اور منتقل کیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان کی بھرپور ثقافتی رنگا رنگی میں کیلاش اور شمالی پہاڑی علاقوں کے متنوع باشندے شامل ہیں، یہ (بقیہ نمبر 8)

بھارتی فضائیہ کا ونگ کمانڈر دفاعی معلومات افشا کرنے کے الزام میں گرفتار

نئی دہلی (آئی این پی) بھارتی فضائیہ کے حاضر سروس ونگ کمانڈر کو حساس دفاعی معلومات افشا کرنے کے الزام میں گرفتار کر لیا (بقیہ نمبر 10)

پی آئی اے کی پاکستان سے سعودیہ کی پروازیں 18 گھنٹے تاخیر کا شکار

چھ پروازوں کی روانگی میں غیر معمولی تاخیر سے مسافروں کو شدید مشکلات کا سامنا رہا

لاہور (آئی این پی) پی آئی اے کے آپریشنل مسائل کے سبب پاکستان سے سعودی عرب کی 6 پروازیں 18 گھنٹے تک تاخیر کا شکار ہیں۔ اسلام آباد سے مدینہ کی (بقیہ نمبر 9)

شائستہ، بامقصد فیملی تھیٹر کی بحالی کیلئے الحمرا میں فرینڈز آف سیونٹیز پیش کیا جارہا ہے، عظمیٰ بخاری

فرینڈز آف سیونٹیز نئی نسل کو ماضی کے معاشرتی رنگوں سے روشناس کرانے کی کاوش ہے، وزیر اطلاعات

طویل عرصے بعد لاہوریوں کو شائستہ اور بامقصد فیملی تھیٹر دیکھنے کا موقع ملا ہے

لاہور (آئی این پی) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری کی زیرِ نگرانی پنجاب میں شائستہ، معیاری اور بامقصد فیملی تھیٹر کی بحالی کا آغاز کر دیا گیا۔ حکومت پنجاب کی جانب سے فیملی تھیٹر کے فروغ کے لیے عملی اقدام کے طور پر الحمرا میں فرینڈز آف سیونٹیز تھیٹر ڈرامہ پیش کیا گیا، جس کے پہلے ہی شو میں ہاس فل رہا اور عوام کی بھرپور دلچسپی کے باعث ہال قہقہوں سے (بقیہ نمبر 13)

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے ایم پی ایز ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان، سعودی عرب، ترکیہ معاہدے میں فیلڈ مارشل عاصم منیر نے اہم کردار ادا کیا، رانا ثناء اللہ

پاکستان نے گزشتہ چند برسوں کے دوران اپنی سفارت کاری کے ذریعے عالمی سطح پر مقام حاصل کیا ہے جبکہ ایران۔امریکا تنازع کے دوران بھی پاکستان کو عزت اور وقار ملا

حکومت عوام کو بڑے ریلیف کی فراہمی پر غور کر رہی تھی تاہم ایران۔امریکا تنازع کے نتیجے میں پیدا ہونے والے مشکل حالات کے باعث عوام کو ریلیف فراہم نہیں کیا جاسکا

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی وزیر بین الصوبائی رابطہ و مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ پاکستان، ترکیہ اور سعودی عرب کے درمیان معاہدے میں فیلڈ مارشل (بقیہ نمبر 11)

چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو سے چیئرمین سینٹ کا ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو

مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ تاریخ ساز پیشرفت، امت مسلمہ کیلئے نیک شگون ہے، سعد رفیق

لاہور (آئی این پی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما خواجہ سعد رفیق نے کہا ہے کہ پاکستان سعودی عرب اور ترکیہ کے مابین مکہ المکرمہ میں طے پانے والے مکہ مشترکہ (بقیہ نمبر 14)

آزاد جموں و کشمیر قانون اسمبلی کے انتخابات کا تیسرا مرحلہ (آج) ہوگا

پونچھ ڈویژن کے 2 اضلاع کے 4 انتخابی حلقوں میں 4 لاکھ 60 ہزار ووٹرز حق رائے دہی استعمال کرینگے، 82 امیدوار مدمقابل

مظفرآباد (آئی این پی) آزاد جموں و کشمیر قانون اسمبلی کے انتخابات کا تیسرا مرحلہ (آج پیر) 10 اگست کو ہوگا، پونچھ ڈویژن کے 2 اضلاع کے 4 انتخابی حلقوں میں 4 لاکھ 60 ہزار سے زائد ووٹرز اپنا حق رائے دہی استعمال کریں گے، مجموعی طور پر 82 امیدوار میدان میں ہیں۔ تفصیلات کے مطابق ضلع حویلی میں وزیراعظم آزاد جموں و کشمیر فیصل ممتاز راٹھور، سابق ممبر کشمیر (بقیہ نمبر 40)

آئی ایس پی آر کا بلوچی زبان میں خوبصورت نغمہ "پاک اے وطن" ریلیز

مشہور بلوچ گلوکار اختر چنال نے مخصوص روایتی انداز اور جوشیلے بلوچی بولوں کے ذریعے پاک سرزمین سے والہانہ عشق کی عکاسی کی

راولپنڈی (آئی این پی) یوم آزادی کے موقع پر آئی ایس پی آر نے بلوچی زبان میں خوبصورت نغمہ "پاک اے وطن" ریلیز کر دیا۔ یوم آزادی کے موقع پر وطن سے سچی محبت کا اظہار کرتے ہوئے مشہور بلوچ گلوکار اختر چنال نے اپنے مخصوص روایتی انداز اور جوشیلے بلوچی بولوں کے ذریعے پاک سرزمین سے والہانہ عشق کی عکاسی کی ہے، ثقافت اور حب الوطنی (بقیہ نمبر 41)

لانگ مارچ کا مقصد بانی پی ٹی آئی کی رہائی نہیں، ان تک رسائی ہے، سہیل آفریدی

27 ستمبر کی لانگ مارچ کو خود لیڈ کروں گا، یہ ون ڈے ایونٹ نہیں ہوگا، اسلام آباد آکر واپس نہیں جائیں گے، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا

لانگ مارچ کا اعلان پی ٹی آئی اور تحریک تحفظ آئین پاکستان کے رہنماؤں سے مشاورت کے بعد کیا ہے جبکہ علیمہ خان بھی تحریک میں ساتھ ہوں گی۔

پشاور (آئی این پی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف کے لانگ مارچ کا مقصد بانی پی ٹی آئی عمران خان کی رہائی نہیں بلکہ ان تک رسائی ہے۔ ایک انٹرویو میں سہیل آفریدی نے کہا کہ 27 ستمبر کی لانگ مارچ کو وہ خود لیڈ کریں گے، یہ ون ڈے ایونٹ نہیں ہوگا، اسلام آباد آکر واپس نہیں جائیں گے۔ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا نے بتایا کہ لانگ مارچ کا اعلان پی ٹی آئی اور تحریک تحفظ آئین پاکستان کے رہنماؤں سے مشاورت کے بعد کیا ہے جبکہ علیمہ خان بھی تحریک میں ساتھ ہوں گی۔ انہوں نے لانگ مارچ (بقیہ نمبر 32)

ایندھن کی قیمتوں پر تنازع، لاہور میٹرو بس سروس 11 اگست سے بند ہونے کا خدشہ

29 جولائی کے عدالتی احکامات کی روشنی میں پی ایم اے سے اپنے ذرائع سے ایندھن فراہم کرنے کی درخواست کی تھی، تاہم 6 اگست کو ہونے والے اجلاس کے باوجود پی ایم اے نے کوئی حل پیش نہیں کیا

جب آپریشن سنبھالا تو ڈیزل کی قیمت 105 روپے فی لیٹر کے قریب تھی، لیکن مسلسل اضافے نے کمپنی کے مالی وسائل ختم کر دیئے ہیں: نمائندہ کمپنی

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب ماس ٹرانزٹ اتھارٹی (پی ایم اے) اور لاہور میٹرو بس چلانے والی نجی کمپنی کے درمیان ایندھن کی قیمتوں کی ادائیگی پر تنازعہ سنگین صورتحال اختیار کر گیا ہے، کمپنی نے اتھارٹی کو حتمی نوٹس بھجواتے ہوئے واضح کیا ہے کہ وہ 11 اگست سے بس سروس معطل کر دے گی۔ کمپنی کے مطابق اس نے 29 جولائی کے عدالتی احکامات کی روشنی میں پی ایم اے سے اپنے ذرائع سے ایندھن فراہم کرنے کی درخواست کی تھی، تاہم 6 اگست کو ہونے والے اجلاس کے باوجود پی ایم اے نے کوئی حل پیش نہیں کیا۔ کمپنی کے نمائندے کا کہنا ہے کہ جب انہوں نے آپریشن سنبھالا تو ڈیزل کی قیمت 105 روپے فی لیٹر کے قریب تھی، لیکن مسلسل اضافے نے کمپنی کے مالی وسائل ختم کر دیئے ہیں، ایندھن کا فارمولا کمپنی کے مکمل اخراجات کا احاطہ نہیں کرتا جس کی وجہ سے اسے مسلسل مالی خسارے کا سامنا ہے۔ عدالت نے 8 جون 2023 اور بعد ازاں (بقیہ نمبر 33)

کراچی: گورنر سندھ محمد نہال ہاشمی جشن آزادی مشاعرے سے خطاب کر رہے ہیں

مکہ مدینہ ہماری ریڈ لائن، حفاظت کیلئے پاکستان کسی حد تک جا سکتا ہے، رانا تنویر حسین

بہت سے اسلامی ممالک اس معاہدے کا حصہ بننے چاہتے ہیں، سیکرٹریٹ مکہ میں ہی ہوگا

بلاول بھٹو نوجوان اور جوشیلے ہیں، کشمیر الیکشن ختم ہونے پر معمول پر آ جائیں گے' وفاقی وزیر

مریدکے (آئی این پی) وفاقی وزیر قومی غذائی تحفظ و ریسرچ رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ مکہ اور مدینہ ہماری ریڈ لائین ہیں اور ان کی حفاظت کیلئے پاکستان کسی حد تک جاسکتا ہے، مکہ معاہدہ مکہ مکرمہ کے قریب بیٹھ کر ہوا ہے اور اس کا سیکرٹریٹ بھی مکہ ہی ہوگا، تمام اسلامی ممالک سے کہتے ہیں ایک چھتری تلے اکٹھے ہوجائیں، سعودی عرب ترکیہ، پاکستان کا دفاعی معاہدہ خطے کیلئے ایک تاریخی معاہدہ ہے، جو اسلامی ممالک دفاع کیلئے کسی اور کی طرف دیکھتے تھے اب خود اپنا دفاع کرسکیں گے، بہت سے اسلامی ممالک اس معاہدے کا حصہ بننا چاہتے ہیں کیونکہ وہ جانتے ہیں (بقیہ نمبر 38)

آئی جی آزاد کشمیر نے کالعدم ایکشن کمیٹی کا مذموم ایجنڈا بے نقاب کر دیا

ریاست مخالف پروپیگنڈا کر کے انتشار پھیلانے کی مذموم سازش ناکام ہو چکی ہے، لیاقت علی ملک

مظفرآباد (آئی این پی) آئی جی آزاد جموں و کشمیر کیپٹن (ر) لیاقت علی ملک نے کالعدم ایکشن کمیٹی کے ناپاک عزائم کا پردہ چاک کر دیا۔ یوم شہدائے پولیس کے موقع پر مظفرآباد میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے آئی جی آزاد جموں و کشمیر نے کہا کہ کالعدم تنظیم کے نام نہاد امن پسند کارندوں نے عاقب شہید کی لاش وصول کرنے کیلئے موجود اہلخانہ کو اغوا کیا، باہر بیٹھ (بقیہ نمبر 28)

وزیر اطلاعات کا پی ٹی وی کے رپورٹر نوید اظہر کے بڑے بھائی ناصر حسین کے انتقال پر اظہار افسوس

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے پاکستان ٹیلی وژن (پی ٹی وی) نیوز کے سینئر رپورٹر نوید اظہر کے بڑے بھائی ناصر حسین کے انتقال پر اظہار افسوس کیا ہے۔ اپنے بیان میں وفاقی وزیر اطلاعات نے سوگوار خاندان سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا اور کہا کہ نوید اظہر کے بھائی کے (بقیہ نمبر 27)

نارووال: وفاقی وزیر احسن اقبال پنڈی سینیاں میں کیپٹن حمزہ اکرم شہید کے اہل خانہ سے اظہار تعزیت کے بعد فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ مل کر ایک دوسرے کا تحفظ اور حفاظت کریں گے، اویس لغاری

تینوں ممالک کی قوت اکٹھی ہونے سے کوئی جارحانہ قدم اٹھانے کی جرات نہیں کرے گا، وفاقی وزیر توانائی

پاکستان، ترکیہ اور سعودی عرب کا جوائنٹ ڈیفنس ایگریمنٹ پاکستانیوں کے لیے باعثِ عزت اور قابلِ فخر ہے

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی وزیر توانائی اویس لغاری نے کہا ہے کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ مل کر ایک دوسرے کا تحفظ اور حفاظت کریں گے، تینوں ممالک کی قوت اکٹھی ہونے سے کوئی جارحانہ قدم اٹھانے کی جرات نہیں کرے گا۔ اپنے بیان میں اویس لغاری نے کہا کہ پاکستان، ترکیہ اور سعودی عرب کا جوائنٹ ڈیفنس ایگریمنٹ پاکستانیوں کے لیے باعثِ عزت اور قابلِ فخر ہے۔ انہوں نے کہا کہ تین اہم ممالک کا امن کے لیے اکٹھے ہونا قابلِ فخر ہے، تینوں ممالک کا باہمی تعاون کسی بھی قسم کی جارحیت کی روک تھام کیلئے ہے۔ اویس لغاری نے کہا کہ تینوں (بقیہ نمبر 34)

آئی ایس پی آر سمر انٹرن شپ پروگرام، ڈاکٹر معید یوسف کی طلبہ کیساتھ خصوصی نشست

جامع قومی سلامتی کا حقیقی تصور ہر شہری کا تحفظ، عزت، سلامتی اور خوشحالی کو یقینی بنانے سے وابستہ ہے، معید یوسف

راولپنڈی (آئی این پی) آئی ایس پی آر سمر انٹرن شپ پروگرام 2026 کے تحت سابق مشیر قومی سلامتی ڈاکٹر معید یوسف کی طلبا و طالبات کیساتھ خصوصی نشست کا انعقاد کیا گیا، آئی ایس پی آر سمر انٹرن شپ پروگرام میں پاکستان بھر کے 21 سٹیشنز پر 6150 سے زائد طلبا و طالبات شریک ہیں۔ سابق مشیر قومی سلامتی ڈاکٹر معید یوسف نے قومی سلامتی، معیشت اور نوجوانوں (بقیہ نمبر 17)

گورنر کے پی فیصل کریم کنڈی بونیر میں پی ٹی آئی چیئرمین بیرسٹر گوہر خان سے ان کی والدہ کی وفات پر فاتحہ خوانی اور تعزیت کے بعد دعا مانگ رہے ہیں

مون سون کا پانچواں سپیل جاری، بجلی کا ترسیلی نظام بری طرح متاثر

کئی علاقوں پانی کھڑا رہا، ٹریفک کا نظام بھی سست روی کا شکار، چوبیس گھنٹوں میں مزید بارش کی پیشگوئی

رواں سال مون سون بارشوں کے دوران مختلف حادثات میں 54 شہری جاں بحق، 328 افراد زخمی ہوئے' رپورٹ

لاہور (آئی این پی) مون سون کے پانچویں سپیل سے موسم خوشگوار ہوگیا، نشیبی علاقوں میں پانی کھڑا ہونے کے ساتھ لیسکو کا ترسیلی نظام بھی متاثر ہوا، فیڈرز ٹرپ کرنے سے کئی علاقوں میں گھنٹوں بجلی بند رہی۔ تفصیلات کے مطابق صوبائی دارالحکومت لاہور سمیت کئی علاقوں میں ہفتہ اور اتوار کی درمیانی شب بارش کا سلسلہ شروع ہوا جو وقفے وقفے سے جاری رہا۔ بارش (بقیہ نمبر 26)

مکہ دفاعی معاہدہ پاکستان کی سفارتی و دفاعی اہمیت کا اعتراف ہے' ملک محمد احمد خان

پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کا دفاعی تعاون خطے میں امن و استحکام کیلئے اہم پیشرفت ہے' قائمقام گورنر پنجاب

اللہ تعالیٰ پاکستان کو ہمیشہ امن، سلامتی، استحکام اور ترقی عطا فرمائے

لاہور (آئی این پی) قائمقام گورنر پنجاب ملک محمد احمد خان نے پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان مکہ مکرمہ میں ہونے والے تاریخی دفاعی معاہدے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ معاہدہ پاکستان کی سفارتی و دفاعی اہمیت کا واضح اعتراف ہے۔ تین برادر اسلامی ممالک کے درمیان بڑھتا ہوا دفاعی تعاون باہمی اعتماد، مشترکہ سلامتی اور خطے میں پائیدار امن (بقیہ نمبر 19)

پیٹرول کی عالمی قیمتیں برقرار رہیں تو اگلے 2 روز میں اچھی خبر مل سکتی ہے، وزیر پیٹرولیم

پیٹرول کی عالمی قیمتیں برقرار رہیں تو اگلے 2 روز میں اچھی خبر مل سکتی ہے کوئی جادوگر یا نجومی نہیں مستقبل کی قیمتوں کی پیشگوئی کر سکوں

اوگرا کی ویب سائٹ پر تمام تفصیلات عوام کے سامنے ہونگی' جب تک ریفائنری پالیسی، ضروری سرمایہ کاری نہیں ہوگی

ایک ماہ کے تیل کے ذخیرے کیلئے 500 ملین ڈالر، زیرزمین اسٹوریج کا نظام قائم کرنے پر 400 ملین ڈالر لاگت آئیگی' پریس کانفرنس

لاہور (آئی این پی) وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا ہے کہ پاکستان میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں عالمی منڈی سے منسلک ہیں، عالمی سطح پر قیمتوں میں کمی آتے ہی اس کا فائدہ پاکستانی عوام کو بھی منتقل کیا جائے گا، آئندہ 2 روز میں عالمی منڈی میں پیٹرول کی قیمتیں موجودہ سطح پر برقرار رہیں تو اچھی خبر خود بخود سامنے آ جائے گی، حکومت پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کے تعین کے حوالے سے مکمل شفافیت یقینی بنائے گی اور درآمدی توانائی کی تمام لاگت اوگرا کی ویب سائٹ پر عوام کے سامنے رکھی جائے گی۔ پریس کانفرنس کرتے ہوئے وفاقی وزیر علی پرویز ملک نے قوم کو 79 ویں یوم آزادی کی مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ 14 اگست کو ہمیں اس عزم کا اظہار کرنا ہے کہ سب مل کر پاکستان میں نئی خوشحالی (بقیہ نمبر 29)

رواں ہفتے لاہور ہائیکورٹ کے پانچ ججز کیسز کی سماعت کریں گے

لاہور (آئی این پی) لاہور ہائیکورٹ میں رواں ہفتے چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ سمیت 5 ججز مقدمات کی سماعت کریں گے۔ مقدمات کی سماعت کرنے والے ججز میں چیف (بقیہ نمبر 30)

مختلف شہروں کو جانے والی ٹرینوں کے شیڈول میں تبدیلی

لاہور (آئی این پی) بارشوں کے باعث لاہور اور فیصل آباد سے کراچی، کوئٹہ اور راولپنڈی سمیت دیگر شہروں کو جانے والی ٹرینوں کا شیڈول میں تبدیلی کر دی گئی ریلوے (بقیہ نمبر 31)

وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی مسن کالر کے قریب ٹوٹے ہوئے پل اور متاثرہ ریلوے ٹریک کا معائنہ کر رہے ہیں

لیاقت بلوچ کا پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان مکہ دفاعی معاہدے کا خیرمقدم

پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کا دفاعی معاہدہ عالم اسلام کے اتحاد کے لیے تازہ ہوا کا جھونکا ہے، بیان

لاہور (آئی این پی) نائب امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ نے پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان مکہ دفاعی معاہدے کا خیر مقدم کیا ہے۔ اپنے بیان میں لیاقت بلوچ نے کہا کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کا دفاعی معاہدہ عالم اسلام کے اتحاد کے لیے تازہ ہوا کا جھونکا ہے، پوری امت کی خواہش تھی کہ عالم اسلام، ملت اسلامیہ کے لیے متحد ہو۔ انہوں نے کہا کہ (بقیہ نمبر 25)

ساحلی پالیسی میں مقامی روایتی علم کو شامل کیا جائے، جنید انوار چوہدری

کراچی کی ساحلی بستیوں کو شہری پھیلاؤ، آلودگی اور قدرتی مساکن کی تباہی جیسے مسائل کا سامنا ہے، وفاقی وزیر

حکومت ساحلی علاقوں میں موسمیاتی لچک بڑھانے، روایتی علم کے تحفظ اور پالیسی سازی میں مقامی آبادی کی شمولیت کیلئے اقدامات جاری رکھے گی، بیان

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی وزیر برائے بحری امور محمد جنید انوار چوہدری نے کہا ہے کہ ساحلی آبادیوں کے روایتی ماحولیاتی علم کو قومی پالیسی میں مناسب اہمیت دینے سے موسمیاتی تبدیلی سے مطابقت، سمندری حیات کے تحفظ اور پائیدار ماہی گیری کو فروغ دیا جاسکتا ہے۔ عالمی یومِ مقامی اقوام کے موقع پر اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ اقوام متحدہ نے 2026ء کیلئے "مقامی دائیوں کا احترام: زندگی اور فلاح کا تحفظ" کو موضوع بنایا ہے، جو نسل در نسل منتقل ہونے والے مقامی علم اور اس کی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے۔ جنید انوار چوہدری نے کہا کہ پاکستان (بقیہ نمبر 24)

مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ خطے میں پائیدار امن کی بنیاد ہے، طارق فضل چوہدری

پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ پہلے ہی برادرانہ اور قریبی تعلقات کے حامل ہیں، وفاقی وزیر

یہ معاہدہ پوری دنیا کے لیے ایک واضح پیغام اور مسلم امہ کے لیے ایک تاریخی لمحہ ہے۔

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان مکہ المکرمہ میں طے پانے والے مشترکہ تاریخی دفاعی معاہدے پر پوری قوم کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے اسے خطے میں پائیدار امن کی بنیاد قرار دیا ہے۔ اتوار کو پاکستان، ترکیہ اور سعودی عرب مکہ باہمی معاہدہ کے حوالے سے (بقیہ نمبر 23)

افغان حکومت اپنی سرزمین پاکستان میں دہشتگردی کیلئے استعمال ہونے نہ دے، حافظ نعیم

مکہ میں دفاعی معاہدے کا خیرمقدم کرتے ہیں، مکہ دفاعی معاہدے کے ذریعے ایک طاقتور نیٹ ورک بنانا چاہیے

خیبر پختونخوا میں امن وامان قائم کرنا حکومتوں کی ذمے داری ہے' افغانستان کے ساتھ افہام وتفہیم کے ساتھ معاملات طے کریں

16 اگست کو چاروں صوبوں میں بیک وقت دھرنا دیا جائے گا، پنجاب میں وزیراعلیٰ ہاؤس، سندھ اور خیبر پختونخوا میں گورنر ہاؤس کے سامنے دھرنا ہوگا۔

پشاور (آئی این پی) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ مکہ میں دفاعی معاہدے کا خیرمقدم کرتے ہیں، یہ عالمِ اسلام کے ممالک کے لیے اہم پیش رفت ہے، مکہ دفاعی معاہدے کے ذریعے ایک طاقتور نیٹ ورک بنانا چاہیے، خیبر پختونخوا میں امن و امان قائم کرنا حکومتوں کی ذمے داری ہے۔ پریس کانفرنس کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ کوشش کریں کہ ایران سمیت دیگر ممالک بھی معاہدے میں شامل ہوں، مکہ دفاعی معاہدے کے ذریعے ایک طاقتور نیٹ ورک بنانا چاہیے۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں امن و (بقیہ نمبر 20)

پنجاب بھر میں 1274 ٹریفک حادثات میں 08 افراد جاں بحق 1460 زخمی ہوئے

لاہور (آئی این پی) ایمرجنسی سروسز ڈیپارٹمنٹ نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 1274 ٹریفک (بقیہ نمبر 21)

پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کا مشترکہ دفاعی معاہدہ مسلم امہ کیلئے غیر معمولی خوشی اور فخر کا باعث ہے، وجیہہ قمر

اسلام آباد (آئی این پی) وزیر مملکت برائے وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت وجیہہ قمر نے کہا ہے کہ پاکستان، سعودی عرب اور (بقیہ نمبر 22)

پشاور: امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن مرکز اسلامی پشاور میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

سٹی نیوز

کینیا میں چین کی معاونت سے منعقد ہونے والے ''سنگ فار افریقہ'' میوزیکل ٹیلنٹ شو کے دوسرے سیزن کا آغاز

نیروبی (شنہوا) چین کی معاونت سے منعقد ہونے والے میوزیکل ٹیلنٹ شو ''سنگ فار افریقہ'' کے دوسرے سیزن کا کینیا کے دارالحکومت نیروبی میں ایک تقریب کے دوران آغاز کیا گیا، جس میں اعلیٰ حکام، سفارت کاروں، صنعت سے وابستہ شخصیات، ماہرین تعلیم اور ابھرتے ہوئے فنکاروں نے شرکت کی۔چین-افریقہ عوامی تبادلوں کے سال 2026 کے ایک اہم پروگرام کے طور پر ''سنگ فار افریقہ'' کا مقصد مقامی موسیقی کے ٹیلنٹ کو پروان چڑھانے کے ساتھ ساتھ بین الثقافتی مکالمے کو فروغ دینے کے لئے ایک پلیٹ فارم فراہم کرنا ہے۔میوزیکل ٹیلنٹ شو کے دوسرے سیزن میں صرف خواتین فنکار حصہ لیں گی۔اس سے قبل نومبر 2025 سے رواں سال فروری تک جاری رہنے والے پہلے سیزن میں صرف مرد امیدواروں نے شرکت کی تھی۔منتظمین کے مطابق ''سنگ فار افریقہ'' کے دوسرے سیزن کا آغاز اعلیٰ تعلیمی اداروں اور شہری سڑکوں پر آڈیشنز سے ہوگا، جہاں سے 21 امیدواروں کا انتخاب کیا جائے گا۔ یہ امیدوار تفریحی صنعت کی ممتاز شخصیات سے رہنمائی حاصل کرنے کے لئے ایک اکیڈمی میں شامل ہوں گے۔وزارت صنفی امور، ثقافت اور بچوں کی خدمات کے ریاستی محکمہ برائے صنفی امور اور مساوی مواقع کے لئے خصوصی اقدامات کی پرنسپل سیکرٹری این وانگ اومبے نے کہا کہ یہ ٹیلنٹ شو چین اور افریقہ کے درمیان ثقافتی مکالمے، باہمی دوستی، اعتماد اور احترام کو مزید گہرا کرے گا۔وانگ اومبے نے کہا کہ ''آج ہم جس موسیقی کا آغاز کر رہے ہیں، وہ افریقہ اور چین کے عوام کے درمیان ہم آہنگی، اتحاد اور مشترکہ خوشحالی کی علامت بنے۔'' انہوں نے مزید کہا کہ تخلیقی صلاحیتوں کے حامل ٹیلنٹ کو پروان چڑھانا افریقہ میں سماجی و اقتصادی تبدیلی کے عمل کو تیز کرنے کے لئے کلیدی اہمیت رکھتا ہے۔کینیا میں چینی سفارتخانے کے منسٹر کونسلر ژانگ ژی ژونگ نے کہا کہ موسیقی ایک عالمگیر زبان ہے

روس کے شہر ولادی ووستوک میں مشہور سیاحتی مقام کیپ توبیزینا کا منظر دیکھا جا سکتا ہے۔(شنہوا)

آسیان کی 59ویں سالگرہ، نوجوانوں کے لئے وسیع مواقع فراہم کرنے کی سفارش

جکارتہ (شنہوا) جنوب مشرقی ایشیائی ممالک کی تنظیم (آسیان) نے اپنی 59ویں سالگرہ مناتی اور اس بات پر زور دیا کہ بڑھتے ہوئے جغرافیائی سیاسی، اقتصادی اور سماجی چیلنجز کے درمیان اس علاقائی تنظیم کو اپنے عوام، بالخصوص نوجوانوں کے لئے متعلقہ اور موثر رکھنا ضروری ہے۔آسیان کے سیکرٹری جنرل کاؤ کم ہورن نے کہا کہ خطے کا مستقبل جزوی طور پر اس بات پر منحصر ہوگا کہ نوجوان نسل آسیان کو کس حد تک ایک ایسی مفید تنظیم سمجھتی ہے جو ان کی روزمرہ زندگی میں مواقع پیدا کرتی ہے۔کاؤ نے ہفتے کو جکارتہ میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اس کا مطلب نوجوانوں کے لئے پورے خطے میں سیکھنے، کام کرنے، جدت طرازی اور باہمی تعاون کے مواقع کو مسلسل وسعت دینا ہے۔انہوں نے کہا کہ اس کا مطلب نوجوانوں کے لئے اپنی تجاویز پیش کرنے، شراکت داریاں قائم کرنے اور ان معاملات کے حل تشکیل دینے کے لئے مزید مواقع پیدا کرنا بھی ہے جو ان کے لئے سب سے زیادہ اہمیت رکھتے ہیں، جن میں تعلیم سے پائیداری، روزگار سے کاروباری سرگرمیوں اور ڈیجیٹل تبدیلی سے کمیونٹی کی ترقی تک کے شعبے شامل ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ آسیان کو اس امر کو یقینی بنانا چاہیے کہ اس کا مستقبل اس نسل کی فعال شرکت اور کردار کے ساتھ تشکیل پائے جو آگے چل کر اس کی ذمہ داریاں سنبھالے گی۔انڈونیشیا کے وزیر خارجہ سوگیونو نے کہا کہ علاقائی تنظیم کو یہ یقینی بنانا چاہیے کہ اس کا تعاون عوام کے لئے ٹھوس فوائد کا باعث بنے، بالخصوص ایسے وقت میں جب تنازعات، تزویراتی مسابقت اور تقسیم عالمی ماحول کو نئی شکل دے رہے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ آسیان کو نوجوانوں کو ایسی تعلیم، مہارتیں اور اعتماد فراہم کرنا چاہیے جو انہیں خطے کو اس کے اگلے دور میں قیادت کرنے کے قابل بنائیں۔

چین کے شمال مشرقی صوبے حئی لونگ جیانگ میں بیدا ہوانگ گروپ کے تحت ایک زرعی کمپنی کے کھیت میں مشین کے ذریعے گندم کی کٹائی کی جا رہی ہے۔(شنہوا)

سیکرٹری لوکل گورنمنٹ زید بن مقصود دورہ شیخوپورہ کے دوران تحصیل مریدکے، فیروزوالا اور کوٹ عبدالمالک میں وزیراعلیٰ پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت ترقیاتی کاموں کا جائزہ لے رہے ہیں

سیکرٹری لوکل زید بن مقصود کا شیخوپورہ کا دورہ

تحصیل مریدکے، فیروزوالا اور کوٹ عبدالمالک میں وزیراعلیٰ پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت ترقیاتی کاموں کا

ضلع شیخوپورہ میں 7ارب کی لاگت سے ترقیاتی کام جاری ہیں، سیکرٹری لوکل گورنمنٹ کو بریفنگ

مریدکے اسٹورم واٹر ڈرین کو 30 اگست جبکہ کوٹ عبدالمالک ڈرین کو 30 ستمبر تک مکمل کیا جائے، سیکرٹری لوکل گورنمنٹ کی ہدایت

لاہور (خبر نگار) سیکرٹری لوکل گورنمنٹ پنجاب زید بن مقصود نے کمشنر لاہور ڈویژن نعمان یوسف اور ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ رانا عدیل کے ہمراہ شیخوپورہ کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت مریدکے، فیروزوالا اور کوٹ عبدالمالک میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت کا موقع پر جائزہ لیا گیا۔سیکرٹری لوکل گورنمنٹ کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ وزیراعلیٰ پنجاب ترقیاتی پروگرام کے تحت ضلع شیخوپورہ میں 17ارب روپے کے منصوبے جاری ہیں۔مریدکے میں مین انڈر گراؤنڈ واٹر سٹوریج ٹینک کا سول ورک مکمل ہو چکا ہے جبکہ پمپنگ مشینری کی خریداری کا مرحلہ باقی ہے۔ 370 رننگ فٹ اسٹورم واٹر ڈرین پر بارش کے باعث عارضی تعطل کے حوالے سے بھی بریفنگ دی گئی۔کوٹ عبدالمالک میں اسٹورم واٹر ڈرین پر 3200 رننگ فٹ کام مکمل کیا جا چکا ہے، جبکہ فیروزوالا میں ایک ڈسپوزل سٹیشن پر کام شروع کر دیا گیا ہے۔بارش کے باعث متاثرہ کام کی صورتحال اور منصوبوں کی مقررہ مدت میں تکمیل کے لیے آئندہ کے لائحہ عمل پر بھی غور کیا گیا۔زید بن مقصود نے مریدکے کے اسٹورم واٹر ڈرین کو 30 اگست جبکہ کوٹ عبدالمالک ڈرین کو 30 ستمبر تک مکمل کرنے کی ہدایت کی۔انہوں نے بارش کے باعث متاثرہ کام جلد بحال کرنے اور منصوبوں کی رفتار برقرار رکھنے پر زور دیا۔سیکرٹری لوکل گورنمنٹ نے کہا کہ پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام کے منصوبے مکمل ہونے سے بارش کے پانی کے دیرپا انتظام اور شہری نکاسی آب کے نظام میں بہتری آئے گی۔انہوں نے ہدایت کی کہ وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت کے مطابق منصوبوں میں معیار اور رفتار دونوں یقینی بنائی جائیں۔زید بن مقصود نے ترقیاتی سائٹس پر سیفٹی پروٹوکولز پر سختی سے عملدرآمد کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ منصوبوں کی تکمیل کے ساتھ شہریوں اور ورکرز کی حفاظت کو بھی ہر صورت یقینی بنایا جائے۔

انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ہیلتھ (IPH) لاہور کا ایک اور اعزاز

لاہور (خبر نگار) آئی پی ایچ نے جانز ہاپکنز یونیورسٹی، امریکہ سے وابستہ ادارے Jhpiego کے ساتھ صحتِ عامہ کے نظام کو مضبوط بنانے اور شواہد پر مبنی اقدامات، جدتِ طرازی اور استعدادِ کار میں اضافے کے ذریعے معاشرے کے افراد کی صحت اور فلاح و بہبود کو بہتر بنانے کے لیے ایک اہم اسٹریٹجک شراکت داری قائم کر لی ہے-یہ شراکت داری حفاظتی و احتیاطی صحت کی دیکھ بھال کو فروغ دینے اور ترجیحی نوعیت کے صحتِ عامہ کے چیلنجز سے نمٹنے کے لئے مشترکہ عزم کی عکاسی کرتی ہے-اس معاہدے کے تحت متعدی بیماریوں کی روک تھام، نگرانی اور مؤثر کنٹرول، ماؤں، نومولود بچوں، بچوں اور نوعمر افراد کی صحت کے پروگرامز، خواتین، ماؤں، نومولود بچوں اور بچوں کے لئے حفاظتی اسکریننگ کے پروگرامز شامل ہیں -اس معاہدے میں بیماریوں کی بروقت تشخیص اور فوری طبی مداخلت کو یقینی بنانا، طبی کارکنان اور صحتِ عامہ کے ماہرین کی استعدادِ کار میں اضافہ اور پیشہ ورانہ ترقی، ڈیجیٹل صحت کے شعبے میں جدت، بیماریوں کی نگرانی اور صحت سے متعلق معلومات کے نظام کو مزید مؤثر بنانے کے پروگرامز شامل ہیں -اس معاہدے کے تحت قیادت کی صلاحیتوں کا فروغ، معیار میں بہتری اور نظامِ صحت کو مضبوط بنانا، مشترکہ تعلیمی پروگرامز، تکنیکی تربیت، ورکشاپس اور سائنسی و تحقیقی تبادلوں کے پروگرامز شامل ہیں-اس شراکت داری کا مقصد متعدی بیماریوں کے بوجھ میں کمی لانے، ماں اور بچے کی صحت کے بہتر نتائج حاصل کرنے اور پاکستان بھر میں معیاری حفاظتی و احتیاطی صحت کی خدمات تک رسائی کو وسعت دینے کی کوششوں کو تیز کرنا ہے-جدتِ طرازی کو فروغ دینے، تحقیق کو عملی اقدامات میں تبدیل کرنے اور صحتِ عامہ کے ایسے اعلیٰ تربیت یافتہ افرادی قوت کی تیاری کے لئے پرعزم ہیں جو موجودہ اور مستقبل کے صحت سے متعلق چیلنجز کا مؤثر انداز میں مقابلہ کرنے کی صلاحیت رکھتی ہو-یہ شراکت داری بین الاقوامی تعاون اور سائنسی برتری کے ذریعے پاکستان میں صحت مند خاندانوں، مضبوط اور لچکدار معاشروں اور ایک مستحکم و مؤثر نظامِ صحت کے قیام کے ہمارے مشترکہ وژن کی جانب ایک اہم سنگِ میل ہے-

چیئرمین وزیراعلیٰ ٹاسک فورس کمیٹی برائے بورڈز مزمل محمود کا لاہور بورڈ کی اعلیٰ قیادت کے ہمراہ گورنمنٹ اسلامیہ کالج سول لائن اور ایم اے او کالج لاہور کا دورہ

لاہور (خبر نگار) چیئرمین وزیراعلیٰ پنجاب ٹاسک فورس کمیٹی برائے بورڈز مزمل محمود نے تعلیمی اصلاحات اور امتحانی شفافیت کے عزم کے تحت گورنمنٹ اسلامیہ کالج سول لائن اور گورنمنٹ ایم اے او (M.A.O) کالج لاہور کا تفصیلی دورہ کیا۔اس موقع پر چیئرمین لاہور تعلیمی بورڈ انجینئر ڈاکٹر بدرالاسلام، سیکرٹری لاہور بورڈ رضوان نذیر اور کنٹرولر امتحانات توصیف الرحمن بھی ان کے ہمراہ تھے۔دورے کے دوران چیئرمین ٹاسک فورس مزمل محمود اور بورڈ حکام نے کالجز میں قائم مارکنگ سنٹرز اور سائنس و کمپیوٹر لیبز کا مکمل معائنہ کیا۔مزمل محمود اور بورڈ قیادت نے امتحانی پرچوں کی پڑتال (مارکنگ) کے عمل کا باریک بینی سے جائزہ لیا اور شفافیت و میرٹ کو ہر صورت یقینی بنانے کی ہدایت کی۔انہوں نے مارکنگ سنٹرز میں اساتذہ اور عملے کو فراہم کردہ سہولیات اور سیکیورٹی تدابیر کی جانچ کی اور امتحانی مواد کی حفاظت کے لیے اٹھائے گئے اقدامات پر اطمینان کا اظہار کیا۔بعد ازاں انہوں نے دونوں تعلیمی اداروں کی سائنس اور کمپیوٹر لیبز کا معائنہ بھی کیا اور طلبہ کے لیے عملی مشقوں کی سہولیات کو سراہا۔گفتگو کرتے ہوئے مزمل محمود نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر تعلیمی نظام میں شفافیت اور امتحانی نظام کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا ہماری اولین ترجیح ہے۔اس موقع پر چیئرمین بورڈ انجینئر ڈاکٹر بدرالاسلام اور دیگر افسران نے مارکنگ کے طریقہ کار اور لیبز کے امور پر تفصیلی بریفنگ دی، جس پر مزمل محمود نے تمام انتظامات کو سراہا۔

نمازوں کے اوقات

صبح صادق	3:15
فجر	4:20
ظہر	1:30
عصر	5:00
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	9:00

فقہ جعفریہ
فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

اے سی پسرور ثنا شرافت کا سیالکوٹ روڈ پر زیرِ تعمیر ڈرینز کا معائنہ

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) محلہ صادق آباد میں جمع شدہ پانی کے نکاس کیلئے عملی اقدامات کئے اسسٹنٹ کمشنر پسرور نے پسرور※ سیالکوٹ روڈ پر زیرِ تعمیر ہائی وے ڈرینز کا معائنہ کیا۔متعلقہ حکام کو کام کی رفتار تیز کرنے اور عوام کی حفاظت کے لیے مؤثر سیفٹی اقدامات یقینی بنانے کی ہدایات جاری کیں۔ دریں اثناء ثناء شرافت نے جمع شدہ بارشی پانی کی وجہ سے مسائل کے شکار محلہ صادق آباد میں نکاسئ آب کے انتظامات کا جائزہ لیا۔ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر پسرور ثناء شرافت نے محلہ صادق آباد اور میونسپل کمیٹی سے ملحقہ اضافی آبادیوں کا دورہ کیا اور جمع پانی کا جائزہ لیا۔فوری نکاسئ آب کے لیے دو پیٹر انجن نصب کر دیے گئے۔

نومنتخب PAMI پنجاب ایگزیکٹو باڈی کی تقریب حلف برداری

لاہور (ظہیر مغل سے) پاکستان ایسوسی ایشن آف پرائیویٹ میڈیکل اینڈ ڈینٹل انسٹی ٹیوشنز (PAMI) پنجاب نے فخر کے ساتھ اپنی نو منتخب ایگزیکٹو باڈی کی تقریب حلف برداری کی میزبانی کی، جس میں PAMI سنٹرل اور PAMI پنجاب کی سینئر قیادت اور انتظامیہ نے شرکت کی۔اس تقریب کی میزبانی سینٹرل پارک میڈیکل کالج (CPMC) اور سینٹرل پارک ٹیچنگ ہسپتال (CPTH) نے کی، میاں طاہر جاوید، چیئرمین، اربن ڈویلپرز گروپ اور ہیلتھ اینڈ ایجوکیشن فاؤنڈیشن، اور مسٹر عثمان انور، مینجنگ ڈائریکٹر، اربن ڈویلپرز گروپ کی زیر نگرانی۔تقریب کی نظامت پروفیسر ڈاکٹر خالد مسعود گوندل نے بطور مہمان خصوصی کی اور مہمان شرکت کی۔ عبدالرحمن، صدر PAMI سنٹرل، جنہوں نے PAMI پنجاب کی نومنتخب قیادت سے حلف لیا۔※※ مسز صباحت خان - صدر، PAMI پنجاب ※※ جناب عثمان انور جنرل سیکرٹری، PAMI پنجاب ※※ پروفیسر عبدالرشید خصوصی پروفیسر ڈاکٹر چوہدری محمد اقبال نے - مشیر، پامی پنجاب ※※ پروفیسر ڈاکٹر مہوش عروج - جوائنٹ سکریٹری - طبی تعلیم اور بین الاقوامی تعلقات ※※ ڈاکٹر حسن چیمہ خزانچی، پامی پنجاب ※※ جناب عمران رسول جوائنٹ سیکرٹری جنوبی پنجاب ※※ جناب محمد حیدر - جوائنٹ سیکرٹری - شمالی پنجاب سبکدوش ہونے والی PAMI پنجاب ایگزیکٹو باڈی کے تعاون کو بھی سراہا اور سراہا گیا۔ نومنتخب اراکین نے باضابطہ طور پر حلف اٹھایا، جب کہ سرکاری دستاویز پر پروفیسر ڈاکٹر چوہدری نے دستخط کیے۔ عبدالرحمٰن، ایک نئے قائدانہ باب کے آغاز کی نشان دہی کرتے ہوئے جو کہ تعلیمی فضیلت، ادارہ جاتی تعاون، اور پنجاب بھر میں طبی اور دانتوں کی تعلیم کی ترقی کے لیے وقف ہے۔

بعدالت جناب چیئرمین ثالثی ومصالحتی کونسل میونسپل کمیٹی نارنگ منڈی تحصیل مریدکے ضلع شیخوپورہ

زیر دفعہ 9,8,7 مسلم عائلی قوانین مجریہ 1961
عنوان: طلبی نوٹس بسلسلہ طلاق ڈگری مقدمہ نمبر 05/2026 فریق اول کیفا محمد اقبال دختر محمد اقبال ساکن محلہ مظفر آباد نارنگ منڈی تحصیل مریدکے ضلع شیخوپورہ فریق دوئم محمد وجاہت نواز ولد محمد نواز ساکن محلہ فیروز آباد نارنگ منڈی تحصیل مریدکے ضلع شیخوپورہ بنام فریق دوئم محمد وجاہت نواز

ہر گاہ آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ کا مقدمہ عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جس میں حسب ضابطہ فریقین کو نوٹس جاری کئے گئے لیکن آپ حاضر عدالت نہ ہوئے آپ کے گھر کے پتہ پر کئی نوٹسز بذریعہ ڈاک ارسال کئے گئے ہیں لیکن کسی طرح بھی آپ کی حاضری ممکن نہ ہو سکی اب آپ کو آخری بار بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ مورخہ 17/8/2026 کو صبح 10 بجے میونسپل کمیٹی نارنگ منڈی میں اصالتاً یا وکالتاً حاضر ہو کر اپنا موقف پیش کریں بصورت دیگر آپ کے خلاف حسب ضابطہ یکطرفہ کارروائی عمل میں لاتے ہوئے فیصلہ صادر کر دیا جائے گا اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور طلاق سرٹیفکیٹ جاری کر دیا جائے گا

بعدالت جناب قیصر عباس جسپال صاحب نائب تحصیلدار/ ریونیو آفیسر حلقہ تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع دھوری
متوفیہ خدیجہ بی بی بیوہ محمد علی
وارثان محمد خات والدرا جاں والدہ، محمد علی خاوند، شمشیر علی پسر متوفی پہلے فوت شدہ
نسر حیات پسر بعد میں فوت شدہ
زندہ عزیز بی بی، کنیز بی بی، حفیظاں بی بی دختران، کوثر پروین بہو، محمد قمر عباس پوتا، جویریہ شمشیر نازیہ شمشیر، ماریہ شمشیر، رونیزہ شمشیر، نمرہ شمشیر پوتگا متوفیہ ہیں۔ان کے علاوہ اگر کوئی حق وراثت رکھتا ہے۔تو سات یوم کے اندر زیر دستخطی کے روبرو پیش ہو کر وضاحت کرے۔ بصورت دیگر انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائے گا۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ دستخط مجاز و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

پنجاب پولیس نے پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے مابین دفاعی معاہدے کی خوشی میں صوبہ بھر میں تین روزہ تقریبات کا آغاز کر دیا گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) پنجاب پولیس نے پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے مابین دفاعی معاہدے کی خوشی میں صوبہ بھر میں تین روزہ تقریبات کا آغاز کر دیا گیا ہے جس کے تسلسل میں سنٹرل پولیس آفس سمیت صوبہ بھر کے پولیس دفاتر کو خوبصورت برقی روشنیوں، قومی پرچموں اور خصوصی چراغاں سے سجا دیا گیا ہے۔ پنجاب پولیس کے دفاتر پر چراغاں کے ساتھ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے قومی پرچم بھی لہرائے جا رہے ہیں آئی جی پنجاب عبدالکریم نے کہا کہ پنجاب پولیس اس سہہ ملکی تاریخ ساز دفاعی معاہدے کی خوشیوں میں دیگر اداروں کے ساتھ برابر کی شریک ہے۔ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان دفاعی معاہدہ سلامتی، استحکام اور امن کے فروغ کی علامت ثابت ہوگا۔ تینوں برادر ممالک کے مابین مضبوط دفاعی تعاون سے باہمی تعلقات مزید مستحکم ہوں گے۔ عبدالکریم نے مزید کہا کہ پنجاب پولیس ملکی اندرونی سرحدوں کی حفاظت اور امن و امان کے قیام کے لیے افواج پاکستان کے شانہ بشانہ ہے۔

سعودی عرب کے معروف بزنس مین، مدینہ منورہ کی پاک دھرتی سے چوہدری محمد اسلم سے علی حسین شیرازی کی خصوصی ملاقات

سعودی عرب (خصوصی رپورٹ علی حسین شیرازی سے) آیئے بات کرتے ہیں سعودی عرب کے معروف بزنس مین، مدینہ منورہ کی پاک دھرتی سے چوہدری محمد اسلم صاحب کی۔ چوہدری محمد اسلم کا کہنا تھا کہ سعودی عرب، ترکی اور پاکستان کا اتحاد خوش آئند ہے۔ اللہ تعالیٰ تینوں برادر اسلامی ممالک کو اپنی حفظ و امان میں رکھے اور ان کے درمیان محبت، بھائی چارے اور مضبوط تعلقات کو مزید فروغ دے۔ پاکستان کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ ملک میں مہنگائی کو کم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہونی چاہیے تاکہ عوام کو ریلیف مل سکے۔ 14 اگست کے حوالے سے چوہدری محمد اسلم نے پاکستان اور سعودی عرب میں مقیم تمام پاکستانیوں کو یوم آزادی کی دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ ہمارے پیارے وطن پاکستان کو ہمیشہ امن، ترقی اور خوشحالی عطا فرمائے۔

پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے مابین تاریخی دفاعی معاہدے کی خوشی میں ٹریفک پولیس پنجاب نے بھی بھرپور یکجہتی کا اظہار

لاہور (کرائم رپورٹر) پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے مابین تاریخی دفاعی معاہدے کی خوشی میں ٹریفک پولیس پنجاب نے بھی بھرپور یکجہتی کا اظہار کیا ہے۔ اس موقع پر ٹریفک پولیس پنجاب کے دفاتر کو تینوں برادر ممالک کے قومی پرچموں اور برقی روشنیوں سے سجا دیا گیا۔ ڈی آئی جی ٹریفک پنجاب محمد وقاص نذیر نے کہا ہے کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان تاریخی دفاعی معاہدہ خوش آئند اور خطے کے امن و استحکام کے لیے اہم پیش رفت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹریفک پولیس پنجاب اس مسرت کے موقع پر قوم، افواج پاکستان اور برادر ممالک کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتی ہے۔ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے مابین دفاعی تعاون باہمی اعتماد، اتحاد اور امن کی مضبوط علامت ہے۔ محمد وقاص نذیر کا کہنا تھا کہ ٹریفک پولیس پنجاب ملکی سلامتی، امن و امان اور عوام کی خدمت کے لیے افواج پاکستان اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے شانہ بشانہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے باہمی تعلقات برادرانہ اور تاریخی نوعیت کے ہیں

صوبائی دارالحکومت میں چوری و ڈکیتی کی درجنوں وارداتیں

لاہور (کرائم رپورٹر) شہر میں چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں کے دوران شہریوں سے لاکھوں روپے طلائی زیورات موبائل فون موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں سمیت دیگر سامان لوٹ لیا گیا تفصیلات کے مطابق شفیق آباد میں کاشف سے 5 لاکھ روپے اور موبائل فون※ کاہنہ میں رفعت سے 3 لاکھ 86 ہزار روپے اور موبائل فون※ گجرپورہ میں بمبیل سے 3 لاکھ 60 ہزار روپے اور موبائل فون، ہڈیارہ میں مکرم سے 2 لاکھ روپے اور موبائل فون، لوہاری میں الماس سے 1 لاکھ 70 ہزار روپے موبائل فون اور دیگر سامان چھین لیا گیا۔ گڑھی شاہو اور شیراکوٹ سے گاڑیاں جبکہ اکبری گیٹ چوہنگ اور اقبال ٹاؤن سے موٹر سائیکلیں چوری ہو گئیں۔

لٹن روڈ پولیس نے 4 پتنگ فروش کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا

لاہور (کرائم رپورٹر) لٹن روڈ پولیس نے 4 پتنگ فروش کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا ترجمان کے مطابق لٹن روڈ پولیس نے خفیہ اطلاع پر کارروائی کے دوران جنازگاہ چوک کے قریب سے پتنگ فروش نفیس، بابر، عتیق اور قاسم کو گرفتار کر کے ملزمان کے قبضے سے پتنگیں، تیار چرخیاں اور ڈور بنانے کا سامان برآمد کر کے مقدمہ درج کر لیا پولیس کا کہنا ہے کہ دوران تفتیش ملزمان نے پتنگیں و چرخیاں تیار کر کے لاہور کے مختلف علاقوں میں فروخت کرنے کا اعتراف کیا ہے

کمشنر ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر آصف طفیل سے بشپ ابرہام عظیم ڈینیل کی سربراہی میں مسیحی برادری کے وفد نے ملاقات کی اور اپنی کمیونٹی کو درپیش مسائل بارے آگاہ کیا

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سیرا سے) کمشنر ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر آصف طفیل سے بشپ ابرہام عظیم ڈینیل کی سربراہی میں مسیحی برادری کے وفد نے ملاقات کی اور اپنی کمیونٹی کو درپیش مسائل بارے آگاہ کیا۔ کمشنر ڈاکٹر آصف طفیل نے اقلیتی برادری کے مسائل توجہ سے سنے اور متعلقہ افسران کو مسائل کے فوری حل کے لیے موقع پر ہی ضروری ہدایات جاری کیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پنجاب اقلیتی برادری کے حقوق اور فلاح و بہبود کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے اور تمام شہریوں کو بلاامتیاز بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جا رہی ہے۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ اقلیتی برادری کی جانب سے پیش کیے گئے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے اور اس سلسلے میں کسی قسم کی تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ ان کے جائز مسائل کے حل کے لیے ضلعی و ڈویژنل انتظامیہ ہر ممکن تعاون فراہم کرے گی اور ان کی فلاح و بہبود کے لیے تمام ضروری اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔

پودا بہترین ماحول ہی نہیں بلکہ مستقبل کی بنیاد بھی ہے: ڈپٹی کمشنر ساہیوال

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سیرا سے) ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) سمیع اللہ فاروق نے کہا ہے کہ شجرکاری کا اصل مقصد صرف پودا لگا دینا نہیں بلکہ اسے تناور درخت بننے تک اس کی حفاظت اور مناسب نگہداشت یقینی بنانا ہے اور ایک پودا آنے والی نسلوں کے لیے صاف ہوا، بہتر ماحول کا ضامن ہی نہیں بلکہ خوبصورت مستقبل کی بنیاد بھی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ٹیٹنگی چوک کے مقام پر ''بوٹا لاؤ، ساہیوال سجاؤ'' شجرکاری مہم کے افتتاح کے موقع پر شہریوں میں مفت پودے تقسیم کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق ضلع بھر میں ایک ماہ پر محیط شجرکاری مہم کے دوران 20 لاکھ سے زائد پودے لگائے جائیں گے جس میں سرکاری و نجی تعلیمی اداروں، کالجز کے طلبہ و طالبات، سول سوسائٹی اور شہریوں کو شامل کیا جا رہا ہے۔ مہم کے تحت گلی محلوں اور رہائشی علاقوں میں بھی شجرکاری کی جائے گی جبکہ روایتی دیسی اور مختلف اقسام کے پھل دار پودے شہریوں میں مفت تقسیم کیے جا رہے ہیں۔

صدر لاہور چیمبر کی اوورسیز پاکستانیوں کو ابھرتے ہوئے شعبوں میں سرمایہ کاری کی دعوت

اوورسیز پاکستانی، ٹیکنالوجی، عالمی منڈیوں تک رسائی اور کاروباری تجربے سے پاکستان کی صنعتی ترقی میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں: فہیم الرحمٰن سہگل

لاہور (کامرس رپورٹر) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر فہیم الرحمٰن سہگل نے بیرونِ ملک مقیم پاکستانی تاجروں اور کاروباری افراد پر زور دیا ہے کہ وہ پاکستان کی معاشی ترقی میں زیادہ فعال کردار ادا کرتے ہوئے ابھرتے ہوئے شعبوں میں سرمایہ کاری کریں اور ملک کی برآمدات اور مینوفیکچرنگ کے شعبے کو وسعت دینے میں اپنا کردار ادا کریں۔انہوں نے ان خیالات کا اظہار جرمنی کے شہر ہیگن میں آئی ایس پی اے کے پلانٹ کا دورہ کرنے والے 25 رکنی لاہور چیمبر کے تجارتی وفد کی قیادت کرتے ہوئے کیا۔وفد کا استقبال مظہر اقبال دیونا اور کمپنی کی انتظامیہ نے کیا۔قائم مقام قونصل جنرل فہد الرحمن، پاکستان قونصلیٹ جنرل فرینکفرٹ میں ٹریڈ اینڈ انویسٹمنٹ کونسلر آمنہ نعیم، ایگزیکٹو کمیٹی کے اراکین آصف خان اور شعبان اختر بھی وفد کے ہمراہ تھے۔لاہور چیمبر کے صدر نے پاکستان میں موجود سرمایہ کاری کے بڑھتے ہوئے مواقع کو اجاگر کیا اور کاروبار میں آسانی، سرمایہ کاروں کو سہولیات کی فراہمی اور مقامی و غیر ملکی سرمایہ کاری کے لیے سازگار ماحول پیدا کرنے کے لیے حکومت کی جانب سے کیے گئے اصلاحاتی اقدامات سے شرکاء کو آگاہ کیا۔فہیم الرحمن سہگل نے کہا کہ اوورسیز پاکستانی کاروباری افراد کے پاس قیمتی سرمایہ، جدید ٹیکنالوجی، عالمی منڈیوں تک رسائی اور بین الاقوامی کاروباری تجربہ موجود ہے، جو پاکستان کی صنعتی اور معاشی ترقی میں نمایاں کردار ادا کر سکتا ہے۔انہوں نے بیرونِ ملک مقیم ممتاز پاکستانی کاروباری افراد سے اپیل کی کہ وہ پاکستان کو سرمایہ کاری کی ایک پرکشش منزل سمجھتے ہوئے ملک میں نئے کاروبار قائم کریں یا اپنے موجودہ کاروباری آپریشنز کو وسعت دیں۔انہوں نے بالخصوص الیکٹرک وہیکلز، انفارمیشن ٹیکنالوجی، قابلِ تجدید توانائی، ٹیکسٹائل اور ویلیو ایڈیشن، فارماسیوٹیکلز، زراعت و فوڈ پروسیسنگ اور کان کنی و معدنیات کے شعبوں کو سرمایہ کاری کے لیے اہم مواقع قرار دیا۔ ان شعبوں میں سرمایہ کاری سے ٹیکنالوجی کی منتقلی، روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے اور برآمدات میں اضافے کی وسیع گنجائش موجود ہے۔لاہور چیمبر کے صدر نے کہا کہ ان شعبوں میں سرمایہ کاری کے بڑھتے ہوئے بہاؤ سے نہ صرف ملک میں نئی صنعتی استعداد پیدا ہوگی بلکہ پاکستان کو ویلیو ایڈڈ برآمدات کی جانب منتقل ہونے، پیداواری صلاحیت بہتر بنانے اور مقامی کاروباری اداروں کو عالمی سپلائی چینز سے منسلک کرنے میں بھی مدد ملے گی۔دورے کے دوران پاکستان اور جرمنی کے درمیان دوطرفہ تجارت و سرمایہ کاری کے مواقع، صنعتی تعاون کے امکانات اور دونوں ممالک کی کاروباری برادریوں کے درمیان روابط کو مزید فروغ دینے کے لیے اقدامات پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔مظہر اقبال دیونا نے یورپی بزنس چیمبر کے پلیٹ فارم سے پاکستان میں غیر ملکی براہِ راست سرمایہ کاری کے فروغ، برآمدات میں اضافے اور ملک کی مینوفیکچرنگ صلاحیت کو بہتر بنانے کے لیے بھرپور تعاون کی یقین دہانی کرائی۔انہوں نے پاکستان اور یورپ کی کاروباری برادریوں کے درمیان تعاون کو مزید مضبوط بنانے میں دلچسپی کا اظہار کیا۔

حکومت پنجاب کا فیملی تھیٹر کی بحالی کے لئے تاریخی اور دوررس اقدام

کھیل Friends of's 70s 8 اگست سے الحمراء میں پیش کیا جائے گا

لاہور (خبر نگار) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق عوام کو معیاری، صحت مند تفریح کی فراہمی کے سلسلے میں 1970 کے دور کی یادوں کی خوشبو، رشتوں کی مٹھاس، تھیٹر کی اعلیٰ روایت، تہذیب و تمدن کی عظمت سے بھرپور کامیڈی کھیل Friends of's 70s عوام کے لئے پیش کیا جا رہا ہے۔ یہ ڈرامہ صوبائی وزیر اطلاعات و ثقافت محترمہ عظمیٰ بخاری کی خصوصی توجہ کی بدولت تیار کیا گیا ہے۔ جسے معروف ڈرامہ نگار سعید انجم نے تحریر کیا جبکہ اس ڈرامے کی ہدایت کاری پاکستان کے ممتاز فنکار وسیم عباس نے کی ہے۔ڈرامہ میں 1970 کی دہائی کے سماجی و ثقافتی ماحول، خاندانی رشتوں، روایتی اقدار اور اس عہد کی موسیقی کو فنکارانہ انداز میں پیش کی جا رہی ہے تاکہ مختلف نسلوں کے درمیان ثقافتی ربط کو مزید مضبوط بنایا جا سکے۔ پروڈکشن میں سینئر فنکار ہنی البیلا، قیصر پیا اور اشرف خان کے ساتھ نئی نسل کے باصلاحیت فنکار مہر چوہدری، ایمان نور، عثمان راج، شیزہ بٹ اور احمد مغل بھی شریک ہیں، جبکہ اسٹیج سیٹ مہر النساء اور بلال نے ترتیب دیا ہے۔ بلاشبہ لاہور آرٹس کونسل کی یہ پیشکش حکومت پنجاب کے اس عزم کی عکاس ہے کہ فنونِ لطیفہ کو معاشرتی ترقی، ثقافتی شناخت اور مثبت تفریح کے فروغ کا مؤثر ذریعہ بنایا جائے۔ اس مقصد کے تحت تعلیمی اداروں اور جامعات کے طلبہ کو بھی خصوصی طور پر مدعو کیا گیا ہے تاکہ نوجوان نسل معیاری پاکستانی تھیٹر سے قریب تر ہو سکے۔ڈرامے کی افتتاحی تقریب میں فن، ادب، ٹیلی وژن، فلم اور تھیٹر سے وابستہ ممتاز شخصیات کی شرکت متوقع ہے۔ٹکٹ کی قیمت 500 روپے مقرر کی گئی ہے، جبکہ شائقین کے لیے پیشگی بکنگ اور شو کے روز آن دی اسپاٹ ٹکٹ کی سہولت بھی دستیاب ہوگی۔کھیل ''فرینڈز آف سیونٹیز'' 14 اگست تک جاری رہے گا۔

محکمہ زراعت پنجاب کا جعلی کھاد کے مکروہ دھندے میں ملوث افراد کے خلاف کامیاب آپریشن

گجرات میں تقریباً 2 کروڑ روپے مالیت کی جعلی پیکنگ والی ڈی اے پی کھاد کے 244,1 تھیلے ضبط

لاہور (صابر غوری) ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر محکمہ زراعت پنجاب نے جعلی کھادوں کے مکروہ دھندے میں ملوث عناصر کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے گجرات میں تقریباً 2 کروڑ روپے مالیت کی جعلی پیکنگ والی ڈی اے پی کھاد کے 244,1 تھیلے ضبط کر لیے۔محکمہ زراعت کے متعلقہ افسران نے کارروائی کے دوران جعلی کھاد کی پیکنگ میں ملوث عناصر کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لاتے ہوئے فرٹیلائزر کنٹرول ایکٹ 2025 کے تحت ملزمان کے خلاف ایف آئی آر درج کروادی، جبکہ ایک ملزم کو موقع پر گرفتار کر لیا گیا۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق جعلی کھاد اور زرعی زہروں کی تیاری، ذخیرہ اندوزی اور فروخت میں ملوث عناصر کے خلاف محکمہ زراعت زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا ہے۔ کاشتکاروں کو معیاری زرعی مداخل کی فراہمی یقینی بنانے اور انہیں جعلی کھاد و زرعی زہروں کے نقصانات سے محفوظ رکھنے کے لیے ایسے عناصر کے خلاف بلاامتیاز قانونی کارروائیاں جاری ہیں۔ ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے واضح کیا ہے کہ غیر معیاری کھادوں اور جعلی زرعی زہر تیار کرنے، ذخیرہ کرنے یا فروخت کرنے والوں کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ مزید تیز کیا جائے گا اور قانون کی خلاف ورزی کرنے والے کسی بھی شخص سے رعایت نہیں برتی جائے گی۔

مکہ معاہدہ، ہارٹی کلچر ایجنسی لاہور کا منفرد انداز میں خراجِ تحسین

لاہور (صابر غوری) مکہ معاہدہ کی اہمیت کو اجاگر کرنے اور پاکستان، ترکیہ اور سعودی عرب کے برادرانہ تعلقات کو خراجِ تحسین پیش کرنے کے لیے ہارٹی کلچر ایجنسی لاہور نے مین بلیوارڈ گلبرگ کو خوبصورت روشنیوں سے سجا دیا۔ مین بلیوارڈ گلبرگ پر نصب ایس ایم ڈیز پر مکہ معاہدہ سے متعلق خصوصی مواد شہریوں کی توجہ کا مرکز بنا ہوا ہے، جبکہ سبز اور سرخ روشنیوں سے پاکستان، ترکیہ اور سعودی عرب کی دوستی کے خوبصورت رنگ نمایاں کیے گئے ہیں۔ مکہ معاہدہ خطے میں امن و استحکام اور دفاعی شراکت داری کے فروغ کی جانب اہم پیش رفت ہے۔ یہ معاہدہ حکومت پاکستان کی سفارتی کامیابیوں کا مظہر ہے۔ اس موقع پر وزیر اعظم محمد شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو خراجِ تحسین پیش کیا گیا۔

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED
روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
"روزنامہ قوت لاہور" (3) 10 اگست 2026ء

پاکستان بین المذاہب ہم آہنگی کا گہوارہ بنایا جائے گا: قومی امن کمیٹی

آئین پاکستان کی بالادستی، نظریہ پاکستان کا تحفظ، ریاستی اداروں سے مکمل تعاون اور معاشرے میں بھائی چارے کے فروغ کے لیے قومی امن کمیٹی اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائے گی

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان کو امن، رواداری، بین المذاہب ہم آہنگی اور قومی یکجہتی کا گہوارہ بنانے کے لیے ہر سطح پر مؤثر کردار ادا کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ آئین پاکستان کی بالادستی، نظریہ پاکستان کا تحفظ، ریاستی اداروں سے مکمل تعاون اور معاشرے میں بھائی چارے کے فروغ کے لیے قومی امن کمیٹی اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائے گی۔ ان خیالات کا اظہار قومی امن کمیٹی پاکستان (بین المذاہب) کے زیر اہتمام ڈسٹرکٹ پریس کلب حافظ آباد میں منعقدہ حلف وفاداری کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مرکزی سیکرٹری جنرل محمد اشرف جعفری، مرکزی کوآرڈینیٹر سید شاہد عباس، ضلعی چیئرمین پروفیسر ڈاکٹر پیر محمد اکرم چشتی، چیف کوآرڈینیٹر سید سجاد حیدر شاہ نقوی، ضلعی صدر علامہ عطاء اللہ محمدی، ڈویژنل چیئرمین اکرام علی قادری، علامہ قاسم گوائیہ اور سید ذیشان حیدر جوادی سمیت دیگر مقررین نے کیا۔ مرکزی سیکرٹری جنرل محمد اشرف جعفری نے کہا کہ پاکستان ہماری شناخت، قوت اور مستقبل ہے۔ ہم ملک کو امن کا گہوارہ بنانے، ریاستی اداروں کے شانہ بشانہ کھڑے ہونے اور وطن عزیز کی سلامتی، استحکام اور ترقی کے لیے ہر قربانی دینے کے لیے تیار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قومی امن کمیٹی کا مقصد معاشرے میں امن، محبت، برداشت اور قومی اتحاد کو فروغ دینا ہے۔ مرکزی کوآرڈینیٹر سید شاہد عباس نے کہا کہ تنظیم کے تمام اراکین آئین پاکستان کے تحفظ، نظریہ پاکستان کے فروغ اور قومی وحدت کے استحکام کے لیے عملی کردار ادا کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ اختلافات کے بجائے اتحاد، برداشت اور قومی مفاد کو مقدم رکھنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ضلعی چیئرمین پروفیسر ڈاکٹر پیر محمد اکرم چشتی نے کہا کہ ضلعی تنظیم کے قیام کا مقصد حافظ آباد میں امن و امان، مذہبی رواداری، بین المذاہب ہم آہنگی اور بھائی چارے کی فضا کو مضبوط بنانا ہے۔ عوام اور ریاستی اداروں کے درمیان اعتماد کو فروغ دینے، شہریوں کے جائز مسائل کے حل کے لیے مصالحتی کردار ادا کرنے اور سماجی ہم آہنگی کے فروغ کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں گے۔ چیف کوآرڈینیٹر سید سجاد حیدر شاہ نقوی نے کہا کہ قومی امن کمیٹی تعلیمی، اصلاحی اور فلاحی سرگرمیوں کے ذریعے نوجوان نسل میں حب الوطنی، برداشت، آئینی شعور اور سماجی ذمہ داری کے احساس کو اجاگر کرے گی۔ ضلعی صدر علامہ عطاء اللہ محمدی نے کہا کہ تنظیم کی اولین ترجیح امن، سلامتی، مذہبی رواداری اور بین المذاہب ہم آہنگی کا فروغ ہے، جبکہ علامہ قاسم گوائیہ نے کہا کہ معاشرے میں علمی، فکری اور عملی اصلاح کے لیے ہر ممکن کردار ادا کیا جائے گا۔ نائب صدر سید ذیشان حیدر جوادی نے کہا کہ تنظیم فروعی اختلافات کو ہوا دینے کے بجائے قومی اتحاد، باہمی احترام اور معاشرے کو درپیش بنیادی مسائل کے حل کے لیے مثبت کردار ادا کرے گی۔ ڈویژنل چیئرمین اکرام علی قادری نے کہا کہ قومی امن کمیٹی کا مشن شہریوں میں تعلیم، شعور، حب الوطنی، آئین اور قانون کی پاسداری کا جذبہ پیدا کرنا اور نوجوان نسل کو ذمہ دار اور باکردار شہری بنانا ہے۔ اس موقع پر قومی امن کمیٹی پاکستان (بین المذاہب) کی ضلعی تنظیم حافظ آباد کا بھی اعلان کیا گیا۔ تنظیم کے عہدیداران میں پروفیسر ڈاکٹر پیر محمد اکرم چشتی کو چیئرمین، قاری محمد اجمل نقشبندی کو چیف آرگنائزر، سید سجاد حیدر شاہ نقوی کو چیف کوآرڈینیٹر، مہر حبیب اللہ کو سینئر وائس چیئرمین، علامہ اعجاز احمد چشتی کو وائس چیئرمین، علامہ عطاء اللہ محمدی کو صدر، چوہدری مظہر وڑائچ کو میڈیا آرگنائزر، ملک سہیل احمد کو لیگل ایڈوائزر، عقیل احمد منہاس کو سیکرٹری اطلاعات ونشریات، طیب طاہر کو نائب صدر ضلع، قاری لقمان کو چیئرمین تحصیل حافظ آباد اور ماسٹر گلزار حسین کو چیئرمین تحصیل پنڈی بھٹیاں مقرر کیا گیا۔

مصطفیٰ آباد چند منٹ کی بارش میں ڈوب گیا، انتظامیہ کے دعوے پانی میں بہہ گئے

قبضہ مافیا کسی رعایت کا مستحق نہیں ہے انچارج پیرافورس نعمان قیصر

پیرافورس ساہیوال کی دبنگ کاروائی سات ایکڑ اراضی زمین قبضہ مافیا سے چھڑوالی

ساہیوال (بیورو رپورٹ) پنجاب حکومت کے ویژن کے مطابق کمشنر ساہیوال اور ڈپٹی کمشنر ساہیوال کی خصوصی ہدایت پر انچارج پیرا فورس نعمان قیصر اور ان کی ٹیم کی دبنگ کاروائی تھانہ یوسف والا کی حدود 93 نائن ایل میں 30 سال سے اپنے حق کے لیے دربدر کی ٹھوکریں کھانے والی غریب خاتون مراداں بی بی کو بالآخر انصاف مل گیا۔ پیرا فورس ساہیوال نے اعلیٰ افسران کے احکامات پر کارروائی کرتے ہوئے مراداں بی بی کو اس کے حق کی 7 ایکڑ اراضی کا قبضہ دلوا دیا۔ اس موقع پر انچارج پیرافورس نعمان قیصر کا کہنا تھا کہ قبضہ مافیا کسی رعایت کے مستحق نہیں ہے پنجاب حکومت کے ویژن کے مطابق ان کے خلاف تابڑ توڑ کاروائیاں جاری رہیں گی عوام الناس کو چاہیے کہ وہ پیرافورس کے ساتھ تعاون کریں اور قانون کی بالا دستی کے لیے اپنا کردار ادا کریں

صوبائی وزیر قانون رانا محمد اقبال خان کی پارلیمانی سیکرٹری فار ایریگیشن رانا محمد فیاض سے بہن کی وفات پر اظہار تعزیت

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) صوبائی وزیر قانون پنجاب رانا محمد اقبال خان نے رکن صوبائی اسمبلی حلقہ پی پی 49 پسرور و پارلیمانی سیکرٹری برائے ایریگیشن رانا محمد فیاض کی ہمشیرہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ صوبائی وزیر قانون رانا محمد اقبال خان نے موضع شاہ حسین پسرور میں رانا محمد فیاض کے ڈیرے پر پہنچ کر ان سے اور اہل خانہ سے ملاقات کی اور مرحومہ کے انتقال پر دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر قانون رانا محمد اقبال خان نے مرحومہ کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، ان کی مغفرت فرمائے

دی کونسپٹ سائنس اکیڈمی کا شاندار اعزاز، 100 فیصد رزلٹ؛ نمایاں پوزیشن ہولڈرز کے اعزاز میں پروقار تقریب

تقریب میں اکیڈمی کے اساتذہ کی شبانہ روز محنت، خلوص اور لگن کو سراہا گیا

دیپالپور (تحصیل رپورٹر) دی کونسپٹ سائنس اکیڈمی کے شاندار تعلیمی نتائج اور 100 فیصد رزلٹ کے اعزاز میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں ماہر تعلیم عدنان اصغر خان، اکیڈمی کے اساتذہ کرام، پوزیشن ہولڈر طلباء و طالبات، ان کے والدین اور معززین علاقہ نے شرکت کی۔ تقریب میں اکیڈمی کے اساتذہ کی شبانہ روز محنت، خلوص اور لگن کو سراہا گیا جبکہ طلباء و طالبات کی شاندار کامیابی کو ان کے والدین کی دعاؤں، اساتذہ کی بہترین رہنمائی اور طلباء کی انتھک محنت کا ثمر قرار دیا گیا۔ دی کونسپٹ سائنس اکیڈمی کے نمایاں پوزیشن ہولڈرز میں علی افتخار نے 1151، وحید نے 1091، دعا فاطمہ رسول نے 1088، محمد یحییٰ نے 1073، سید علی مجتبیٰ نے 1072، صبا شکور نے 1027، نصرت شکور نے 1031، ایمان وقار نے 977، محمد ارمان نے 916 جبکہ طیبہ نے 902 نمبر حاصل کیے۔ تقریب کے مہمانان خصوصی میں کہنہ مشق ماہر تعلیم پروفیسر سید مشہود الحسن بخاری، مرزا فاروق احمد سلفی، سینئر نائب صدر دیپالپور پریس کلب و انجمن صحافیاں (رجسٹرڈ) 1991ء، معروف بزنس مین محمد زبیر (مدینہ موبائل)، پولیس آفیسر علی اور دیگر معزز شخصیات شامل تھیں۔ اس موقع پر پروفیسر سید مشہود الحسن بخاری نے طلباء و طالبات سے خصوصی موٹیویشنل خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آج کی کامیابی منزل نہیں بلکہ ایک نئے اور زیادہ اہم تعلیمی سفر کا آغاز ہے۔ طلباء کو چاہیے کہ وہ اپنی کامیابی کو مزید محنت، مستقل مزاجی اور بلند حوصلے کے لیے بنیاد بنائیں۔ انہوں نے وقت کی قدر، اساتذہ و والدین کی رہنمائی سے استفادہ اور مشکلات کا ثابت قدمی سے مقابلہ کرنے پر زور دیا۔ پروفیسر سید مشہود الحسن بخاری نے کہا کہ موجودہ دور میں صرف اچھے نمبر حاصل کرنا کافی نہیں بلکہ طلباء کو علم کے ساتھ ساتھ کردار، اخلاق، تحقیق اور تخلیقی صلاحیتوں کو بھی پروان چڑھانا ہوگا تاکہ وہ مستقبل میں ملک و قوم کے لیے مفید اور ذمہ دار شہری ثابت ہوں۔ تقریب کے دوران دی کونسپٹ سائنس اکیڈمی کے 100 فیصد شاندار رزلٹ کا باقاعدہ کیک بھی کاٹا گیا، جس پر طلباء، اساتذہ، والدین اور مہمانان خصوصی نے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے اکیڈمی انتظامیہ اور کامیاب طلباء و طالبات کو مبارکباد پیش کی۔ تقریب کی ایک خوبصورت اور منفرد جھلک اس وقت بھی دیکھنے کو ملی جب مہمانان خصوصی کو خوش آمدید کہنے کے لیے طلباء و طالبات کی جانب سے نہایت خوبصورت اور منفرد انداز میں تیار کیا گیا وائٹ بورڈ سب کی خصوصی توجہ کا مرکز بنا رہا۔ تقریب کے اختتام پر شرکاء کی تواضع کے لیے خصوصی ہائی ٹی کا اہتمام بھی کیا گیا، جس سے تقریب کی رونق مزید دوبالا ہوگئی۔

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد احمر علی کی زیر صدارت گزشتہ روز ڈسٹرکٹ ریونیو ریکوری کے حوالے سے ماہانہ اجلاس منعقد ہوا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد احمر علی کی زیر صدارت گزشتہ روز ڈسٹرکٹ ریونیو ریکوری کے حوالے سے ماہانہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ضلع بھر کے مختلف محکموں کی جانب سے ریونیو ریکوری، مقررہ اہداف اور اب تک کی وصولیوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد احمر علی نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ سرکاری واجبات اور ٹیکسز کی وصولی کے مقررہ اہداف کے حصول کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں اور ریکوری کے عمل میں مزید تیزی لائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ ریونیو ریکوری میں غفلت یا سستی کو برداشت نہیں کیا جائے گا اور تمام متعلقہ افسران اپنی کارکردگی بہتر بنائیں۔ اجلاس میں افسران نے اپنے اپنے محکموں کی ریونیو ریکوری سے متعلق پیش رفت، اہداف اور آئندہ کے لائحہ عمل سے متعلق بریفنگ دی۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو نے ہدایت کی کہ بقایاجات کی وصولی کے لیے فیلڈ میں عملی اقدامات یقینی بنائے جائیں اور ماہانہ اہداف کے حصول کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔

پاکستان بین المذاہب امن کمیٹی کی تقریب حلف برداری

مختلف مکاتب فکر کے افراد کی شرکت

تقریب کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوا، جبکہ ریورنڈ بشپ طفیل بزمی نے دعا کروائی۔ تقریب کے چیف گیسٹ جناب کامران بھٹی جبکہ مہمان خصوصی میاں طاہر جمیل ایم پی اے پی پی 115 تھے

شرکت کی۔ تقریب کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوا، جبکہ ریورنڈ بشپ طفیل بزمی نے دعا کروائی۔ تقریب کے چیف گیسٹ جناب کامران بھٹی جبکہ مہمان خصوصی میاں طاہر جمیل ایم پی اے پی پی 115 تھے۔ تقریب کے دوران پاکستان بین المذاہب امن ... حلف اٹھایا۔ تقریب سے میاں طاہر جمیل ایم پی اے پنجاب ... ذمہ داران کو مبارکباد پیش کی گئی جبکہ ملکی سلامتی، استحکام، ترقی، خوشحالی اور بین المذاہب ہم آہنگی کے فروغ کے لیے خصوصی دعا بھی کی گئی۔ اگر چاہیں تو میں اسے ×× جنگ/نوائے وقت کے باقاعدہ اخباری انداز میں مزید مختصر اور مضبوط بھی کر سکتا ہوں۔

پیغامِ پاکستان کو گھر گھر پہنچانا وقت کی اہم ضرورت ہے: ندیم ابراہیم

بین المذاہب امن کمیٹی کے زیرِ اہتمام پیغامِ پاکستان سیمینار، علمائے کرام، مذہبی و سماجی شخصیات کی بھرپور شرکت



فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) بین المذاہب امن کمیٹی کے زیرِ اہتمام ملک میں امن و امان، بین المذاہب ہم آہنگی، مذہبی رواداری اور بھائی چارے ... نے کہا کہ موجودہ حالات میں معاشرے کو انتشار اور نفرت سے نکالنے کے لیے ضروری ... مشتاق احمد کمبوہ، ڈاکٹر افتخار حسین نقوی سمیت دیگر مذہبی و سماجی رہنماؤں نے خصوصی شرکت کی۔ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین بین المذاہب امن کمیٹی ندیم ابراہیم نے کہا کہ "پیغامِ پاکستان" ایک ایسا قومی بیانیہ ہے جو ملک میں امن، برداشت، باہمی احترام اور اتحاد کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔ انہوں ... سکتی ہے۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ مذہبی و سماجی رہنماؤں کو عوام میں اتحاد، اخوت اور قومی یکجہتی کے فروغ کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کرنا چاہیے۔ تقریب سے خطاب کے دوران شرکاء نے بین المذاہب امن کمیٹی کی جانب سے امن و رواداری کے فروغ کے لیے کی جانے والی کاوشوں کو سراہتے ... خدمات کو خراج تحسین پیش کیا اور اس عزم کا اظہار کیا کہ تمام مکاتب فکر اور مذاہب کے پیروکار باہمی تعاون سے پاکستان کو امن، محبت، اخوت اور رواداری کا گہوارہ بنانے کے لیے اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے۔ سیمینار کے اختتام پر ملک و ملت کی سلامتی، استحکام، خوشحالی اور ترقی کے لیے خصوصی دعا بھی کی گئی۔

مرکز اہلسنت نارنگ منڈی میں جشن عید میلاد النبی ﷺ کے سلسلہ میں علماء کرام اور مختلف تنظیمات اہلسنت کا اہم اجلاس منعقد ہوا

جس میں مصطفائی تحریک، المصطفیٰ ویلفیئر سوسائٹی، تحریک منہاج القرآن دعوت اسلامی سمیت دیگر تنظیمات کے نمائندگان نے شرکت کی

نارنگ منڈی (نامہ نگار) مرکز اہلسنت نارنگ منڈی میں جشن عید میلاد النبی ﷺ کے سلسلہ میں علماء کرام اور مختلف تنظیمات اہلسنت کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں مصطفائی تحریک، المصطفیٰ ویلفیئر سوسائٹی، تحریک منہاج القرآن دعوت اسلامی سمیت دیگر تنظیمات کے نمائندگان نے شرکت کی اجلاس سے سرپرست اعلیٰ مرکزی جامع مسجد نورانی شہباز احمد کڑھائی والے صدر تنظیم علماء اہلسنت مفتی شہباز رسول سعیدی اور جنرل سیکرٹری قاری خالد چشتی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جشن عید میلاد النبی ﷺ کے موقع پر مرکز اہلسنت سے عظیم الشان جلوس نکالا جائے گا جبکہ درود و سلام کی محافل بھی منعقد کی جائیں گی انہوں نے کہا کہ جشن میلاد النبی ﷺ کے پروگراموں کو بھرپور عقیدت واحترام اور نظم وضبط کے ساتھ منعقد کیا جائے گا اجلاس میں جلوس کے روٹ جلسہ کے انتظامات، لنگر، مساجد، گلیوں اور بازاروں کو برقی قمقموں اور دیگر سجاوٹی سامان سے سجانے سمیت مختلف امور کا جائزہ لیا گیا انتظامات کو بہتر انداز میں پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لیے مختلف کمیٹیاں بھی تشکیل دے دی گئی ہیں جو مرکز اہلسنت کی ہدایات کے مطابق اپنی ذمہ داریاں سرانجام دیں گی اس موقع پر علماء کرام اور تنظیمات اہلسنت کے نمائندگان سے مختلف تجاویز بھی لی گئیں جن کی روشنی میں 12 ربیع الاول کے تمام انتظامات کو حتمی شکل دی جائے گی شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ جشن عید میلاد النبی ﷺ کے موقع پر گلیوں، بازاروں اور مساجد کو خوبصورتی سے سجایا جائے گا اور میلاد کی خوشیوں کو بھرپور انداز میں منایا جائے گا۔

سیالکوٹ بار کی فلاح و بہبود مقدم ہے۔ خواجہ اویس مشتاق ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

چوہدری علی حسین کی سیکرٹری بار نامزدگی کا مقصد بار کی پاسبانی ہے۔ خواجہ علی شیر Ahc

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) سیالکوٹ بار کی فلاح و بہبود اور معزز وکلاء کے حقوق کی پاسبانی میرے نزدیک سب سے اہم ہے وکلاء رجیم نے ہمیشہ ملکی عزت واستحکام اور ریاست کی پاسبانی کی ہے جس کا ثبوت بانی پاکستان قائد اعظم محمد علی جناح کا خودمختار اسلامی جمہوریہ پاکستان بنانا اور بعدازاں وکلاء تحریک کے دوران وطن عزیز کی بقاء وسلامتی کیلئے جانوں کے نذرانے دینا شامل ہے۔ ان باتوں کا اظہار ملک کی معروف قانون دان ایڈووکیٹ سپریم کورٹ خواجہ اویس مشتاق سابق صدر سیالکوٹ بار نے خواجہ اویس لاء ایسوسی ایٹس کے نامزد امیدوار سیکرٹری جنرل چوہدری علی حسین کی الیکشن کمپین کے دوران کارنر میٹنگ کے بعد کیا۔ انہوں نے کہا کہ چوہدری علی حسین کی سیکرٹری بار نامزدگی کا مقصد بار ممبران کے حقوق کی پاسبانی ہے۔

شرقپورشریف کی ہونہار طالبہ نمرہ مدثر کی میٹرک میں شاندار کامیابی

شرقپورشریف کی ہونہار اور قابل فخر طالبہ نمرہ مدثر نے میٹرک کے امتحان میں 1172 نمبر حاصل کر کے نمایاں کامیابی اپنے نام کرلی

شرقپورشریف (نامہ نگار عامر مجید نوشاہی سے) شرقپورشریف کی ہونہار طالبہ نمرہ مدثر کی میٹرک میں شاندار کامیابی، 1172 نمبر حاصل کر کے والدین اور ادارے کا نام روشن کر دیا شرقپورشریف کی ہونہار اور قابل فخر طالبہ نمرہ مدثر نے میٹرک کے امتحان میں 1172 نمبر حاصل کر کے نمایاں کامیابی اپنے نام کر لی۔ نمرہ مدثر شرقپورشریف کے معروف کپڑے کے تاجر اور بزنس مین شیخ مدثر رفیق کی صاحبزادی ہیں۔ نمرہ مدثر کی اس شاندار کامیابی پر نہ صرف ان کے والدین بلکہ اساتذہ اور پورے ادارے کا سر فخر سے بلند ہوا ہے۔ ان کی کامیابی اس بات کا روشن ثبوت ہے کہ ہماری بیٹیاں صلاحیت، محنت اور عزم کے ذریعے ہر میدان میں اپنی قابلیت منوا سکتی ہیں۔ اسلام نے بیٹیوں کو نہایت بلند مقام عطا کیا ہے۔ قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ نے بیٹیوں کو نعمت قرار دیتے ہوئے ان کی پیدائش پر زمانہ جاہلیت کے رویوں کی مذمت فرمائی، جبکہ احادیث مبارکہ میں بیٹیوں کی اچھی پرورش، تعلیم و تربیت اور ان کے ساتھ حسن سلوک کو والدین کے لیے اجر و جنت کا ذریعہ قرار دیا گیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ایک بیٹی کی کامیابی دراصل پورے خاندان کے لیے خوشی، عزت اور فخر کا باعث بنتی ہے۔ نمرہ مدثر کی اس قابل فخر کامیابی پر ان کے والد محترم شیخ مدثر رفیق، والدہ، تمام اہل خانہ، اساتذہ کرام اور گورنمنٹ گرلز ہائی سکول شرقپورشریف کی انتظامیہ کو اہلیان شرقپورشریف کی جانب سے دلی مبارکباد پیش کی جاتی ہے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ نمرہ مدثر کو علم و عمل میں مزید ترقی عطا فرمائے، ان کے مستقبل کو روشن کرے اور انہیں اپنے والدین، اساتذہ، ادارے اور پورے علاقے کے لیے مزید فخر کا باعث بنائے۔ آمین۔

حاصل پور، بارہا عوامی شکایات کے باوجود بھی تحصیل انتظامیہ ٹس نہ مس، اعلیٰ حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ

اشیائے خورد ونوش کی مہنگے داموں فروخت، مضر صحت و بیمار ولاغر جانوروں کے گوشت کی سرکاری ریٹ سے زائد فروخت، قیمتی سرکاری اراضی پر قبضہ مافیا کا راج

حاصل پور (تحصیل رپورٹر) تفصیل کے مطابق حاصل پور شہر و گرد ونواح میں تحصیل انتظامیہ اشیائے خورد ونوش کی مہنگے داموں فروخت، مضر صحت و بیمار و لاغر جانوروں کے گوشت کی سرکاری ریٹ سے زائد فروخت، قیمتی سرکاری اراضی پر قبضہ مافیا کا راج، تحصیل حاصل پور شہر کے تمام پٹرول پمپس پر اوگرا کی جانب سے مقرر کردہ ریٹس سے تجاوز، ناجائز تجاوزات و اور مختلف ریونیو کے متعلقہ شکایات کے معاملے میں بارہا توجہ دلانے اور مختلف اوقات میں تحریری و دفاتر میں پیش ہو کر بتانے کے باوجود بھی تاحال غیر قانونی و پنجاب حکومت کے احکامات پر عمل درآمد کروانے میں مکمل طور پر ناکام ہے جس کی بدولت شہری و تحصیل بھر کے لوگ شدید پریشانی کا شکار ہو کر رہ گئے ہیں عوامی سماجی حلقوں و شہریوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب، چیف سیکرٹری پنجاب، ایڈیشنل چیف سیکرٹری پنجاب سے فوری مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس معاملے کا نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ مسائل کو حل کرنے کے احکامات جاری کیے جائیں اور ان پر عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے اور غفلت کے مرتکب انتظامی آفیسران و اہلکاروں کو تبدیل کیا جائے اور ان کی جگہ محنتی و قابل آفیسران کی تعیناتی کی جائے تاکہ عوامی مسائل کا حل ممکن ہو سکے اور پنجاب حکومت کے احکامات پر عملدرآمد کی بدولت شہریوں کی مشکلات حل ہو سکیں

مختلف علاقوں میں ناقص سیوریج سسٹم کے باعث شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا

وزیرآباد (نامہ نگار) مین بازار، برتن بازار، چوک گلی ارائیاں اور بکر گلہ سمیت شہر کے مختلف علاقوں میں ناقص سیوریج سسٹم کے باعث شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ کئی مقامات پر گٹروں اور نالیوں کا گندا پانی جمع رہنے سے آمدورفت متاثر ہو رہی ہے جبکہ تعفن اور بدبو کے باعث شہریوں کا جینا محال ہو گیا ہے۔ مقامی شہریوں کا کہنا ہے کہ سیوریج لائنوں کی مناسب صفائی نہ ہونے اور نکاسی آب کا مؤثر انتظام نہ ہونے کے باعث معمولی بارش کے بعد بھی مختلف علاقوں میں پانی کھڑا ہو جاتا ہے۔ مین بازار اور برتن بازار جیسے مصروف تجارتی علاقوں میں بھی گندے پانی کی موجودگی سے دوکانداروں، خریداروں اور راہگیروں کو مشکلات پیش آ رہی ہیں۔ شہریوں نے ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد و دیگر اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ مین بازار، برتن بازار، چوک گلی ارائیاں اور بکر گلہ میں سیوریج سسٹم کا فوری معائنہ کروا کر صفائی اور نکاسی آب کے مستقل انتظامات کیے جائیں

مکہ معاہدہ مشترکہ دفاع اور علاقائی استحکام کی جانب ایک اہم قدم ہے، ترجمان

معاہدے کی رو سے تینوں ممالک کے مابین دفاعی صلاحیت اور تربیت میں اضافہ ہوگا، ترجمان



بھلوال (تحصیل رپورٹر) چیئرمین نیلی بار گروپ آف کمپنیز ایم ڈی نون ٹیکسٹائل ملز چوہدری طارق مجید نے کہا مکہ مکرمہ میں پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان مشترکہ دفاعی تعاون کا معاہدہ ہوا سرکاری ترجمان کے مطابق مذکورہ معاہدہ تین برادر ممالک کے باہمی اعتماد اور علاقائی سلامتی کے عزم کی اہم پیش رفت ہے۔ بتایا گیا ہے کہ معاہدے کے اہم فوائد کے مطابق تینوں ممالک کے درمیان دفاعی تعاون مزید مضبوط ہوگا۔ مشترکہ دفاعی صلاحیت اور تربیت میں اضافہ ہوگا۔ اس معاہدے کے تحت دفاعی صنعت اور ٹیکنالوجی میں تعاون کے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔ علاقائی سلامتی اور استحکام کو تقویت ملے گی۔ باہمی سفارتی تعلقات مزید مضبوط ہوں گے۔ کسی بیرونی خطرے کی صورت میں مشترکہ حکمت عملی بنانے میں مدد ملے گی۔ پاکستان کے لیے یہ معاہدہ مضبوط دفاع، مؤثر سفارت کاری اور برادر اسلامی ممالک کے ساتھ اسٹریٹجک تعاون کے حوالے سے اہم پیش رفت ہے۔ مکہ معاہدہ، مشترکہ دفاع، باہمی اعتماد اور پائیدار علاقائی امن کی جانب ایک اہم قدم ہے۔

جناح پریس کلب پتوکی کے سینئر ممبران کی جانب سے صحافیوں کے اعزاز میں عشائیہ

اس موقع پر جناح پریس کلب کے ممبران نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ ایک منظم ٹیم کے طور پر عوامی مسائل کو اجاگر کریں گے

پتوکی (نامہ نگار) جناح پریس کلب کے سینئر ممبران کی جانب سے صحافیوں کے اعزاز میں ایک پروقار عشائیے کا اہتمام کیا گیا، جس میں مہمانوں کی خدمت تکہ کباب، چٹخارے دار رائتے سے کی گئی۔ سینئر صحافی ملک ندیم رحیم نے مہمانوں کو چائے پیش کر کے خوب داد سمیٹی۔ عشائیے میں خصوصی طور پر شریک ہونے والوں میں سرپرست حاجی خالد محمود چیئرمین امتیاز احمد چوہدری، ملک محمد اعظم ایڈووکیٹ، محمد امین بھٹہ، محمد انور چوہدری، چوہدری محمد افضل، ملک ندیم رحیم اور محمد رضوان طارق یاسر سندھو، ملک شبیر محمد سلمان محمد سہیل، ملک ذیشان، ملک وقار ایڈووکیٹ چوہدری ذوالفقار علی سندھو حبیب علی، شہزاد حسین سمیت دیگر صحافی حضرات شامل تھے۔ اس موقع پر جناح پریس کلب کے ممبران نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ ایک منظم ٹیم کے طور پر عوامی مسائل کو اجاگر کریں گے، پسے ہوئے اور محروم طبقے کی آواز بنیں گے اور صحافتی اصولوں کے عین مطابق اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں نبھائیں گے۔

14 اگست ہمیں ان عظیم قربانیوں کی یاد دلاتا ہے: عبدالرشید بٹ

پاکستان کی آزادی، خودمختاری اور سلامتی کے تحفظ میں پاک افواج نے ہمیشہ ناقابل فراموش کردار ادا کیا ہے

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم پاکستان مسلم لیگ ن کے ضلعی رہنما عبدالرشید بٹ نے یوم آزادی کے موقع پر اپنے خصوصی بیان میں پوری قوم کو جشنِ آزادی کی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ 14 اگست ہمیں ان عظیم قربانیوں کی یاد دلاتا ہے جن کے نتیجے میں پاکستان ایک آزاد اسلامی ریاست کے طور پر دنیا کے نقشے پر ابھرا۔ پاکستان کی آزادی، خودمختاری اور سلامتی کے تحفظ میں پاک افواج نے ہمیشہ ناقابل فراموش کردار ادا کیا ہے۔ وطن کے دفاع کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء اور غازیوں کو پوری قوم سلام پیش کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج کے پاکستان میں فیلڈ مارشل حافظ سید عاصم منیر کی قیادت قومی دفاع، پیش ※ وران ※ نظم وضبط عزم اور ملکی خودمختاری کے تحفظ کی علامت بن کے سامنے آئی ہے،

لالیاں: بجلی کے بحران پر صحافی میدان میں، عوام کا مقدمہ ایکسین فیسکو کے سامنے رکھ دیا

غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ، کم وولٹیج، لٹکتی تاریں، شہریوں کی مشکلات ہرگز برداشت نہیں۔ شیر محمد لالی

لالیاں (ممتاز حسین جرمنی سے) تفصیلات کے مطابق تحصیل پریس کلب لالیاں کے سینئر صحافیوں کے وفد نے صدر پریس کلب شیخ محمد ابراہیم کی قیادت میں ایکسین فیسکو غلام مرتضیٰ عباسی سے اہم ملاقات کی، جس میں شہریوں کو درپیش بجلی کے مسائل، غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ، بجلی کی کم وولٹیج، خراب ٹرانسفارمرز اور دیگر عوامی مشکلات پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ سینئر صحافی شیر محمد لالی نے ایکسین فیسکو غلام مرتضیٰ عباسی کو شہریوں کی مشکلات اور شکایات سے آگاہ کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ بجلی سے متعلق مسائل کے فوری اور مستقل حل کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔ جس کے جواب میں ایکسین فیسکو غلام مرتضیٰ عباسی نے صحافیوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے یقین دہانی کرائی کہ شہریوں کی شکایات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا، اور بجلی کی فراہمی میں حائل مسائل کے ازالے کے لیے متعلقہ عملہ کو ضروری ہدایات جاری کی جائیں گی۔ ایکسین فیسکو غلام مرتضیٰ عباسی نے کہا کہ عوامی مسائل کے حل اور بہتر سروس کی فراہمی فیسکو کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ جس پر صدر پریس کلب شیخ محمد ابراہیم نے ایکسین فیسکو غلام مرتضیٰ عباسی کو تحصیل پریس کلب لالیاں کے جملہ سینئر صحافیوں کی جانب سے یقین دلایا کہ عوامی مسائل کو اجاگر کرنے کے ساتھ ساتھ ان کے حل کے لیے مثبت اور تعمیری کردار ادا کیا جائے گا۔ ملاقات خوشگوار ماحول میں ہوئی اور شہریوں کے مسائل حل کرنے کے لیے باہمی رابطہ مزید مؤثر بنانے پر اتفاق کیا گیا۔

بیسٹ انٹرنیشنل سکول سسٹم قبولہ کی ہونہار طالبہ ربیطہ رمضان نے ساہیوال بورڈ میں گرلز میں پہلی پوزیشن حاصل کرلی

میٹرک کے سالانہ امتحان میں 1200 میں سے 1190 نمبر حاصل کر کے بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ساہیوال گرلز میں اوّل پوزیشن حاصل کرلی

عارفوالا (نمائندہ قوت، تحصیل کرائم رپورٹر) بیسٹ انٹرنیشنل سکول سسٹم قبولہ کی ہونہار طالبہ ربیطہ رمضان نے ساہیوال بورڈ میں گرلز میں پہلی پوزیشن حاصل کر لی اور مجموعی طور پر بورڈ میں دوسری پوزیشن حاصل کی بیسٹ انٹرنیشنل سکول سسٹم قبولہ کی ہونہار طالبہ ربیطہ رمضان نے میٹرک کے سالانہ امتحان میں 1200 میں سے 1190 نمبر حاصل کر کے بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ساہیوال گرلز میں اوّل پوزیشن حاصل کر لی، اور مجموعی طور پر بورڈ میں دوسری پوزیشن حاصل کی اس شاندار کامیابی پر آج منعقدہ تقریب میں ڈپٹی کمشنر ساہیوال کیپٹن (ر) سمیع اللہ فاروق، چیئرمین ساہیوال بورڈ فیصل اعجاز نے طالبہ کو مبارکباد پیش کی، ان کی شاندار کارکردگی کو سراہا اور انعامات سے نوازا، تقریب کے دوران مقررین نے بیسٹ انٹرنیشنل سکول سسٹم قبولہ کی تعلیمی خدمات کو بھی سراہتے ادارے کے پرنسپل الطاف حسین ندیم اور ڈائریکٹر فیاض احمد بھٹی کو اس نمایاں کامیابی پر مبارکباد پیش کی اور معیاری تعلیم کے فروغ میں ان کی کاوشوں کو خراج تحسین پیش کیا ربیطہ رمضان کی اس غیر معمولی کامیابی میں انکے والدین کی بہترین تربیت، اساتذہ کی محنت اور ادارے کی معیاری تعلیمی رہنمائی کو بھی اہم قرار دیا گیا اس موقع پر اساتذہ اور والدین کو طالب علم کی کامیابی پر خصوصی مبارکباد پیش کی گئی، تعلیمی، سماجی اور شہری حلقوں نے طالبہ ربیطہ رمضان کی اس تاریخی کامیابی کو عارفوالا اور ضلع پاکپتن کیلئے باعث فخر قرار دیتے ہوئے انکے روشن مستقبل کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔

رائیونڈ کے نواحی علاقے بابلیانہ کے پہلے پی ایچ ڈی اسکالر کا اعزاز ڈاکٹر صاحب دین کے نام

رائیونڈ (تحصیل رپورٹر عبدالرزاق سید سے) رائیونڈ کے نواحی علاقے بابلیانہ سے تعلق رکھنے والی معروف علمی وسماجی شخصیت ڈاکٹر صاحب دین نے کامیابی کے ساتھ پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کرلی۔ اس شاندار علمی کامیابی کے بعد وہ بابلیانہ کے پہلے فرد بن گئے ہیں جنہیں پی ایچ ڈی جیسی اعلیٰ ترین تعلیمی ڈگری حاصل کرنے کا اعزاز حاصل ہوا ہے۔ ڈاکٹر صاحب دین کی یہ کامیابی ان کی مسلسل محنت، علمی لگن، تحقیق سے وابستگی اور ثابت قدمی کا عملی ثبوت ہے۔ ان کی اس نمایاں کامیابی پر اہل علاقہ، دوست احباب، عزیز واقارب، اساتذہ کرام، علمی و سماجی شخصیات اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے دلی مسرت کا اظہار کرتے ہوئے انہیں مبارکباد پیش کی اور ان کے لیے مزید علمی و عملی کامیابیوں کی دعا کی۔ مقامی شہریوں نے اس موقع پر کہا کہ ڈاکٹر صاحب دین نے نہ صرف اپنے خاندان بلکہ پورے بابلیانہ کا نام روشن کیا ہے۔ ان کی یہ کامیابی علاقے کے نوجوانوں کے لیے ایک روشن مثال ہے کہ عزم، محنت، استقامت اور مسلسل جدوجہد کے ذریعے اعلیٰ ترین تعلیمی منازل حاصل کی جا سکتی ہیں۔ شہریوں کا کہنا تھا کہ ایسے علمی کارنامے معاشرے میں تحقیق، تعلیم اور مطالعے کے رجحان کو فروغ دیتے ہیں اور نئی نسل کو اعلیٰ تعلیم کے حصول کی جانب راغب کرتے ہیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ ڈاکٹر صاحب دین اپنی علمی صلاحیتوں، تحقیقی تجربے اور تدریسی خدمات کے ذریعے ملک وقوم، بالخصوص نوجوان نسل کی فکری و علمی رہنمائی میں مؤثر کردار ادا کرتے رہیں گے۔

روٹری کلب آف فیصل آباد سٹی کے جنرل اجلاس میں سماجی خدمات، فلاحی منصوبوں اور آئندہ تنظیمی سرگرمیوں کے فروغ کے عزم کا اعادہ کیا گیا

اجلاس کی صدارت صدر کلب عادل قریشی نے کی جبکہ سیکرٹری محمد عرفان نے اجلاس کی کارروائی پیش کی

فیصل آباد (افشاں بتول) روٹری کلب آف فیصل آباد سٹی کے جنرل اجلاس میں سماجی خدمات، فلاحی منصوبوں اور آئندہ تنظیمی سرگرمیوں کے فروغ کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ اجلاس کی صدارت صدر کلب عادل قریشی نے کی جبکہ سیکرٹری محمد عرفان نے اجلاس کی کارروائی پیش کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے صدر عادل قریشی نے کہا کہ روٹری کلب معاشرے کی خدمت، تعلیم، صحت، ماحولیات اور مستحق افراد کی فلاح کے لیے بھرپور کردار ادا کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کلب کی ٹیم آئندہ بھی عوامی خدمت کے مختلف منصوبوں کو مزید مؤثر انداز میں جاری رکھے گی اور نوجوانوں کو سماجی سرگرمیوں میں شامل کرنے پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔ سیکرٹری محمد عرفان نے کلب کی حالیہ سرگرمیوں اور آئندہ پروگراموں پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ روٹری کلب آف فیصل آباد سٹی کا جشنِ آزادی پاکستان بھرپور قومی جوش و جذبے کے ساتھ منانے کا فیصلہ کیا گیا۔ اجلاس میں 14 اگست کے موقع پر مختلف فلاحی، سماجی اور قومی پروگراموں کے انعقاد کی منظوری دیتے ہوئے کہا گیا کہ یومِ آزادی ہمیں اپنے اسلاف کی لازوال قربانیوں کی یاد دلاتا ہے اور اس دن قومی یکجہتی، خدمتِ خلق اور پاکستان کی ترقی کے عزم کی تجدید کی جائے گی۔ روٹری کلب کے پلیٹ فارم سے انسانیت کی خدمت اولین ترجیح ہے اور تمام اراکین اسی جذبے کے تحت کام کر رہے ہیں۔ اس موقع پر محمد محسن، ملک محمد یوسف، محمد نواز خالد، ڈاکٹر اشفاق قمر، کرنل شاہد رحیم، محمد عدنان، محمد سعید مغل، محمد عثمان اور محمد ابراہیم نے بھی اظہار خیال کرتے ہوئے کلب کی کارکردگی کو سراہا اور فلاحی منصوبوں کو مزید وسعت دینے کی ضرورت پر زور دیا۔ مقررین نے کہا کہ روٹری کلب نے ہمیشہ معاشرے کے محروم طبقات کی خدمت کو اپنی ذمہ داری سمجھا ہے اور مستقبل میں بھی تعلیم، صحت، شجرکاری، صاف ماحول اور سماجی بہبود کے منصوبوں میں بھرپور کردار ادا کرتا رہے گا۔ اجلاس کے اختتام پر کلب کے آئندہ پروگراموں، فلاحی کیمپوں اور عوامی خدمت کے دیگر منصوبوں کے حوالے سے مختلف تجاویز پر غور کیا گیا۔ شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ روٹری کلب آف فیصل آباد سٹی اپنی روایات کو برقرار رکھتے ہوئے معاشرے میں مثبت تبدیلی اور خدمتِ انسانیت کے مشن کو مزید مؤثر انداز میں آگے بڑھائے گا۔

نان بائیوں نے من مرضی کے نرخ مقرر کر کے لوٹ مار کا بازار گرم کر رکھا ہے

اکثر ہوٹلوں پر حکومت کی جانب سے جاری کردہ سرکاری ریٹ لسٹیں آویزاں ہی نہیں کی گئیں

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر سمیت ضلع بھر کے ہوٹل مالکان اور نان بائیوں نے انتظامیہ کی خاموشی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے من مرضی کے نرخ مقرر کر کے لوٹ مار کا بازار گرم کر رکھا ہے جبکہ اکثر وبیشتر ہوٹلوں پر ناقص وغیر معیاری کھانا فروخت کیا جا رہا ہے ہوٹل مالکان نے کسی بھی سرکاری منظوری کے بغیر کھانوں اور سالن کی قیمتوں میں من مانا اضافہ کر کے وصولیاں شروع کر رکھی ہیں اکثر ہوٹلوں پر حکومت کی جانب سے جاری کردہ سرکاری ریٹ لسٹیں آویزاں ہی نہیں کی گئیں جو اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ گرانفروشی کھلم کھلا جاری ہے تندوروں اور ہوٹلوں پر روٹی اور نان کا وزن مقررہ معیار سے نمایاں طور پر کم رکھا جاتا ہے اور سرکاری ریٹ سے مہنگی روٹی اور نان فروخت کیے جاتے ہیں جس سے عام شہری اور دیہاڑی دار طبقہ شدید پریشان ہے متعدد ہوٹلوں پر صفائی کے ناقص انتظامات کچن میں گندگی کاریگروں کے بڑھے ہوئے ناخن، حجامت نہ کروانا اور نہ نہانا، بیماریوں میں مبتلا ہونا معیاری اجزاء کا استعمال نہ کرنا جس کی وجہ سے شہریوں میں پیٹ اور معدے کی بیماریاں پھیلنے کا خدشہ بڑھ گیا ہے مقامی شہریوں اور سماجی حلقوں نے ڈپٹی کمشنر، پنجاب فوڈ اتھارٹی کے ذمہ داران سے مطالبہ کیا ہے کہ گرانفروش ہوٹل مالکان کے خلاف بلا تفریق کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے ہوٹلوں پر سرکاری ریٹ لسٹیں نمایاں جگہوں پر آویزاں کروائی جائیں تاکہ غریب عوام کو لوٹ مار سے بچایا جا سکے۔

مکہ جوائنٹ ڈیفنس معاہدہ امت مسلمہ کے اتحاد کی نئی تاریخ رقم کرے گا: ڈی سی اوکاڑہ محمد اکرام ملک

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے مابین طے پانے والے تاریخی ×× مکہ جوائنٹ ڈیفنس معاہدے ×× پر ضلع بھر میں خوشی اور فخر کی لہر۔ اس عظیم اتحاد سے اظہار یکجہتی کے لیے ضلع اوکاڑہ کی تمام سرکاری عمارتوں کو قومی جذبے کے تحت سرخ و سبز برقی قمقموں سے روشن کر دیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک نے اس موقع پر اپنے خصوصی بیان میں کہا یہ معاہدہ صرف دفاعی اشتراک نہیں بلکہ عالم اسلام کے اتحاد، خودمختاری اور مشترکہ سلامتی کا عہد ہے۔ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کا یہ تاریخی قدم خطے میں پائیدار امن، استحکام اور باہمی تعاون کی بنیاد رکھے گا۔ ہم جارحیت کے خلاف سیسہ پلائی دیوار بن کر کھڑے ہوں گے ×× انہوں نے کہا کہ اس تاریخی موقع کو یادگار بنانے کے لیے ڈپٹی کمشنر آفس، ڈی پی او آفس، ضلعی کچہری، ایجوکیشن آفس اور ضلع بھر کے تمام تھانہ جات کو سرخ و سبز روشنیوں سے سجایا گیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے مزید کہا ×× اوکاڑہ کی عوام اپنے برادر ممالک سعودی عرب اور ترکیہ کے ساتھ کھڑی ہے۔ یہ نئے عہد کا آغاز ہے۔ اتحاد کا، طاقت کا اور امت مسلمہ کی سربلندی کا ×× انہوں نے کہا کہ پاکستان ہمیشہ امن کا علمبردار رہا ہے اور یہ معاہدہ دنیا کو یہ پیغام دے گا کہ عالم اسلام متحد ہے اور اپنی خودمختاری کے دفاع کے لیے ہر قربانی دینے کو تیار ہے۔

ایڈیٹوریل

نوٹ: کالم نگاروں کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

پاک سعودی تعلقات کا نیا باب

وزیراعظم شہباز شریف کا دورہ سعودی عرب ایسے وقت میں ہو رہا ہے جب مشرق وسطیٰ کا خطہ انتہائی اہم، حساس اور تلاطم خیز دور سے گزر رہا ہے۔ وزارتِ خارجہ کے جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق وزیراعظم کا یہ دورہ محض ایک روایتی خیر سگالی کا دورہ نہیں بلکہ یہ دوطرفہ تزویراتی تعاون، اقتصادی شراکت داری کو نئی بلندیوں تک لے جانے اور علاقائی امن کے استحکام کیلئے ایک گہرا اور دوررس سفارتی قدم ہے۔ وزیراعظم کے ہمراہ اعلیٰ سطح کے سرکاری اور عسکری وفد کی موجودگی اس امر کی غماز ہے کہ پاکستان برادر ملک کیساتھ اپنے تعلقات کو کس قدر اہمیت دیتا ہے اور دونوں ریاستیں ہر سطح پر رابطوں کو مزید مستحکم کرنے کیلئے کس قدر پُرعزم ہیں۔ جب ہم موجودہ علاقائی صورتحال کا جائزہ لیتے ہیں تو یہ حقیقت کھل کر سامنے آتی ہے کہ خلیجی خطے میں سکیورٹی کے نئے چیلنجز سر اٹھا رہے ہیں اور عالمی سطح پر سیاسی اور معاشی محور تبدیل ہو رہے ہیں۔ ایسے میں پاکستان اور سعودی عرب کا باہمی مشاورت کا عمل نہ صرف دونوں ممالک کے مفاد میں ہے بلکہ پورے خطے کے امن کی ضمانت بھی ہے۔ حالیہ عرصے میں دونوں برادر ممالک کے مابین دفاعی اور معاشی شعبوں میں جو پیشرفت ہوئی ہے، اس نے دوطرفہ تعلقات کو ایک نئی روح بخشی ہے۔ خصوصاً دفاعی اور سٹرٹیجک معاہدے اور سکیورٹی کے شعبے میں گہرا ہوتا تعاون اس بات کا بیّن ثبوت ہے کہ دونوں ممالک ایک دوسرے کے دفاع اور سلامتی کو اپنی سلامتی کا درجہ دیتے ہیں۔ خطے میں امن و امان کی بحالی، سمندری تجارت کے راستوں کے تحفظ اور معاشی راہداریوں کو محفوظ بنانے کیلئے جو مشترکہ کوششیں جاری ہیں، اس دورے میں ان پر بھی تفصیلی غور کیا جائے گا۔ دونوں ملکوں نے ایران اور عمان کے مابین آبنائے ہرمز سے متعلق معاہدے کو حتمی شکل دینے میں بھی اہم کردار ادا کیا ہے۔ اس سے قبل امریکہ اور ایران مذاکرات کیلئے بھی دونوں ملکوں کی قیادت نے بھرپور کوشش کی تھی۔ پاکستان کے ترقیاتی سفر اور موجودہ معاشی حالات میں سعودی عرب کا مثبت کردار اور برادرانہ تعاون کسی سے ڈھکا چھپا نہیں۔ مشکل ترین اقتصادی ادوار میں سعودی عرب نے ایک سچے اور مخلص برادر ملک کی طرح پاکستان کی مالی مشکلات کو کم کرنے میں کلیدی کردار ادا کیا ہے۔ سعودی قیادت کی طرف سے فراہم کردہ مالی معاونت، ڈپازٹس کے تسلسل نے پاکستان کو معاشی گرداب سے نکلنے اور مالیاتی استحکام کی طرف بڑھنے میں مدد دی ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف کے اس دورے کا ایک اہم ہدف دوطرفہ معاشی تعاون کو مزید وسعت دینا اور پاکستان میں سعودی سرمایہ کاری لانے کے عمل کو تیز کرنا ہے۔ پاکستان کے اندر مختلف شعبوں بشمول مائننگ، زراعت، توانائی، انفارمیشن ٹیکنالوجی اور بنیادی ڈھانچے کی ترقی میں سعودی سرمایہ کاروں کیلئے وسیع مواقع موجود ہیں۔ دونوں ممالک کے مابین طے پانے والے اقتصادی تعاون کے سمجھوتوں کو عملی شکل دینے اور ان کے ثمرات عامۃ الناس تک پہنچانے کا یہ بہترین وقت ہے۔ علاقائی سیاست اور سفارتی محاذ پر بھی اس دورے کی اہمیت سے انکار نہیں کیا جاسکتا۔ خطے میں امن کے قیام کیلئے پاکستان ایک مصالحانہ اور مثبت کردار ادا کرتا آیا ہے۔ مشرقِ وسطیٰ کے تنازعات، خلیجی ریاستوں کے باہمی امور اور عالمی سطح پر ابھرتی ہوئی معاشی و سیاسی صف بندیوں کے تناظر میں پاکستان اور سعودی عرب کا نقطہ نظر ہم آہنگ ہے اور یہ دورہ اس بات کا اعادہ ہے کہ جغرافیائی تغیرات کے باوجود پاک سعودی تعلقات کی بنیادیں وقت کی ہر آزمائش پر پورا اترتی آئی ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ دونوں ممالک میں طے پانے والے معاشی، تجارتی، دفاعی اور سفارتی فیصلوں پر ان کی روح کے مطابق فوری عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے

پرانے طبیب، نئی بیماریاں اور ہمارا فکری جمود

تحریر: جمشید اقبال

جس طرح بڑے طوفان، وسیع پیمانے پر اثر انداز ہونے والے سیلاب یا شدید زلزلے زمینی خد و خال بدل دیتے ہیں اسی طرح انسانی دنیا میں پیش آنے والے کسی بڑے واقعے یا تبدیلی کے بعد روحِ عصر بھی کروٹ لیتی ہے اور ہمارے علمی و فکری زاویے بدل جاتے ہیں۔

اس کی چند مثالیں ملاحظہ فرمائیں۔

مغربی نشاۃِ ثانیہ میں جب کلیسا کی گرفت کمزور پڑنے لگی اور چودھویں سے سولھویں صدی کے درمیان یورپ نے کلاسیکی یونانی و رومی ادب کو دوبارہ دریافت کیا تو ہر سوال کا جواب الٰہیات کی بجائے انسانی عقل میں تلاش کیا جانے لگا۔ کسی نے 1486 میں لکھا کہ انسان کو خدا نے کسی ایک جگہ، کسی ایک شکل میں نہیں بنایا۔ اسے آزاد بنایا ہے تاکہ وہ خود اپنا مقام چن سکے۔

یہ جملہ اس پورے عہد کا خلاصہ تھا کہ انسان اب اپنا معمار آپ تھا۔

پھر انقلابِ فرانس 1789 آیا اور ورڈز ورتھ نے لکھا:

"اس صبح زندہ ہونا ایک نعمت مگر نوجوان ہونا جنت میں ہونے جیسا تھا"۔

لیکن تب انقلاب کا خواب گلوٹین کی خون آلود چھت تلے دفن ہوا جب عہدِ دہشت میں سترہ ہزار سے زائد سر قلم ہوئے اور وہی ورڈز ورتھ، کولرج اور کیٹس رومانوی تحریک کا حصہ بن گئے۔ قصہ مختصر، انسان کا عقل پر اعتماد ٹوٹا تو احساس نے جگہ لی، شہر سے جی اوبھا تو فطرت میں پناہ ڈھونڈ لی۔ یہ محض ادبی اسلوب کی تبدیلی نہیں تھی یہ ایک پوری نسل کی نفسیاتی شکست تھی جو منظوم ہوگئی۔

پھر دو عالمی جنگیں ہوئیں۔ پہلی عالمی جنگ میں صرف چار سال میں ڈیڑھ کروڑ انسان مارے گئے۔ ان میں سے اکثر وہ نوجوان تھے جو قوم کی عزت اور سلطنت کی شان کے نعرے سن کر خندقوں میں اترے تھے۔ دوسری عالمی جنگ میں سات کروڑ سے زائد لقمہ؟ اجل بنے۔ ہیروشیما اور ناگاساکی کی راکھ میں حیوانِ عاقل کا تکبر بھی جل کر خاک ہوگیا۔

جنگ کے بعد بیکٹ نے لکھا:

" دو آدمی ایک درخت کے نیچے کسی خدا کا انتظار کرتے رہے اور وہ نہیں آیا"۔

یہ فلسفہ؟ وجودیت کا خلاصہ تھا۔ یعنی معنی باہر سے نہیں آتے۔ جواب باہر سے نہیں آتے۔ اندر سے لانے پڑتے ہیں۔

المختصر، ہر بڑے واقعے کے بعد چیزوں کو ویسے نہیں دیکھا جاسکتا جیسے اس سے پہلے دیکھا جا رہا ہوتا ہے۔ جیسے ایک فرد اپنے ساتھ پیش آنے والے بڑے حادثے کے بعد کوئی سبق سیکھ کر مختلف انداز میں جینا شروع کر دیتا ہے اسی طرح انسانی علم و فکر بھی ساکت نہیں ہے۔ وہ نئے واقعات سے متاثر ہو کر اپنی تصحیح کرتی ہے، اپنے آپ کو نئے سرے سے پڑھتی ہے۔

اس لیے دنیا میں پیش آنے والے واقعات کا مطالعہ کرنے اور تنقیدی فکر رکھنے والوں کے لیے یہ سمجھنا ضروری ہوتا ہے کہ وہ کس عہد میں جی رہے ہیں، کس دور کی فکر یا ادب پڑھ رہے ہیں، یہ فکر کن واقعات کا نتیجہ تھی، اس کے بعد کیا واقعات پیش آئے، ان سے دنیا نے کیا سیکھا اور اب یہ دنیا کس آنکھ سے دیکھ رہی ہے۔

ہماری زندگیوں میں بھی کچھ ایسے ہی بڑے واقعات پیش آئے ہیں۔ سرد جنگ کا آغاز اور بظاہر خاتمہ۔ اسلامی بنیاد پرستی اور دہشت گردی کی لہر۔ گیارہ ستمبر 2001 کا واقعہ۔ یاد رہے اب بھی دنیا جنگ کی لپیٹ میں ہے۔ ایران اور امریکہ کا تازہ تصادم اسی سلسلے کی کڑی ہے۔ کیا ہم نے ان واقعات سے اپنی تصحیح کی ہے؟ کیا ہم میں کوئی بدلاو؟ پیدا ہوا ہے؟ اب ایک اور اہم نکتہ پیش ہے۔

گیارہ ستمبر سے قبل اسلام، تنازعات، جنگوں، سچائی کے دعووں اور مقدس کتب پر کتب کی تاریخ میں جس قدر لکھا گیا تھا، اس واقعے کے بعد اس سے کہیں زیادہ لکھا، سوچا، بولا اور شائع کیا گیا۔ یعنی ایک واقعے نے ایک پوری نئی فکری صنعت کو جنم دیا۔ لیکن افسوس کی بات یہ ہے کہ اس بارش کی چند بوندیں بھی اس بستی میں نہیں گریں جس میں ان واقعات کے منفی اثرات کی آگ کا ہمیں آج بھی سامنا ہے۔ متروک فکر کی صورت میں، مدقوق حرکات کی شکل میں۔

آبنائے ہرمز کا معاملہ

حرف رواں

تحریر

ڈاکٹر محمد عمران

دنیا میں توانائی کی اہم بحری گزرگاہ آبنائے ہرمز کے معاملے پر ایران اور عمان میں معاہدہ اور خلیج فارس کی تنگنائے کو دوبارہ کھولنے پر اتفاق عالمی امن و استحکام کے تناظر میں ایک مثبت پیشرفت ہے۔ عالمی میڈیا کے مطابق فریقین میں آبنائے ہرمز کو عارضی انتظام کے تحت 60 روز کیلئے کھولنے پر اتفاق ہوا ہے۔ عبوری انتظام کے مطابق آبنائے ہرمز سے گزرنے والے جہازوں پر کسی قسم کی فیس عائد نہیں کی جائے گی اور فریقین 30 دن کے اندر آبنائے ہرمز کے مرکزی راستے سے بارودی سرنگوں کو ہٹائیں گے۔ آبنائے ہرمز دنیا میں توانائی کی رسد کی اہم ترین بحری گزرگاہ ہے۔ کویت، متحدہ عرب امارات، قطر اور عراق سے تیل و گیس برآمد کرنے کا یہ واحد بحری راستہ ہے۔ سعودی عرب کی بڑی آئل ریفائنریاں اور تیل ذخائر بھی مشرقی خطے (الشرقیہ) میں خلیج فارس کیساتھ واقع ہیں۔ اس طرح یہ دنیا بھر کی کل پٹرولیم رسد کے تقریباً 20 فیصد اور بحری توانائی رسد کے ایک تہائی حصے کی واحد گزرگاہ ہے۔ خلیجی ممالک خصوصاً قطر سے ایل این جی بھی اسی راستے کے ذریعے دنیا کو سپلائی ہوتی۔ 28 فروری کو ایران پر امریکہ و اسرائیل کے مشترکہ حملے سے قبل یہاں سے اوسطاً ہر روز 140 سے 150 مال بردار بحری جہاز اور آئل ٹینکر گزرتے تھے مگر خلیج فارس میں کشیدگی کے باعث نہ صرف یہ گزرگاہ غیر محفوظ ہوگئی بلکہ متحارب ملکوں کی جانب سے اس کی ناکہ بندی نے دنیا میں توانائی کے ایسے بحران کو جنم دیا جس نے گلوبل اکانومی کو ہلا کر رکھ دیا۔

انٹرنیشنل انرجی ایجنسی کے سربراہ نے اس بحران کو 1970ء کے عشرے کے آئل شاکس اور 2022ء میں یوکرین جنگ کے باعث یورپ میں گیس بحران کے مجموعی اثرات سے بھی زیادہ سنگین قرار دیا۔ نہ صرف خام تیل کی قیمتوں میں 50 سے 60 فیصد تک اضافہ ہوا بلکہ مال برداری، شپنگ اور انشورنس پریمیم کے اخراجات بھی کئی گنا تک بڑھ گئے، جس کے اثرات لامحالہ پوری دنیا پر مرتب ہوئے اور کمزور معیشتوں کو ان عالمی جھٹکوں کی بھاری قیمت چکانا پڑی۔ چونکہ دنیا میں نائٹروجن اور سلفر پر مبنی کھادوں کی بحری رسد کا ایک تہائی بھی اسی آبنائے سے گزرتا ہے، لہٰذا فوڈ سکیورٹی کے مسائل بھی جنم لینے لگے۔ عالمی ادارہ؟ خوراک و زراعت خبردار کر چکا کہ کھاد مہنگی ہونے اور اس کی قلت کے اثرات رواں سال کے آخر اور آئندہ سال گندم، چاول اور مکئی کی کم پیداوار کی صورت میں سامنے آسکتے ہیں۔ پاکستان کی معیشت اور سماج پر آبنائے ہرمز کی بندش کے جو اثرات ہیں وہ ظاہر و باہر ہیں۔ وسط فروری سے اب تک پٹرول کی قیمت میں 70 روپے اور ڈیزل کی قیمت میں 110 روپے فی لیٹر سے زائد کا اضافہ ہو چکا ہے۔ اس سے عام آدمی کی قوتِ خرید بالکل جواب دے چکی ہے۔ افراطِ زر کی شرح، جو فروری میں سات فیصد تھی، اب 2.9 فیصد پہ پہنچ چکی ہے۔ ربڑ، پلاسٹک اور دیگر پیٹرو کیمیکلز کی درآمدات متاثر ہونے سے صنعتی و پیداواری شعبے پر جو اثرات پڑے ہیں، وہ الگ معاملہ ہے۔ اگرچہ دنیا بالخصوص کمزور معیشتوں کے حامل ممالک آبنائے ہرمز کی بندش کی بھاری قیمت چکا رہے لیکن اگر یہ معاملہ طول پکڑتا ہے تو پوری دنیا ایسے بحران کا شکار ہو سکتی ہے، جس سے اثرات سے نکلنے کیلئے کئی دہائیاں درکار ہوں گی۔ لہٰذا ان حالات میں یہ امر خوش آئند ہے کہ پاکستان، قطر اور سعودی عرب کی ثالثی کوششوں سے عمان اور ایران کا نہ صرف آبنائے ہرمز کی بحالی کیلئے ایک فریم ورک پر اتفاق ہوگیا ہے بلکہ فریقین نے اس تنگنائے سے بارودی سرنگیں ہٹانے کا عزم بھی ظاہر کیا ہے۔ اگرچہ ایران کی جانب سے آبنائے ہرمز کی فوری بحالی کی تردید کی گئی تاہم امید ہے کہ اب جبکہ اس کارِ خیر کیلئے کمرِ ہمت باندھ لی گئی ہے، آبنائے ہرمز کی بندش کا مکمل خاتمہ بھی جلد ہو جائے گا۔ اس سے یہ بھی اجاگر ہوتا ہے کہ امن اور مذاکرات کا راستہ خواہ کتنا ہی پیچیدہ اور دشوار ہو، مگر انسانیت کے مفاد کی یہی واحد صورت ہے۔

فاوچی کی ڈائری، دنیا نے کچھ نہیں سیکھا

تحریر؛ ڈاکٹر لبنیٰ مرزا

کورونا کے بعد کی دنیا میں، ڈاکٹر انتھونی فاوچی کے ساتھ ہونے والے سلوک کو دیکھ کر مجھے حیرت نہیں ہوتی بلکہ ایک پہچان کا احساس ہوتا ہے۔ اس میں کچھ ایسا ہے جو ماضی کی یاد دلاتا ہے۔ صدیاں گزر چکی ہیں، ٹیکنالوجی ترقی کر چکی ہے اور تہذیبیں بدل چکی ہیں، لیکن انسان کی فطرت، خاص طور پر ان لوگوں کے بارے میں جو دنیا کو سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں، ویسی کی ویسی ہے۔ اہلِ علم، سائنس دان، مفکرین۔ وہ لوگ جو اپنی زندگیاں سچ کی تلاش میں گزارتے ہیں۔ آج بھی شک، ناراضگی اور بعض اوقات کھلی دشمنی کا سامنا کرتے ہیں۔ یہ کوئی نئی بات نہیں۔ یہ ایک تسلسل ہے۔

اسکندریہ کی ہائپیشیا کو یاد کریں، جو پانچویں صدی کی ایک ریاضی دان، ماہرِ فلکیات اور فلسفی تھیں۔ وہ علم و دانش کے عروج پر تھیں، تاریخ کے ایک عظیم علمی مرکز میں۔ لیکن علم نے انہیں تحفظ نہیں دیا۔ ان پر الحاد اور جادوگری کے الزامات لگے، انہیں ہجوم نے گھسیٹا، بے حرمتی کی اور قتل کر دیا۔ ان کا جرم کوئی جرم نہیں تھا۔ وہ ذہانت، خودمختاری اور اثر و رسوخ تھا۔

صدیوں بعد، اسلامی سنہری دور کے عظیم معالجین میں سے ایک، ابوبکر الرازی، کو روایتی عقائد سے ہٹ کر سوچنے پر شدید مخالفت کا سامنا کرنا پڑا۔ ابن رشد کی کتابیں جلائی گئیں اور انہیں جلاوطنی کا سامنا کرنا پڑا۔ ابن سینا، ایک عظیم مفکر، نے "القانون فی الطب" لکھی، جو یورپ میں سات سو سال تک نصاب کا حصہ رہی، لیکن وہ بھی عدم استحکام، قید اور تنقید کا شکار رہے۔ تقی الدین نے ایک عظیم رصدگاہ قائم کی، جو دنیا کی بہترین رصد گاہوں کا مقابلہ کرتی تھی، لیکن اسے اس دعوے پر تباہ کر دیا گیا کہ تحقیق خدا کی ناراضی کا باعث بنی ہے۔

پھر گیلیلیو کا مقدمہ آیا۔ 1633 میں، گیلیلیو نے طاقت کے سامنے ایک مشاہدہ پیش کیا۔ زمین سورج کے گرد گھومتی ہے، نہ کہ اس کے برعکس۔ یہ اس کی ضد نہیں تھی بلکہ شواہد کا تقاضا تھا۔ اس کے بدلے انہیں سزا دی گئی، اپنے نظریے سے دستبردار ہونے پر مجبور کیا گیا اور زندگی کے باقی حصے کے لیے نظر بند کر دیا گیا۔ پیغام واضح تھا: سچ کو صرف تب برداشت کیا جاتا ہے جب وہ اختیار کو چیلنج نہ کرے۔ مجھے اس بات پر حیرت ہوتی ہے کہ جو عام لوگ سائنس پر شک کرتے ہیں، وہ خود کو گیلیلیو سمجھتے ہیں، نہ کہ اس کے مخالفین۔ حقیقت سے اس قدر دور ہونا بھی ایک عجیب بات ہے۔ کسی بھی اہم چیز کو سمجھنے کے لیے وقت درکار ہوتا ہے۔ سالوں، اکثر دہائیوں کی محنت۔ علم کسی لمحاتی الہام سے پیدا نہیں ہوتا، بلکہ بار بار کوشش، ناکامی، اصلاح اور شک کے ذریعے تشکیل پاتا ہے۔ ایک سائنس دان یقین کے ذریعے سچ تک نہیں پہنچتا، بلکہ محنت کے ذریعے پہنچتا ہے۔ مفروضہ، تجربہ، غلطی، اصلاح۔ بار بار۔ اور یوں غیر یقینی سے کچھ پائیدار ابھرتا ہے۔ یہ ایک سست اور اکثر مایوس کن عمل ہے، لیکن یہی وہ طریقہ ہے جس نے جدید دنیا کی بنیاد رکھی ہے۔ اور پھر بھی، اس سب کے باوجود، ایک تضاد برقرار ہے۔ وہی لوگ جو علم سے فائدہ اٹھاتے ہیں، اکثر اسی پر شک بھی کرتے ہیں۔ آج کے دور میں بھی یہ سلسلہ جاری ہے۔ شاید کم ظاہری تشدد کے ساتھ، مگر اتنا ہی واضح۔ حیرت کی بات ہے کہ سیکڑوں سال گزرنے کے باوجود، دنیا اور اس کے لوگ بدلے نہیں۔ ڈاکٹر فاو؟ چی، جو دہائیوں کی محنت سے بنے ایک معالج اور سائنس دان ہیں، ایک عالمی بحران کے دوران عوامی شخصیت بن گئے۔ ان کا کام آسان نہیں تھا۔ بدلتی ہوئی سائنس کو حقیقی وقت میں بیان کرنا، غیر یقینی صورتحال میں سچ بولنا، اور مکمل علم کے بغیر رہنمائی کرنا۔ لیکن سائنس فوری یقین فراہم نہیں کرتی۔ یہ خود کو بہتر بناتی ہے، شواہد کے ساتھ بدلتی ہے۔ سائنس دان کے لیے یہ دیانت داری ہے، مگر عوام کے لیے یہ تضاد محسوس ہو سکتا ہے۔

اور اسی خلا میں۔ سائنس کے کام کرنے کے طریقے اور اس کے عوامی تصور کے درمیان۔ عدم اعتماد جنم لیتا ہے۔ عوام وضاحت چاہتے ہیں، سائنس احتمال دیتی ہے۔ عوام حتمی جواب چاہتے ہیں، سائنس نظر ثانی کرتی ہے۔ جو سائنس دان ترقی سمجھتے ہیں، بہت سے لوگ اسے ناکامی سمجھتے ہیں۔ یوں مایوسی شک میں بدلتی ہے، اور شک آسانی سے دشمنی میں۔ خوف اس عمل کو تیز کرتا ہے۔ جب لوگ کسی چیز کو نہیں سمجھتے، تو وہ اس نامعلوم کو قبول کرنے کے بجائے اسے سادہ بنا دیتے ہیں۔ وہ شواہد کی جگہ عقیدہ، پیچیدگی کی جگہ یقین، اور باریکی کی جگہ کہانی کو ترجیح دیتے ہیں۔ جو علم آسانی سے سمجھ نہ آئے، وہ مشکوک بن جاتا ہے، اور جو مشکوک ہو، وہ نشانہ بن جاتا ہے۔

یہ صرف حقائق پر اختلاف نہیں، بلکہ ایک گہرا تصادم ہے۔ سمجھنے کی تربیت اور اس کی مزاحمت کے درمیان۔ المیہ صرف ذاتی نہیں، حالانکہ تاریخ ایسے افراد سے بھری پڑی ہے جنہوں نے اس کی قیمت ادا کی۔ یہ اجتماعی ہے۔ جب بھی علم کو دبایا جاتا ہے، تاخیر کا شکار کیا جاتا ہے یا تباہ کیا جاتا ہے، انسانیت پیچھے چلی جاتی ہے۔ کتب خانے جلتے ہیں، دریافتیں مٹ جاتی ہیں، ترقی رک جاتی ہے، اور ہمیں دوبارہ وہی کچھ سیکھنا پڑتا ہے جو کبھی معلوم تھا۔ اور پھر بھی، علم قائم رہتا ہے۔ اس لیے کہ ہمیشہ کچھ لوگ ہوتے ہیں جو ہر قیمت پر اس کی تلاش جاری رکھتے ہیں۔ تنقید، تنہائی یا اس سے بھی بدتر حالات کے باوجود۔ سائنس کی تاریخ صرف دریافتوں کی کہانی نہیں، بلکہ مزاحمت کے مقابلے میں استقامت کی داستان ہے۔ اور شاید یہی سب سے پریشان کن حقیقت ہے۔ دنیا تقریباً ہر لحاظ سے بدل چکی ہے، مگر اس معاملے میں نہیں۔

کیا بھارت ایک نئی سیاسی تبدیلی کے دہانے پر کھڑا ہے؟

تحریر: اسلم اعوان

دنیا کی سب سے بڑی جمہوریت بھارت اس وقت اپنی تاریخ کے ایک ایسے فیصلہ کن موڑ پر کھڑی دکھائی دیتی ہے جہاں ریاست، سیاست، آئین، عدلیہ، میڈیا اور مجموعی سماجی ڈھانچے کے مستقبل سے متعلق بنیادی سوالات ایک بار پھر شدت سے اٹھائے جا رہے ہیں۔

وزیراعظم نریندر مودی اور بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کی مسلسل انتخابی کامیابیوں نے ہندوتوا، جسے عموماً ہندو اکثریتی سیاست سے منسلک نظریہ سمجھا جاتا ہے، کو بھارتی سیاسی بیانیے کا مرکزی محور بنا دیا ہے۔

اس نظریے کے حامی اسے بھارت کی قدیم تہذیبی شناخت اور ثقافتی ورثے کی بحالی کی کوشش قرار دیتے ہیں۔ تاہم ناقدین کے مطابق ایک واحد، متحد اور ہمہ گیر قدیم بھارتی تہذیب کا تصور برصغیر کی تاریخی ارتقا کو حد سے زیادہ سادہ بنا کر پیش کرتا ہے۔ صدیوں کے دوران برصغیر مختلف مذاہب، ریاستوں، زبانوں، نسلی برادریوں، تجارتی روابط اور تہذیبی تبادلوں کے امتزاج سے تشکیل پایا ہے۔ اس کی تاریخ کسی یکساں اور جامد تہذیب کی نہیں بلکہ ایک مسلسل ارتقا پذیر، متنوع اور کثیر الثقافتی تہذیبی دھارے کی عکاسی کرتی ہے۔ موجودہ ڈیجیٹل اور باہم مربوط دنیا میں متعدد مورخین اور سیاسی تجزیہ نگاروں کا خیال ہے کہ ایسی واحد تاریخی شناخت کی تشکیل نہ تو تاریخی حقائق سے مطابقت رکھتی ہے اور نہ ہی سماجی طور پر قابلِ عمل ہے۔ ان کے مطابق اس طرزِ فکر نے بھارت کے آئینی سیکولرازم، مذہبی ہم آہنگی اور وفاقی توازن کو غیر معمولی دباو؟ سے دوچار کر دیا ہے۔

سن 2014 میں اقتدار سنبھالنے کے بعد مودی حکومت نے متعدد ایسے اقدامات کیے جنہوں نے نہ صرف بھارت بلکہ عالمی سطح پر بھی سیاسی اور سفارتی حلقوں میں وسیع بحث کو جنم دیا۔ جموں و کشمیر کی خصوصی آئینی حیثیت (آرٹیکل 370) کا خاتمہ، شہریت ترمیمی قانون (CAA)، یکساں سول کوڈ پر مباحث، مذہبی تبدیلی سے متعلق قوانین، گاو؟ رکھشا کے نام پر ہجوم کے تشدد کے واقعات، اور مختلف ریاستوں میں "بلڈوزر سیاست" جیسے اقدامات نے ملک میں سیاسی تقسیم کو مزید گہرا کیا۔

متعدد سیاسی مبصرین کے مطابق ہندوتوا اب محض ایک نظریاتی تحریک نہیں رہا بلکہ انتخابی سیاست، ریاستی اداروں، عوامی بیانیے اور میڈیا کے بعض حصوں پر بھی اس کے نمایاں اثرات مرتب ہوئے ہیں۔ ناقدین کا کہنا ہے کہ اس ماحول میں مسلمان، سکھ، عیسائی، دلت اور بعض مواقع پر اختلافِ رائے رکھنے والے ہندو بھی بڑھتے ہوئے سماجی اور سیاسی دباو؟ کا سامنا کر رہے ہیں۔ دوسری جانب حکومت اور اس کے حامی ان الزامات کو مسترد کرتے ہوئے موقف اختیار کرتے ہیں کہ قانون تمام شہریوں پر یکساں طور پر نافذ ہوتا ہے اور ایسی تنقید سیاسی محرکات پر مبنی ہے۔

گزشتہ چند برسوں میں بھارت کی عدلیہ، پولیس، تحقیقاتی اداروں اور میڈیا کی آزادی کے حوالے سے بھی بحث میں اضافہ ہوا ہے۔ سابق ججوں، ریٹائرڈ سول سرونٹس، صحافیوں اور سول سوسائٹی کے نمائندوں نے مختلف مواقع پر اداروں کی خودمختاری کے بارے میں خدشات کا اظہار کیا ہے، جبکہ حکومت مسلسل اس بات پر زور دیتی ہے کہ بھارت کے تمام آئینی ادارے آزاد اور موثر انداز میں اپنی ذمہ داریاں انجام دے رہے ہیں۔

میڈیا کا کردار بھی اس سیاسی تبدیلی کا ایک اہم پہلو بن چکا ہے۔ ناقدین کا کہنا ہے کہ مرکزی دھارے کے بعض ٹی وی چینلز حکومتی موقف کو زیادہ نمایاں جگہ دیتے ہیں جبکہ اختلافی آوازوں کے لیے گنجائش محدود ہوتی جا رہی ہے۔ آزاد صحافیوں اور ڈیجیٹل میڈیا پلیٹ فارمز نے بھی یہی موقف اختیار کیا ہے کہ تنقیدی صحافت کے لیے ماحول پہلے کی نسبت زیادہ محدود ہوگیا ہے۔ اس کے برعکس حکومتی نمائندوں کا کہنا ہے کہ بھارتی میڈیا آج بھی متنوع، متحرک اور آزاد ہے۔

انتخابی سیاست بھی اس بحث کا ایک اہم پہلو ہے۔ بی جے پی کی مسلسل انتخابی کامیابیوں کی وجوہات میں اس کا مضبوط تنظیمی ڈھانچہ، راشٹریہ سویم سیوک سنگھ (آر ایس ایس) کا وسیع نیٹ ورک، جدید انتخابی حکمت عملی، موثر ڈیجیٹل مہم اور وزیراعظم مودی کی ذاتی مقبولیت کو اہم عوامل قرار دیا جاتا ہے۔ دوسری جانب کانگریس سمیت اپوزیشن جماعتیں انتخابی فنڈنگ، ریاستی اداروں کے مبینہ استعمال، بعض علاقوں میں ووٹر رجسٹریشن کے طریقہ کار اور غیر مساوی سیاسی ماحول پر مسلسل سوالات اٹھاتی رہی ہیں۔ یہ متضاد بیانیے آج بھی بھارتی سیاست میں شدید کشمکش کا باعث ہیں۔

کانگریس رہنما راہول گاندھی نے "بھارت جوڑو یاترا" اور "بھارت جوڑو نیائے یاترا" کے ذریعے بی جے پی کے سیاسی بیانیے کا متبادل پیش کرنے کی کوشش کی۔ ان کا موقف ہے کہ بھارت کی حقیقی طاقت اس کی آئینی جمہوریت، مذہبی تکثیریت، ثقافتی تنوع اور لسانی رنگا رنگی میں مضمر ہے، نہ کہ اکثریتی سیاست میں۔ ان کے مطابق آئینی اداروں کا تحفظ اور سماجی ہم آہنگی کا فروغ بھارت کے جمہوری مستقبل کے لیے ناگزیر ہے۔

ملک کے مختلف حصوں میں حالیہ عوامی مظاہروں، سیاسی سرگرمیوں اور بے چینی نے ایک بار پھر یہ سوال پیدا کر دیا ہے کہ آیا بھارت ایک نئی سیاسی تبدیلی کے دور میں داخل ہو رہا ہے۔ اگر یہ عوامی ردِعمل ایک وسیع قومی تحریک کی شکل اختیار کرتا ہے تو بعض تجزیہ نگاروں کے نزدیک یہ 1975 کی ایمرجنسی کے بعد بھارت کی سب سے بڑی جمہوری عوامی بیداری ثابت ہو سکتی ہے۔ تاہم اس کا انحصار عوامی حمایت، اپوزیشن کے اتحاد، ریاستی ردِعمل اور آئینی اداروں کی مضبوطی پر ہو گا۔

غریب عوام پاکستان اور لہرا احتجاج

تحریر: ملک آصف علی

پوری دنیا میں جہاں جہاں جمہوری نظام حکومت رائج ہے وہاں پر عوامی احتجاج اور سیاسی جلسے جلوس عوام کا قانونی حق تصور کیا جاتا ہے۔ اسی طرح

پاکستان کی سیاست میں بھی احتجاج اور سیاسی جلسے جمہوری نظام و عمل کا اہم حصہ سمجھے جاتے ہیں۔ پاکستان تحریکِ انصاف کے بانی و سابقہ چیرمین اور پاکستان کے سابقہ وزیراعظم عمران خان جن کو 5 اگست کو گرفتار کیا گیا تھا۔ انکی اس تیسرے سال بے گناہ قید رہنے کے موقع پر ملک بھر میں احتجاجی تحریک اور ریلیوں کا اعلان کیا گیا تھا۔ پاکستان تحریک انصاف کی پارٹی قیادت کے مطابق اس احتجاج کا مقصد عمران خان کی رہائی و قید تنہائی، سیاسی کارکنوں کے خلاف مقدمات کے خاتمے اور اپنے مطالبات کو عوام کے سامنے پیش کرنا تھا۔ ناکہ ملک پاکستان کے نظام کو خراب کرنا تھا۔ بلکہ ملک پاکستان میں حق اور سچ کے بول کو بالا کرنے کے لیے تحریک کو چلانا تھا۔

دوسری جانب حکومت پنجاب نے سیلابی صورت حال کو مدِ نظر رکھتے ہو؟۔ ان جلسے اور جلوسوں سے قبل ہی پنجاب میں دفعہ 144 کا نفاذ کر دیا تھا۔ حکومت اور قانون نافذ کرنے والے اداروں نے امن و امان برقرار رکھنے کو اپنی اولین ترجیح قرار دیا۔ مختلف شہروں میں اضافی پولیس اور سیکیورٹی اہلکار تعینات کیے گئے، جبکہ بعض مقامات پر اجتماعات اور ریلیوں کے حوالے سے انتظامی پابندیاں بھی نافذ کی گئیں۔ حکومتی مؤقف یہ رہا کہ کسی کو قانون ہاتھ میں لینے یا عوامی زندگی میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ پاکستان تحریک انصاف کے جلسوں پر لگائی جانے والی پابندیوں کو مدِ نظر رکھتے ہو؟۔ وزیر اعلی خیبر پختون خواہ نے اپنے ایک جلسے کے دوران 27 ستمبر کو اسلام آباد کا رخ کرنے جبکہ جماعت اسلامی نے 7 اگست کو ملک گیر احتجاج کا عندیہ دیا ہے۔ یہاں ایک اور بات قابل ذکر ہے کہ ٹرانسپورٹرز بھی اس احتجاج کا حصہ بن کر 8 اگست کو ملک بھر میں پہیہ جام ہڑتال کی طرف گامزن ہیں۔ پی ٹی آئی کا مؤقف ہے کہ احتجاج ہر شہری اور سیاسی جماعت کا آئینی و جمہوری حق ہے، اگر یہ پُرامن انداز میں کیا جائے تو ریاست کو اس میں رکاوٹ نہیں ڈالنی چاہیے۔ پارٹی رہنماؤں نے اپنے کارکنوں کو پُرامن رہنے اور قانون کی پاسداری کی ہدایت بھی دی جبکہ حکومت کا مؤقف اس سے مختلف ہے۔ حکومتی نمائندوں کے مطابق احتجاج کی آڑ میں اگر سرکاری املاک کو نقصان پہنچانے، شاہراہیں بند کرنے یا عوام کی معمول کی زندگی متاثر کرنے کی کوشش کی گئی تو قانون کے مطابق کارروائی کی جائے گی۔ حکومت کا کہنا ہے کہ ریاست کی ذمہ داری صرف احتجاج کی آزادی کا تحفظ ہی نہیں بلکہ شہریوں کے جان و مال اور امن و امان کا تحفظ بھی ہے۔ ایسے سیاسی حالات میں سب سے زیادہ اثر عام شہریوں پر پڑتا ہے۔ سڑکوں کی بندش، ٹریفک کی مشکلات، کاروباری سرگرمیوں میں رکاوٹ اور تعلیمی اداروں کے معمولات متاثر ہو سکتے ہیں۔ اس لیے ضروری ہے کہ تمام سیاسی قوتیں اپنے اختلافات کو جمہوری اور آئینی حدود کے اندر رکھتے ہوئے حل کرنے کی کوشش کریں۔ جمہوری معاشروں میں اختلافِ رائے ایک فطری عمل ہے، لیکن اس کے ساتھ برداشت، مکالمہ اور قانون کی پاسداری بھی اتنی ہی ضروری ہے۔ اگر سیاسی جماعتیں، حکومت اور ریاستی ادارے ایک دوسرے کے مؤقف کو سنجیدگی سے سنیں اور مذاکرات کو ترجیح دیں تو سیاسی کشیدگی میں کمی آ سکتی ہے اور قومی استحکام کو فروغ مل سکتا ہے لیکن دوسری جانب 5 اگست احتجاج کے دوران لاہور میں وکلاء اور عوامی نمائندوں کی پکڑ دکڑ کے دوران کوریج کرنے ہر صحافیوں پر

روشنی کی تاریخ: یورپ کا سائنسی انقلاب

تحریر: ڈاکٹر سہیل زبیری

الحسن ابن الہیثم نے بصریات کو فلسفیانہ قیاس آرائی سے نکال کر تجرباتی سائنس میں تبدیل کر دیا۔ انہوں نے یہ ثابت کیا کہ کسی سائنسی نظریے کی سچائی کا فیصلہ کسی عظیم فلسفی یا قدیم کتاب سے نہیں بلکہ تجربے سے ہوتا ہے۔ یہی وہ فکر تھی جس نے بعد میں جدید سائنس کی بنیاد رکھی۔

لیکن ابن الہیثم کے بعد بھی دنیا فوراً سائنسی انقلاب میں داخل نہیں ہوئی۔

کئی صدیاں گزر گئیں۔ یورپ میں جنگیں ہوئیں، سلطنتیں بدلتی رہیں، اور علمی مراکز بھی بار بار تباہ ہوئے۔ لیکن اس دوران ایک خاموش انقلاب جاری تھا۔ مسلمان علماء کی کتابیں عربی سے لاطینی زبان میں ترجمہ ہو رہی تھیں۔ قرطبہ، طلیطلہ (Toledo) اور سسلی جیسے مراکز کے ذریعے ریاضی، فلکیات، طب اور بصریات کا وہ سرمایہ یورپ پہنچ رہا تھا جو کئی صدیوں میں اسلامی دنیا میں جمع ہوا تھا۔ یورپی علماء نے ان کتابوں کو صرف پڑھا ہی نہیں بلکہ ان پر مزید تحقیق بھی شروع کی۔ یہی وہ مرحلہ تھا جہاں سے سائنس کی ایک نئی داستان شروع ہوتی ہے۔

یہ داستان صرف چند عظیم سائنس دانوں کی نہیں بلکہ انسانی فکر کی آزادی کی داستان ہے۔ اور اس داستان کا پہلا بڑا کردار نکولس کوپرنیکس تھے۔

آج ہر شخص جانتا ہے کہ زمین سورج کے گرد گردش کرتی ہے۔ لیکن پانچ سو سال پہلے یہ خیال اتنا انقلابی تھا کہ اسے قبول کرنا آسان نہیں تھا۔ اس زمانے میں تقریباً پوری دنیا بطلیموس کے اس نظریے پر یقین رکھتی تھی کہ زمین کائنات کا ساکن مرکز ہے اور سورج، چاند، سیارے اور ستارے اس کے گرد گھومتے ہیں۔ یہ نظریہ صرف فلکیات کا مسئلہ نہیں تھا۔ یہ انسان کے اپنے مقام کا مسئلہ بھی تھا۔ اگر زمین مرکزِ کائنات ہے تو گویا انسان بھی تخلیق کا مرکز ہے۔ لیکن 1543ء میں پولینڈ کے ایک راہب، نکولس کوپرنیکس، نے اپنی مشہور کتاب De Revolutionibus Orbium Coelestium شائع کی اور ایک ایسا نظریہ پیش کیا جس نے صدیوں پرانے تصور کو ہلا کر رکھ دیا۔ انہوں نے کہا کہ مرکز میں زمین نہیں، سورج ہے۔ زمین بھی دوسرے سیاروں کی طرح سورج کے گرد گردش کرتی ہے۔ یہ محض ایک فلکیاتی تبدیلی نہیں تھی۔ یہ انسانی سوچ کی تاریخ میں ایک عظیم انقلاب تھا۔ زمین سورج کے گرد کن قوانین کے تحت گھومتی ہے؟ اس میں سب سے پہلی پیش رفت ایک نوجوان جرمن ریاضی دان اور ماہرِ فلکیات کے حصے میں آئی۔ ان کا نام یوہانس کیپلر تھا۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ اگرچہ کیپلر کو ہم آج سیاروں کی حرکت کے قوانین کی وجہ سے جانتے ہیں، لیکن بصریات کی تاریخ میں بھی ان کا مقام نہایت بلند ہے۔ انہوں نے پہلی مرتبہ انسانی آنکھ کے کام کرنے کے طریقے کو صحیح سائنسی بنیادوں پر سمجھایا۔ کیپلر نے ابن الہیثم کی کتاب کتاب المناظر کا گہرا مطالعہ کیا تھا۔ انہوں نے محسوس کیا کہ اگر آنکھ واقعی روشنی وصول کرتی ہے تو اس کے اندر ضرور کوئی ایسا مقام ہوگا جہاں اشیاء کی تصویر بنتی ہوگی۔ اس زمانے تک یہ معلوم نہیں تھا کہ آنکھ کے اندر تصویر کہاں بنتی ہے اور دماغ تک کیسے پہنچتی ہے۔ بہت سے سائنسدان اب بھی یہی سمجھتے تھے کہ آنکھ کے عدسے (Lens) میں ہی بصارت کا راز پوشیدہ ہے۔ کیپلر نے نہایت حساس مشاہدات اور جیومیٹری کی مدد سے یہ نتیجہ اخذ کیا کہ آنکھ ایک نہایت پیچیدہ مگر انتہائی خوبصورت بصری آلہ ہے، جس میں قرنیہ (Cornea) اور عدسہ مل کر آنے والی روشنی کو موڑتے ہیں اور اسے آنکھ کے پچھلے حصے پر موجود ایک باریک پردے، یعنی retina، پر مرکوز کر دیتے ہیں۔ یہ دریافت غیر معمولی تھی، کیونکہ پہلی مرتبہ معلوم ہوا کہ آنکھ کے اندر واقعی ایک تصویر بنتی ہے۔ اس سے بھی زیادہ حیرت انگیز بات یہ تھی کہ یہ تصویر سیدھی نہیں بلکہ الٹی ہوتی ہے۔ درخت کی چوٹی retina کے نچلے حصے پر بنتی ہے، جبکہ اس کا تنا اوپر کی طرف تصویر بناتا ہے۔ پہلی نظر میں یہ نتیجہ عجیب معلوم ہوتا ہے، لیکن اگر ہم ایک چھوٹا سا سوراخ بنا کر اس سے روشنی کو کسی سفید پردے پر گزرنے دیں تو یہی الٹی تصویر ہمیں صاف نظر آتی ہے۔ کیپلر نے سمجھ لیا کہ انسانی آنکھ بھی بنیادی طور پر اسی اصول پر کام کرتی ہے، فرق صرف اتنا ہے کہ یہاں سوراخ کی جگہ ایک شفاف عدسہ موجود ہے جو روشنی کو زیادہ موثر انداز میں جمع کرتا ہے۔ اس دریافت نے بصریات میں ایک نیا باب کھول دیا۔ اب پہلی مرتبہ آنکھ کو ایک حیاتیاتی عضو کے ساتھ ساتھ ایک آپٹیکل آلے کے طور پر بھی سمجھا جانے لگا۔ بعد کے زمانے میں یہی تصور کیمرے کی ایجاد، خوردبین، دوربین اور جدید بصری آلات کی ترقی کی بنیاد بنا۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ آج جب ہم کسی ڈیجیٹل کیمرے یا موبائل فون کے کیمرے کی ساخت کا مطالعہ کرتے ہیں تو اس میں بھی ہمیں تقریباً وہی بنیادی اجزاء نظر آتے ہیں جو انسانی آنکھ میں موجود ہیں: سامنے عدسہ، پیچھے تصویر وصول کرنے والی سطح، اور پھر اس تصویر کو سمجھنے والا ایک نظام۔ فرق صرف یہ ہے کہ آنکھ میں یہ کام دماغ کرتا ہے، جبکہ کیمرے میں الیکٹرانک سینسر اور کمپیوٹر۔

سترہویں صدی کے وسط تک بصریات ایک نئی منزل میں داخل ہو چکی تھی۔ ابن الہیثم نے یہ ثابت کر دیا تھا کہ روشنی آنکھ سے نہیں بلکہ اشیاء سے آتی ہے۔ کیپلر نے سمجھا دیا تھا کہ آنکھ ایک پیچیدہ بصری آلہ ہے، جبکہ ڈیکارٹ اور فرما روشنی کے انعطاف کو ریاضی کی زبان میں بیان کر چکے تھے۔ اب سائنس دان یہ جاننے لگے تھے کہ روشنی کیسے سفر کرتی ہے، کس طرح منعکس ہوتی ہے اور مختلف مادّوں میں داخل ہو کر اپنا راستہ کیوں بدلتی ہے۔ لیکن ایک بنیادی سوال اب بھی اپنی جگہ موجود تھا، اور شاید یہی بصریات کا سب سے اہم سوال تھا۔ آخر روشنی خود ہے کیا؟ کیا روشنی نہایت چھوٹے ذرات پر مشتمل ہے، یا پھر وہ پانی کی لہروں کی طرح ایک موج ہے؟ یہ سوال بظاہر سادہ معلوم ہوتا ہے، لیکن آنے والی تقریباً ڈیڑھ صدی تک طبیعیات دان اسی ایک مسئلے پر تقسیم رہے۔ اس بحث کے دو مرکزی کردار تھے: انگلستان کے آئزک نیوٹن اور ہالینڈ کے کرسچیان ہیوگنز۔ دونوں اپنے زمانے کے عظیم ترین سائنس دان تھے، دونوں غیر معمولی ذہانت رکھتے تھے، اور دلچسپ بات یہ ہے کہ دونوں اپنے اپنے دلائل کے لحاظ سے کافی حد تک درست بھی تھے۔

1666ء میں انگلستان میں طاعون کی وبا پھیل گئی۔ کیمبرج یونیورسٹی بند ہوگئی اور ایک نوجوان طالب علم، آئزک نیوٹن، اپنے آبائی گاو؟ں وولس تھورپ واپس چلے گئے۔ یہی وہ دو سال تھے جنہیں مو؟رخین نیوٹن کی زندگی کا "معجزاتی دور" (Annus Mirabilis) کہتے ہیں، کیونکہ اسی عرصے میں انہوں نے کششِ ثقل، Calculus اور روشنی کے بارے میں اپنی بنیادی تحقیقات شروع کیں۔

ایک دن نیوٹن نے اپنے کمرے کو تقریباً تاریک کر دیا۔ کھڑکی میں ایک چھوٹا سا سوراخ بنایا تاکہ سورج کی صرف ایک باریک شعاع اندر داخل ہو۔ اس شعاع کے سامنے انہوں نے شیشے کا ایک منشور (Prism) رکھا۔ اچانک سفید روشنی سرخ، نارنجی، زرد، سبز، نیلے اور بنفشی رنگوں کی ایک خوبصورت پٹی میں تبدیل ہوگئی۔ یہ منظر اس سے پہلے بھی لوگوں نے دیکھا تھا، لیکن نیوٹن نے وہ سوال پوچھا جو کسی اور نے نہیں پوچھا تھا۔ کیا منشور سفید روشنی میں رنگ پیدا کرتا ہے، یا یہ رنگ پہلے ہی سفید روشنی کے اندر موجود ہوتے ہیں؟ یہ سوال معمولی نہیں تھا، کیونکہ اس زمانے میں اکثر سائنس دانوں کا خیال تھا کہ شیشہ کسی طرح روشنی کو رنگین بنا دیتا ہے۔

نیوٹن نے اس مسئلے کو صرف قیاس آرائی سے حل نہیں کیا بلکہ ایک اور تجربہ کیا۔ انہوں نے پہلے منشور سے نکلنے والے صرف ایک رنگ، مثلاً سرخ شعاع، کو الگ کیا اور اسے دوسرے منشور سے گزارا۔ اگر رنگ منشور پیدا کر رہا ہوتا تو دوسرے منشور سے گزرنے کے بعد سرخ شعاع کو مزید مختلف رنگوں میں تقسیم ہو جانا چاہیے تھا۔

صحت سے کھیلنے والوں کے خلاف پنجاب میں زیرو ٹالرنس

تحریر: ثنا عباس

کھانا صرف بھوک مٹانے کا ذریعہ نہیں، انسانی صحت کی بنیاد بھی ہے یہی وجہ ہے کہ جب کسی شہری کی پلیٹ میں غیر معیاری گوشت، ملاوٹ شدہ دودھ، زائد المیعاد ساس، خراب سبزیاں یا ناقص پانی پہنچتا ہے تو معاملہ صرف ایک فوڈ پوائنٹ کی خلاف ورزی تک محدود نہیں رہتا، بلکہ یہ براہِ راست عوامی صحت کا مسئلہ بن جاتا ہے

پنجاب میں ناقص اور غیر معیاری خوراک کے خلاف کارروائیوں کا دائرہ وسیع کیا جا رہا ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب کی معاونِ خصوصی برائے پرائس کنٹرول سلمیٰ بٹ اور ڈائریکٹر جنرل پنجاب فوڈ اتھارٹی راجہ منصور کی نگرانی میں جاری کارروائیوں کا بنیادی مقصد یہی ہے کہ عوام تک پہنچنے والی خوراک کو محفوظ، صاف اور مقررہ معیار کے مطابق بنایا جائے۔ اس سلسلے کی تازہ مثال سرگودھا کے سیال ریسٹ ایریا میں سامنے آئی، جہاں متعلقہ اداروں نے ناقص خوراک کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے تقریباً 400 کلوگرام زائد المیعاد اور انسانی صحت کے لیے مضر گوشت قبضے میں لے کر تلف کر دیا کارروائی کے دوران صرف گوشت ہی نہیں دیکھا گیا بلکہ خوراک کے معیار، صفائی ستھرائی، سرکاری نرخوں اور دیگر قانونی تقاضوں کا بھی جائزہ لیا گیا۔ خلاف ورزیوں پر 10 لاکھ روپے جرمانہ عائد کیا گیا جبکہ ذمہ داران کے خلاف مقدمات بھی درج کیے گئے یہ کارروائی اس بات کا واضح پیغام ہے کہ عوام کو ناقص خوراک فراہم کرنے والے عناصر اب صرف جرمانے کی حد تک نہیں بلکہ قانونی کارروائی کا بھی سامنا کریں گے لیکن پنجاب فوڈ اتھارٹی کی کارروائیوں کی تصویر صرف سرگودھا تک محدود نہیں۔ موٹروے کے سروس ایریاز میں بھی فوڈ سیفٹی ٹیمیں متحرک ہیں، جہاں مسافروں کو فراہم کی جانے والی خوراک کا معیار چیک کیا جا رہا ہے۔ لاہور موٹروے پر دو بڑے فاسٹ فوڈ آؤٹ لیٹس کے معائنے کے دوران مبینہ طور پر غیر فلٹر شدہ پانی، زائد المیعاد اور بغیر تاریخ درج ساسز، خراب سبزیوں اور ناقص اسٹوریج سمیت مختلف خلاف ورزیاں سامنے آئیں، جس پر کارروائی اور جرمانے کیے گئے اسی طرح حافظ آباد فوڈ سیفٹی ٹیم نے ایم ٹو سکھیکی موٹروے پر کارروائی کرتے ہوئے ایک من سے زائد ممنوعہ اجزاء تلف کیے، جبکہ فوڈ قوانین کی خلاف ورزی پر چار فوڈ پوائنٹس بند کیے گئے اور متعدد کو مجموعی طور پر 35 لاکھ روپے جرمانے عائد کیے گئے یہ اعداد و شمار بتاتے ہیں کہ معاملہ صرف ایک شہر یا ایک کاروبار کا نہیں بلکہ فوڈ سیفٹی کے ایک بڑے چیلنج کا ہے گوشت کی مارکیٹ میں بھی میٹ سیفٹی ٹیموں کی جانب سے مسلسل نگرانی کی جا رہی ہے۔ غیر معیاری گوشت کی نشاندہی کے بعد اسے تلف کیا جاتا ہے، متعلقہ کاروباری مراکز کو بہتری کے احکامات دیے جاتے ہیں اور قوانین کی خلاف ورزی پر جرمانے عائد کیے جاتے ہیں دوسری جانب دودھ کی چیکنگ بھی جاری ہے۔ مختلف دودھ فروش مراکز اور گاڑیوں کا معائنہ، دودھ کے نمونوں کی جانچ، ملاوٹ شدہ دودھ کو تلف کرنا اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف جرمانے۔۔۔ یہ سب اسی بڑے فوڈ سیفٹی پروگرام کا حصہ ہیں پنجاب فوڈ اتھارٹی کی جانب سے غیر معیاری کاروباری مراکز کو امپروومنٹ نوٹسز، ایمرجنسی پروہیبیشن آرڈرز، جرمانے اور مقدمات کا سامنا بھی کرنا پڑ رہا ہے اصل اہمیت اس بات کی ہے کہ کارروائی کسی ایک طبقے یا کاروبار تک محدود نہ رہے۔ چاہے کاروبار چھوٹا ہو یا بڑا، ریسٹورنٹ ہو یا فاسٹ فوڈ چین، دودھ فروش ہو یا گوشت کا کاروبار، موٹروے کا فوڈ پوائنٹ ہو یا شہر کی کوئی دکان۔۔۔ اگر خوراک کے معیار سے سمجھوتہ ہوگا تو قانون حرکت میں آنا چاہیے کیونکہ عوام جب کسی ریسٹورنٹ سے کھانا خریدتے ہیں تو انہیں یہ جاننے کی ضرورت نہیں ہونی چاہیے کہ باورچی خانے میں پانی فلٹر شدہ ہے یا نہیں، گوشت تازہ ہے یا زائد المیعاد، سبزیاں معیاری ہیں یا خراب، یا ساس کی ایکسپائری گزر چکی ہے یا نہیں۔ یہ ذمہ داری کاروباری اداروں اور متعلقہ نگرانی کرنے والے اداروں کی ہے اسی لیے پنجاب میں جاری فوڈ سیفٹی کارروائیوں کا اصل امتحان صرف یہ نہیں کہ کتنے جرمانے کیے گئے یا کتنے فوڈ پوائنٹس سیل ہوئے، بلکہ یہ ہے کہ ان کارروائیوں کے نتیجے میں عوام کو واقعی محفوظ خوراک کتنی مل رہی ہے جرمانہ ایک کارروائی ہے، مگر مستقل بہتری اصل کامیابی ہے۔ اگر ایک کاروباری مرکز کو وارننگ یا جرمانے کے بعد دوبارہ وہی خلاف ورزی کرتے ہوئے پکڑا جائے تو کارروائی مزید سخت ہونی چاہیے۔ اسی طرح جو کاروبار مسلسل قانون کی پاسداری کرتے ہیں، ان کی حوصلہ افزائی بھی ضروری ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب کی معاونِ خصوصی برائے پرائس کنٹرول سلمیٰ بٹ اور ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی راجہ منصور کی نگرانی میں جاری کارروائیوں سے ایک واضح پالیسی سامنے آتی ہے کہ عوام کی صحت پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا۔ اور شاید آج کے دور میں یہی سب سے ضروری پیغام ہے مہنگائی اپنی جگہ ایک بڑا مسئلہ ہے، لیکن مہنگی خوراک اگر غیر معیاری بھی ہو تو شہری کو دوہرا نقصان اٹھانا پڑتا ہے پیسے بھی زیادہ خرچ ہوں اور صحت بھی خطرے میں پڑ جائے اس لیے ضرورت صرف چھاپوں کی نہیں، مسلسل نگرانی، جدید ٹیسٹنگ، مؤثر قانون پر عمل درآمد اور عوامی آگاہی کی بھی ہے۔ کیونکہ آخر میں بات صرف گھی، تیل، دودھ یا گوشت کی نہیں... بات اس کھانے کی ہے جو ہماری پلیٹ میں آتا ہے، ہمارے بچوں تک پہنچتا ہے اور ہماری صحت کا حصہ بنتا ہے۔ اور جو کوئی اس خوراک میں جعلسازی یا ملاوٹ کر کے عوام کی صحت سے کھیلتا ہے، اس کے لیے پیغام واضح ہونا چاہیے کاروبار میں منافع کی اجازت ہے، لیکن عوام کی صحت کی قیمت پر نہیں محفوظ خوراک ہر شہری کا حق ہے، اور اس حق کے تحفظ کے لیے پنجاب میں زیرو ٹالرنس ہی واحد راستہ ہے۔



زہ شہر میں، ان لاکھوں فلسطینی خاندانوں کے لیے خیمے پناہ گاہ بنے ہوئے ہیں

جرمنی، افغان شہری کو میونخ میں گاڑی سے ٹکر مارنے کے جرم میں عمر قید

برلن (این این ائی) جرمنی کی ایک عدالت نے افغانی کو میونخ میں گذشتہ سال گاڑی سے ٹکر مارنے والے حملے کے جرم میں عمر قید کی سزا سنا دی جس میں ایک دو سالہ بچی اور اس کی والدہ ہلاک اور دیگر درجنوں زخمی ہو گئے تھے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق صرف فرہاد این کے نام سے شناخت کردہ شخص کو میونخ کی عدالت نے قتل کے دو، اقدامِ قتل کے 23 اور جسمانی ایذا رسانی کے 22 جرائم کا مرتکب پایا جن میں سے 19 سنگین نوعیت کے تھے۔ عدالت نے پایا کہ جرائم خاص شدت کے حامل تھے -اس نوعیت کی نامزدگی سے یہ امکان بہت کم رہ جاتا ہے کہ 25 سالہ شخص کبھی جیل سے رہا ہوگا۔

نیروبی: خواتین کی قیادت میں اغوا اور ماورائے عدالت قتل کے خلاف ہونے والے احتجاج کے دوران لوگ نیروبی کے وسطی علاقے سے گزرتے ہوئے نعرے لگا رہے ہیں اور پلے کارڈز اٹھائے ہوئے ہیں۔

ایران رجیم چینج میں ناکامی، موساد سربراہ نے 2 سینئر افسران کو عہدوں سے ہٹا دیا

دونوں افسران نے ایک تحریری آپریشنل منصوبہ تیار کیا تھا جس کا مقصد ایران کی اسلامی حکومت کا خاتمہ کرنا تھا، رپورٹ

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی خفیہ ایجنسی موساد کے نئے سربراہ رومن گوفمان نے ایران میں حکومت کی تبدیلی کے ناکام منصوبے سے وابستہ دو انتہائی سینئر افسران کو ان کے عہدوں سے ہٹا دیا۔ اسرائیلی میڈیا کی مطابق یہ دونوں افسران اس منصوبے کی تیاری اور اس پر عمل درآمد کی حکمت عملی بنانے میں مرکزی کردار ادا کر رہے تھے۔ ایک افسر گزشتہ دسمبر سے موساد کے انٹیلی جنس ڈائریکٹوریٹ کے سربراہ تھے جبکہ دوسرا ادارے کے ایران ڈویژن کی قیادت کر رہا تھا۔ دونوں افسران نے ایک تحریری آپریشنل منصوبہ تیار کیا تھا جس کا مقصد ایران کی اسلامی حکومت کا خاتمہ کرنا تھا۔ اس منصوبے میں ایران کی نسلی و لسانی اقلیتوں، بالخصوص کرد گروہوں کی مدد سے حکومت مخالف تحریک کو دوبارہ زندہ کرنے اور ملک گیر احتجاج کے ذریعے حکومت گرانے کی حکمت عملی شامل تھی۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ اس منصوبے پر اسرائیلی وزیراعظم بنیامین نیتن یاہو نے بھی غور کیا تھا اور فروری میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو ایران کے خلاف جنگ پر آمادہ کرنے کی کوششوں کے دوران اس کا ذکر کیا گیا تھا۔

جنوبی لبنان میں دھماکے سے 2 اسرائیلی فوجی ہلاک، 4 شدید زخمی

اہلکاروں کے عمارت میں داخل ہوتے ہی ایک زوردار دھماکا ہوا جس کے نتیجے میں 2 اہلکار ہلاک اور 4 شدید زخمی ہو گئے

نیویارک (نیوز ایجنسی) اسرائیلی فوج نے تصدیق کی ہیکہ گزشتہ روز جنوبی لبنان کے قصبے مجدل زون میں دھماکا خیز مواد پھٹنے کے نتیجے میں 2 اسرائیلی فوجی ہلاک اور 4 شدید زخمی ہو گئے ہیں۔ اسرائیلی میڈیا کے مطابق اس واقعے کے بعد اسرائیلی فوج نے گزشتہ روز حزب اللہ کے خلاف دوبارہ حملے شروع کر دیے ہیں۔ اسرائیلی فوج کے مطابق ہلاک ہونے والے فوجیوں کی شناخت 34 سالہ میجر حارل بیرنسٹاک اور 33 سالہ سارجنٹ میجر تمیر واکنین کے نام سے ہوئی ہے، دونوں اہلکاروں کا تعلق 55 ویں پیراٹروپرز بریگیڈ سے تھا۔ اسرائیلی فوج کی ابتدائی تحقیقات میں بتایا گیا ہے کہ بدھ کی دوپہر تقریباً 12 بجے ریزرو بریگیڈ کے اہلکار حزب اللہ کے انفراسٹرکچر کو تباہ کرنے کی غرض سے مجدل زون کی ایک عمارت میں داخل ہوئے تھے۔ اہلکاروں کے عمارت میں داخل ہوتے ہی ایک زوردار دھماکا ہوا جس کے نتیجے میں 2 اہلکار ہلاک اور 4 شدید زخمی ہو گئے۔ اہلکاروں کے عمارت میں داخل ہوتے ہی ایک زوردار دھماکا ہوا جس کے نتیجے میں 2 اہلکار ہلاک اور 4 شدید زخمی ہو گئے بدھ کی دوپہر تقریباً 12 بجے ریزرو بریگیڈ کے اہلکار حزب اللہ کے انفراسٹرکچر کو تباہ کرنے کی غرض سے مجدل زون کی ایک عمارت میں داخل ہوئے تھے۔ بدھ کی دوپہر تقریباً 12 بجے ریزرو بریگیڈ کے اہلکار حزب اللہ کے انفراسٹرکچر کو تباہ کرنے کی غرض سے مجدل زون کی ایک عمارت میں داخل ہوئے تھے۔

سعودی عرب میں ایران نواز گروہوں کے ممکنہ حملے کے پیش نظر سیکیورٹی ادارے الرٹ

توانائی کی تنصیبات، بندرگاہوں اور ہوائی اڈوں کو ممکنہ طور پر نشانہ بنایا جا سکتا ہے، حکام کو خدشہ

ریاض (این این آئی) سعودی حکام نے دعویٰ کیا ہے کہ ایران کے حمایت یافتہ مسلح گروہ مملکت میں اہم تنصیبات کو نشانہ بنانے کی تیاری کر رہے ہیں جس کے پیش نظر سیکیورٹی اداروں کو ہائی الرٹ کر دیا گیا ہے۔ سعودی حکام کے مطابق عراقی ملیشیائیں اور یمن کے حوثی جنگجو، پاسدارانِ انقلاب کی رہنمائی میں حملہ کر سکتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ انٹیلی جنس اداروں نے ڈرونز اور میزائلوں کی نقل و حرکت کا بھی مشاہدہ کیا ہے جس کے باعث ممکنہ خطرات پر کڑی نظر رکھی جا رہی ہے۔ حکام نے خدشہ ظاہر کیا کہ توانائی کی تنصیبات، بندرگاہوں اور ہوائی اڈوں کو ممکنہ طور پر نشانہ بنایا جا سکتا ہے۔ سعودی عرب نے واضح کیا کہ کسی بھی جارحیت کی صورت میں بھرپور اور فیصلہ کن جواب دیا جائے گا۔ سعودی حکام کا کہنا تھا کہ کشیدہ صورتحال کے باوجود ایران سمیت تمام متعلقہ فریقوں سے سفارتی رابطے جاری ہیں، جبکہ مذاکرات درست سمت میں آگے بڑھتے دکھائی دے رہے ہیں۔

محمد بن سلمان اور میکرون کا اہم ٹیلیفونک رابطہ، بحری سلامتی اور دوطرفہ تعاون پر مشاورت

ٹیلی فونک رابطے کے دوران سعودی عرب اور فرانس کے دوطرفہ تعلقات کا بھی جائزہ لیا گیا

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کے ولی عہد اور وزیراعظم شہزادہ محمد بن سلمان اور فرانس کے صدر ایمانویل میکرون کے درمیان اہم ٹیلی فونک رابطہ ہوا جس میں خطے کی تازہ ترین صورتحال، امن و استحکام کے فروغ اور باہمی تعاون سے متعلق اہم امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں رہنماؤں نے مشرق وسطیٰ کی موجودہ صورتحال پر تفصیلی گفتگو کرتے ہوئے امن کے قیام کے لیے جاری سفارتی کوششوں پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ اس موقع پر بحری جہاز رانی کی سلامتی اور بین الاقوامی سمندری راستوں پر آزادانہ اور محفوظ آمدورفت کو یقینی بنانے کی اہمیت پر بھی اتفاق کیا گیا۔ ٹیلی فونک رابطے کے دوران سعودی عرب اور فرانس کے دوطرفہ تعلقات کا بھی جائزہ لیا گیا جبکہ مختلف شعبوں میں جاری تعاون کو مزید فروغ دینے اور نئی شراکت داری کے امکانات پر بھی گفتگو ہوئی۔ اس کے علاوہ دونوں رہنماں نے باہمی دلچسپی کے متعدد علاقائی اور بین الاقوامی معاملات پر اپنے خیالات کا تبادلہ کرتے ہوئے رابطوں اور تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اظہار کیا۔ ٹیلی فونک رابطے کے دوران سعودی عرب اور فرانس کے دوطرفہ تعلقات کا بھی جائزہ لیا گیا ٹیلی فونک رابطے کے دوران سعودی عرب اور فرانس کے دوطرفہ تعلقات کا بھی جائزہ لیا گیا ٹیلی فونک رابطے کے دوران سعودی عرب اور فرانس کے دوطرفہ تعلقات کا بھی جائزہ لیا گیا

کوئٹو: ارجنٹائن کے صدر جیویر میلی سرکاری دورے کے دوران پالاسیو ڈی کارونڈیلیٹ پہنچ گئے

جنگ جلد ختم ہوجائے گی اور آبنائے ہرمز کھل جائے گی، ٹرمپ پرامید

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران سے بات چیت جاری ہے، جنگ جلد ختم ہو جائے گی، آبنائے ہرمز کھل جائے گی۔ امریکی صدر ٹرمپ نے صحافیوں سے عالمی اور امریکی توانائی کی قیمتوں سے متعلق گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ان کے خیال میں ایران کے خلاف جنگ بہت جلد ختم ہو جائے گی۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ مجھے نہیں لگتا کہ ایرانی زیادہ دیر تک یہ جنگ جاری رکھ سکیں گے۔ ایران سے بات چیت جاری ہے، جنگ جلد ختم ہوجائے گی اور آبنائے ہرمز کھل جائے گی۔ اس کے علاوہ ٹرمپ نے اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹروتھ سوشل پر لکھا کہ وہ وزیر دفاع پیٹ ہیگسیتھ کی کارکردگی سے انتہائی خوش ہیں۔ ٹرمپ نے ایران کے خلاف جاری۔

یوکرین کے شہر کیف میں، روسی حملے سے تباہ ہونے والے خوراک کے ایک گودام کے باہر ڈیری مصنوعات کے بڑے ذخیرے (جو بہہ کر جمع ہو گئے ہیں

سینڈنس: ناروے کی لوٹا اُڈنس ویگ 'بلنک' (BLINK2026) فیسٹیول کے کراس کنٹری مقابلے کے دوران فنش لائن عبور کر رہی ہیں

پانچواں اوریٹنٹیشن کورس 2026 کا آغاز 20 اگست سے ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان سٹوڈنٹس اولمپک ایسوسی ایشن کے زیرِ اہتمام دو روزہ پانچواں اوریٹنٹیشن کورس 2026- کا آغاز 20 اگست کو منی اسپورٹس کمپلیکس، ناظم آباد، کراچی میں ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار گزشتہ روز پاکستان اسٹوڈنٹس اولمپک ایسوسی ایشن کے صدر مقبول آرائیں نے کیا۔ انہوں نے بتایا کہ کوچز، اسپورٹس ٹیچرز، کھلاڑی اور طلبہ اس کورس میں شرکت کر سکتے ہیں۔ کھیلوں کے ماہرین کوچز مختلف چار کھیلوں جن میں تھرو بال، پیکل بال، روپ اسکپنگ اور کیچ بال کے حوالے سے لیکچرز دیں گے اور جسمانی تربیت، تکنیکی مہارتوں، فٹنس اور قواعد و ضوابط کے بارے میں آگاہی فراہم کریں گے۔ خواہشمند کوچز، اساتذہ اور کھلاڑی 17 اگست 2026 تک واٹس ایپ نمبرز 03013318777 اور 03213077477 پر اپنے ناموں کا اندراج کروا سکتے ہیں۔-2

ٹورنٹو: نیشنل بینک اوپن کے پانچویں روز، سوبیز اسٹیڈیم میں تیسرے راؤنڈ کے دوران یوکرین کی مارٹا کوسٹیوک، امریکہ کی میڈیسن کیز کے خلاف کھیل رہی ہیں

انگلینڈ نے پاکستان کیخلاف سیریز کے پہلے 2 ٹیسٹ میچز کیلئے اسکواڈ کا اعلان کر دیا

پاکستان اور انگلینڈ کی ٹیموں کے درمیان 3 ٹیسٹ میچز کی سیریز کا پہلا ٹیسٹ 19 اگست سے لیڈز میں شروع ہوگا

لندن (ویب ڈیسک) پاکستان کے خلاف 3 ٹیسٹ میچز کی سیریز کے پہلے 2 ٹیسٹ میچز کے لیے انگلینڈ نے 16 رکنی اسکواڈ کا اعلان کر دیا۔ پاکستان اور انگلینڈ کی ٹیموں کے درمیان 3 ٹیسٹ میچز کی سیریز کا پہلا ٹیسٹ 19 اگست سے لیڈز میں شروع ہوگا۔ پاکستان کے ساتھ ٹیسٹ سیریز میں جو روٹ انگلش ٹیم کی قیادت کریں گے۔ بین اسٹوکس کی ریٹائرمنٹ کے بعد جو روٹ کو دوبارہ ذمہ داریاں سونپی گئی ہیں۔ ڈین لارنس، اولی پوپ، برائیڈن کارس اور سیم کک کی اسکواڈ میں واپسی ہوئی ہے، جبکہ جیکب بیتھل دائیں گھٹنے کی انجری کے باعث پاکستان کے ساتھ سیریز کا حصہ نہیں ہوں گے۔ 2 ٹیسٹ میچز کیلئے 16 رکنی انگلش اسکواڈ میں کپتان جو روٹ، جوفرا آرچر، گس اٹکنسن، شعیب بشیر، ہیری بروک، برائیڈن کارس، سیم کک، جارڈن کوکس، بین ڈکٹ، میتھیو فشر، ایمیلیو گے، ڈین لارنس، اولی پوپ، اولی رابنسن، جیمی سمتھ اور جوش ٹونگ شامل ہیں۔ پاکستان اور انگلینڈ کی ٹیموں کے درمیان 3 ٹیسٹ میچز کی سیریز کا پہلا ٹیسٹ 19 اگست سے لیڈز میں شروع ہوگا پاکستان اور انگلینڈ کی ٹیموں کے درمیان 3 ٹیسٹ میچز کی سیریز کا پہلا ٹیسٹ 19 اگست سے لیڈز میں شروع ہوگا پاکستان اور انگلینڈ کی ٹیموں کے درمیان 3 ٹیسٹ میچز کی سیریز کا پہلا ٹیسٹ 19 اگست سے لیڈز میں شروع ہوگا

ایرانی وومن ٹیم کی 2 فٹبالرز کو آسٹریلیا کی شہریت مل گئی

تقریب کے دوران آسٹریلیا کے وزیرِ امیگریشن ٹونی برک کے ہاتھوں شہریت کا حلف اٹھایا

سڈنی (این این آئی) ایرانی وومن فٹبال ٹیم کی دو کھلاڑی فاطمہ پسندیدہ اور عاطفہ رمضانی زادہ باضابطہ طور پر آسٹریلیا کی شہری بن گئی ہیں، دونوں کھلاڑیوں نے رواں سال ایرانی حکومت کو تنقید کا نشانہ بنایا تھا۔ 22 سالہ فاطمہ پسندیدہ اور 34 سالہ عاطفہ رمضانی زادہ نے گزشتہ روز ریاست کوئنز لینڈ کے شہر برسبین میں ایک سرکاری تقریب کے دوران آسٹریلیا کے وزیرِ امیگریشن ٹونی برک کے ہاتھوں شہریت کا حلف اٹھایا۔ تقریب میں ان کے دوستوں اور برسبین میں مقیم ایرانی برادری کے افراد نے بھی شرکت کی۔ عاطفہ رمضانی زادہ نے کہا کہ گزرا ہوا دن میری زندگی کا ایک یادگار اور ناقابلِ فراموش لمحہ تھا، آسٹریلیا نے مجھے نئی زندگی شروع کرنے کا موقع دیا، تاہم میری ایرانی شناخت ہمیشہ میرے وجود کا حصہ رہے گی۔ فاطمہ پسندیدہ نے کہا کہ یہ میری زندگی کے خوش نصیب ترین دنوں میں سے ایک ہے۔ کئی ماہ کی مشکلات اور غیر یقینی صورتحال کے بعد یہ لمحہ میرے لیے بہت اہمیت رکھتا ہے۔ خیال رہے کہ دونوں کھلاڑی ان 7 ایرانی فٹبالرز میں شامل تھیں جنہیں مارچ میں ویمنز ایشین کپ کے دوران آسٹریلیا میں انسانی ہمدردی کی بنیاد پر ویزے دیے گئے تھے، تاہم دیگر 5 خواتین بعد میں اپنا فیصلہ تبدیل کرتے ہوئے ایران واپس چلی گئی تھیں۔ دونوں کو شہریت ایسے وقت میں دی گئی ہے جب آسٹریلوی حکومت ہجرت میں کمی لانے کے لیے ویزا قوانین مزید سخت کرنے کی تیاری کر رہی ہے۔ مجوزہ قوانین کے تحت پناہ کے متلاشی

انگلینڈ کے 25 سالہ فاسٹ بولر جان ٹرنر کا ریٹائرمنٹ کا اعلان

جان ٹرنر نے 2024 میں انگلینڈ کی نمائندگی کرتے ہوئے 2 ون ڈے انٹرنیشنل اور 2 ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچ کھیلے تھے

لندن (این این آئی) انگلینڈ کے 25 سالہ فاسٹ بولر جان ٹرنر نے پروفیشنل کرکٹ سے اچانک ریٹائرمنٹ کا اعلان کر دیا۔ جان ٹرنر نے 2024 میں انگلینڈ کی نمائندگی کرتے ہوئے 2 ون ڈے انٹرنیشنل اور 2 ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچ کھیلے تھے۔ وہ گزشتہ سال جون سے کمر میں فریکچر کے باعث کسی بھی میچ میں شرکت نہیں کر سکے۔ جان ٹرنر نے کہا کہ مسلسل انجریز خصوصاً 1 سال سے زائد عرصے تک میدان سے دور رکھنے والے اسٹریس فریکچر نے مجھے بطور کرکٹر اور کرکٹ سے باہر اپنی زندگی کے مستقبل پر سنجیدگی سے غور کرنے پر مجبور کیا۔ انہوں نے کہا کہ پروفیشنل اور بین الاقوامی کرکٹ کھیلنا ہمیشہ میرا خواب تھا، ہیمپشائر اور انگلینڈ کی نمائندگی کرنا میرے بچپن کے خوابوں کی تعبیر تھا، تاہم میں نے کرکٹ سے ریٹائر ہونے کا فیصلہ کیا جو کہ میری زندگی کے مشکل ترین فیصلوں میں سے ایک ہے۔ واضح رہے کہ جان ٹرنر نے 2021 میں ہیمپشائر کی جانب سے فرسٹ کلاس کرکٹ میں ڈیبیو کیا تھا۔ جان ٹرنر نے 2024 میں انگلینڈ کی نمائندگی کرتے ہوئے 2 ون ڈے انٹرنیشنل اور 2 ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچ کھیلے تھے

پہلے اپنی لیگ پھر دوسری لیگ' کرکٹ آسٹریلیا نے کھلاڑیوں کیلئے نئی پالیسی نافذ کردی

ایس اے ٹی ٹوئنٹی 17 جنوری سے شروع ہوگی جب کہ بی بی ایل 12 دسمبر سے 26 جنوری تک کھیلی جائے گی

سڈنی (ویب ڈیسک) ' پہلے اپنی لیگ پھر دوسری لیگ' کرکٹ آسٹریلیا نے کھلاڑیوں کیلئے نئی پالیسی نافذ کردی، کرکٹ آسٹریلیا نے اپنے کھلاڑیوں پر کو غیر ملکی لیگز کے بجائے اپنی لیگز کو ترجیح دینے کی ہدایت کی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق میچل مارش اور میٹ شارٹ کا ساؤتھ افریقہ ٹی ٹوئنٹی لیگ کے لیے معاہدہ ہوا ہے۔ کرکٹ آسٹریلیا کے مطابق میچل مارش اور میٹ شارٹ کو بی بی ایل کمٹمنٹ مکمل ہونے پر ریلیز کیا جائے گا جب کہ میچل مارش اور میٹ شارٹ بی بی ایل کے مکمل ایڈیشن کے لیے دستیاب ہوں گے۔ دوسری جانب آسٹریلوی ٹی ٹوئنٹی کپتان میچل مارش اور میٹ شارٹ پہلی مرتبہ ساؤتھ افریقہ لیگ کھیلیں گے۔ یاد رہے کہ ایس اے ٹی ٹوئنٹی 17 جنوری سے شروع ہوگی جب کہ بی بی ایل 12 دسمبر سے 26 جنوری تک کھیلی جائے گی۔ ایس اے ٹی ٹوئنٹی 17 جنوری سے شروع ہوگی جب کہ بی بی ایل 12 دسمبر سے 26 جنوری تک کھیلی جائے گی ایس اے ٹی ٹوئنٹی 17 جنوری سے شروع ہوگی جب کہ بی بی ایل 12 دسمبر سے 26 جنوری تک کھیلی جائے گی ایس اے ٹی ٹوئنٹی 17 جنوری سے شروع ہوگی جب کہ بی بی ایل 12 دسمبر سے 26 جنوری تک کھیلی جائے گی

یورپی ایکواٹکس چیمپئن شپ پیرس 2026 کے ساتویں روز، خواتین کے سنکرونائزڈ 3 میٹر اسپرنگ بورڈ کے فائنل کے دوران کا منظر

20 ویں ایشین گیمز، ہاکی ایونٹ کے ڈراز کا اعلان، پاکستان پول بی میں شامل

اسلام آباد (این این آئی) 20 ویں ایشین گیمز کے ہاکی ایونٹ کے ڈراز کا اعلان کر دیا گیا، پاکستان پول بی میں شامل ہے جبکہ جس میں پول اے کی نسبت آسان ٹیمیں شامل ہیں۔ ایشین گیمز 18 ستمبر سے 3 اکتوبر جاپان میں کھیلے جائیں گے۔ ایشین ہاکی فیڈریشن (اے ایچ ایف) کے تحت منعقدہ اس ایونٹ میں پاکستان کو پول بی میں جگہ دی گئی ہے۔ پول بی میں پاکستان کے ساتھ چین، ملائیشیا، عمان، تھائی لینڈ اور ازبکستان کی ٹیمیں شامل ہیں۔ 20 ستمبر کو پاکستان کا مقابلہ تھائی لینڈ، 22 ستمبر کو ازبکستان، 24 ستمبر کو چین سے ہوگا۔ اسی طرح 26 ستمبر کو ملائیشیا اور 28 ستمبر کو پاکستان کا مقابلہ عمان سے ہوگا۔

لندن اسپرٹ ویمن کی نادین ڈی کلرک بیٹنگ کر رہی ہیں جبکہ ایم آئی لندن ویمن کی وکٹ کیپر کیرا چاتھلی انہیں دیکھ رہی ہیں

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

سمندری، حلقہ پی پی 104 کے عوام کو کبھی تنہا نہیں چھوڑوں گا، چوہدری مستقیم مہار

مہار ہاؤس میں معززین اور سیاسی کارکنوں سے ملاقات، حلقے کی سیاسی صورتحال، عوامی مسائل اور آئندہ کی حکمت عملی پر تفصیلی تبادلہ خیال

سمندری (تحصیل رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف حلقہ پی پی 104 کے سینئر رہنما چوہدری مستقیم مہار سے مہار ہاؤس میں مختلف علاقوں سے آنے والے معززین، سیاسی شخصیات اور کارکنوں نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران حلقے کی موجودہ سیاسی صورتحال، عوامی مسائل، تنظیمی امور اور آئندہ کی سیاسی حکمت عملی کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر چوہدری مستقیم مہار نے کہا کہ حلقہ پی پی 104 کے عوام کے ساتھ ان کا تعلق محض سیاست تک محدود نہیں بلکہ وہ عوام کے دکھ درد میں ہمیشہ ان کے ساتھ کھڑے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام نے جس اعتماد اور محبت کا اظہار کیا ہے، اسے کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ چوہدری مستقیم مہار کا کہنا تھا کہ موجودہ سیاسی حالات میں کارکنوں اور عوام کے ساتھ مسلسل رابطہ وقت کی اہم ضرورت ہے، اسی سلسلے میں حلقے کے مختلف علاقوں سے آنے والے افراد سے ملاقاتوں کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ مشکل حالات کے باوجود وہ اپنے حلقے کے عوام کے درمیان موجود رہیں گے اور انہیں کسی صورت تنہا نہیں چھوڑیں گے۔ ملاقات کے دوران معززین اور کارکنوں نے بھی حلقے کے مختلف مسائل سے آگاہ کیا، جن کے حل کیلئے چوہدری مستقیم مہار نے اپنی بھرپور کوششیں جاری رکھنے کی یقین دہانی کرائی۔

دی نالج قرآن اکیڈمی مدینہ ٹاؤن فیصل آباد کے زیر اہتمام سالانہ تقریب تقسیم اسناد وانعامات بسلسلہ تکمیل حفظ القرآن کا انعقاد کیا گیا

تقریب میں ممتاز علماء کرام، قرآنی شخصیات، اساتذہ، طلبہ اور والدین نے شرکت کی

فیصل آباد (میاں محمد ساجد) دی نالج قرآن اکیڈمی مدینہ ٹاؤن فیصل آباد کے زیر اہتمام سالانہ تقریب تقسیم اسناد و انعامات بسلسلہ تکمیل حفظ القرآن کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں ممتاز علماء کرام، قرآنی شخصیات، اساتذہ، طلبہ اور والدین نے شرکت کی۔ تقریب سے شیخ الحدیث حافظ مسعود عالم، علامہ ناصر مدنی، ڈاکٹر عبدالرزاق ساجد، قاری بلال صدیق، ڈاکٹر طارق رحمن، قاری طیب طاہر، مفتی محمد عدیل الرحمن اشرف اور حافظ احمد طارق سمیت دیگر علماء کرام نے خطاب کیا۔ مقررین نے اپنے خطابات میں کہا کہ قرآن مجید اللہ تعالیٰ کی آخری کتاب اور انسانیت کیلئے مکمل ضابطہ حیات ہے، اس کی تعلیم حاصل کرنا اور اسے سینوں میں محفوظ کرنا بہت بڑی سعادت ہے۔ حفاظ کرام امت مسلمہ کا قیمتی سرمایہ ہیں، جنہوں نے قرآن کریم کو اپنے سینوں میں محفوظ کر کے دین اسلام کی عظیم خدمت انجام دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ قرآن پاک صرف پڑھنے اور حفظ کرنے کی کتاب نہیں بلکہ اس کی تعلیمات پر عمل کرنا بھی ہر مسلمان کی ذمہ داری ہے۔

ڈائریکٹر تعلقات عامہ منور حسین کی سینئر صحافی وکالم نگار ڈاکٹر عمر نصیر کو عمرہ کی سعادت پر مبارکباد

اللہ تعالیٰ خوش نصیب افراد کو اپنے مقدس گھر کی زیارت اور عبادات کی توفیق عطا فرماتا ہے

نوشہرہ ورکاں (تحصیل رپورٹر) ڈائریکٹر تعلقات عامہ منور حسین کی سینئر صحافی و کالم نگار ڈاکٹر عمر نصیر کو عمرہ کی سعادت پر مبارکباد گوجرانوالا۔ 8 اگست ڈائریکٹر تعلقات عامہ گوجرانوالا ڈویژن منور حسین نے سینئر صحافی و کالم نگار ڈاکٹر عمر نصیر کو عمرہ کی سعادت حاصل کرنے پر دلی مبارکباد پیش کی اور ان کے لیے نیک تمناؤں اور دعاؤں کا اظہار کرتے ہوئے گلدستہ پیش کیا۔ اس موقع پر منور حسین نے کہا کہ بیت اللہ شریف کی حاضری اور عمرہ کی سعادت ہر مسلمان کے لیے انتہائی روحانی اور بابرکت موقع ہے۔ اللہ تعالیٰ خوش نصیب افراد کو اپنے مقدس گھر کی زیارت اور عبادات کی توفیق عطا فرماتا ہے۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ڈاکٹر عمر نصیر کا عمرہ قبول فرمائے، ان کی عبادات اور دعاؤں کو شرفِ قبولیت بخشے اور انہیں صحت، سلامتی اور خوشیوں کے ساتھ یہ روحانی سفر مکمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ ڈاکٹر عمر نصیر نے مبارکباد اور نیک خواہشات پر ڈائریکٹر تعلقات عامہ منور حسین کا شکریہ ادا کیا۔ اس موقع پر صحافتی برادری کے باہمی احترام، محبت اور نیک جذبات کا بھی اظہار ہوا۔ یہ ملاقات خوشگوار ماحول میں ہوئی، جس میں عمرہ کی سعادت پر مبارکباد اور نیک تمناؤں کا تبادلہ کیا گیا

ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن چنیوٹ کے انتخابات سید شمیم زیدی 406 ووٹ لے کر صدر منتخب ہو گئے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن چنیوٹ کے انتخابات سید شمیم زیدی 406 ووٹ لے کر صدر منتخب ہو گئے تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کے انتخابات میں صدارت کے لئے سید شمیم زیدی اور مہر مظہر حسین ہرل ایڈووکیٹ کے درمیان کانٹے دار مقابلہ ہوا، جس میں سید شمیم زیدی ایڈووکیٹ 406 ووٹ لے کر صدر منتخب ہو گئے مہر مظہر حسین ہرل 173 ووٹ لے سکے جبکہ نائب صدر کی نشست پر احمد رحمن نیکو کارہ 326 ووٹ اور جوائنٹ سیکرٹری کی نشست پر چوہدری عاطف اقبال لونا 336 ووٹ اور فنانس سیکرٹری نشست پر عثمان ظفر سیچ 309 ووٹ لے کر کامیاب ہو گئے جبکہ علی کامران ہرل بلا مقابلہ جنرل سیکرٹری منتخب ہو گئے۔

بغیر لائسنس ڈرائیونگ کرنے والے افراد کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جارہی ہے

میڈیا کے توسط سے خصوصی طور پر والدین سے اپیل کی کہ وہ اپنے کم عمر بچوں کو موٹر سائیکل یا گاڑی ہرگز نہ دیں

منچن آباد (چوہدری محمد مقصود تحصیل رپورٹر) انچارج سرکل ٹریفک پولیس تحصیل منچن آباد ریاض احمد وٹو کا کہنا ہے کہ ہیلمٹ کا استعمال نہ کرنے والے موٹر سائیکل سواروں، اور بغیر لائسنس ڈرائیونگ کرنے والے افراد کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جارہی ہے۔ انہوں نے میڈیا کے توسط سے خصوصی طور پر والدین سے اپیل کی کہ وہ اپنے کم عمر بچوں کو موٹر سائیکل یا گاڑی ہرگز نہ دیں۔ ریاض احمد وٹو نے واضح کیا کہ مسافر بسوں کی چھتوں پر سواری کروانے اور گاڑیوں میں اوورلوڈنگ یا اوور سائز سامان لوڈ کروانے پر مکمل پابندی عائد ہے۔ ایسی گاڑیوں سمیت دھواں چھوڑنے والی موٹر وہیکلز کو فوری طور پر بند کر دیا جائے گا۔ انہوں نے شہریوں اور ٹرانسپورٹرز سے اپیل کی کہ وہ حادثات سے بچنے کے لیے ٹریفک قوانین کی پاسداری کریں۔ بصورت دیگر بھاری جرمانوں اور سخت قانونی کارروائی کا سامنا کرنا پڑے گا۔

واسا چنیوٹ کا عملہ رات گئے بھی ڈپٹی منیجنگ ڈائریکٹر خادم حسین کی زیر نگرانی فیلڈ میں موجود

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) منیجنگ ڈائریکٹر واسا محمد عارف وڑائچ کے احکامات پر واسا چنیوٹ کا عملہ رات گئے بھی ڈپٹی منیجنگ ڈائریکٹر خادم حسین کی زیر نگرانی فیلڈ میں موجود ہے۔ شہر بھر میں سیوریج لائنوں کی ڈیسلٹنگ کا عمل جاری ہے جبکہ شہریوں کی شکایات کو بھی ترجیحی بنیادوں پر فوری حل کیا جا رہا ہے۔ واسا چنیوٹ کا فیلڈ اسٹاف شہریوں کو بروقت ریلیف فراہم کرنے کے لیے مسلسل متحرک ہے

پروفیشنل میڈیا الائنس ہیڈ آفس میں 14 اگست کیک کٹنگ تقریب ہوگی۔ چیئرمین عثمان بٹ

پروقار تقریب میں ساتھیوں کے ہمراہ یوم آزادی کا جشن منائیں گے۔ میاں عامر مٹھو

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) وطن عزیز پاکستان کے یوم پیدائش 14 اگست کے دن زیر صدارت چیئرمین پروفیشنل میڈیا الائنس عثمان بٹ و ساتھی عہدیداران وممبران کے ہمراہ پروقار تقریب کا اہتمام کیا گیا ہے جس میں پروفیشنل میڈیا الائنس کے تمام معزز صحافی جشن آزادی پاکستان کے حوالہ سے منعقدہ تقریب میں شرکت کرتے ہوئے کیک کٹنگ کے ساتھ دنیا بھر میں مسلم امہ کی پہلی تسلیم شدہ زمہ دار ایٹمی ریاست پاکستان اور سربراہ افواج پاکستان فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی انتھک محنت کے بعد پاکستان کے بہترین تشخص کو اجاگر کرنے بارے شرکاء اظہار خیال کرتے ہوئے اپنے جذبات کا اظہار کرینگے

پیارے وطن کے ساتھ اپنی وابستگی کو مضبوط کرنے کی ضرورت ہے: فادر پاسکل پولوس

مقدس و پرمسرت موقع پر شہدائے تحریک پاکستان کو خراج عقیدت اور غازیوں کو خراج تحسین پیش کرنا چاہیے

فیصل آباد (ملک بشیر احمد) دومنیکن جماعت کے سربراہ ویری ریورنڈ فادر پاسکل پولوس (او پی) نے پاکستان کے 79ویں یوم آزادی کی مبارک باد دیتے ہوئے کہا ہے کہ حصول پاکستان کے مقاصد حاصل کرنے کیلئے پیارے وطن کے ساتھ اپنی وابستگی کو بے حد مضبوط کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ یوم آزادی کے متبرک، مقدس و پرمسرت موقع پر شہدائے تحریک پاکستان کو خراج عقیدت اور غازیوں کو خراج تحسین پیش کرنے کے علاوہ وطن عزیز کی سالمیت کیلئے قیمتی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والوں سے اظہار یکجہتی کرتے ہیں۔ اس موقع پر مسیحی برادری ملکی سلامتی، ترقی وخوشحالی کیلئے خصوصی دعاؤں کا اہتمام کرینگی۔

گیپکو کی جانب سے دن اور رات کے دوران بجلی کی طویل بندش نے شہریوں کو پریشان کر کے رکھ دیا

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) حافظ آباد شہر میں گیپکو کی جانب سے دن اور رات کے دوران بجلی کی طویل بندش نے شہریوں کو پریشان کر کے رکھ دیا۔ جبکہ ایکسین گیپکو اور ایس ڈی اوز سمیت تمام افسران کرپشن اور بدعنوانی کے ریکارڈ قائم کرنے لگے۔ شہر بھر میں جہاں دن کے وقت بجلی کو بند کر کے کاروبار تباہ کئے جارہے ہیں وہاں رات کے وقت بجلی کو بند کر کے شہریوں کے لئے سونا بھی محال کر دیا ہے جبکہ شکایات آفس کے علاقہ ایس ڈی اوز اور ایکسین نے اپنے رابطہ نمبروں کو بند رکھنا اور اگر کبھی رابطہ ہو جائے تو صارفین کے ساتھ بدتمیزی کرنا معمول بنالیا ہے۔ دوسری جانب نئے کنکشن کی آڑ میں متعلقہ افسران کی جانب سے بھاری رشوت وصولی کی شکایات نے رہی سہی کسر نکال دی ہے

کرپشن کی بھرمار اربن یونٹ منڈی صادق گنج میں کوئی بھی انچارج لگنے کو نہیں تیار

سابق انچارج کی بد انتظامی کرپشن اور ناجائز اختیارات میں کئے گئے اقدامات کو کوئی بھی اپنے ذمہ لینے کو تیار نہیں ثناءاللہ دوبارہ لگنے کے لئے متحرک

گزشتہ ہفتے ڈپٹی کمشنر بہاول نگر کے دورے کے بعد ناقص کارکردگی اور بد انتظامی پر ثناءاللہ کو ہٹا کر زمان بھٹی کو لگایا گیا وہ بھی جانے کے لئے تیار

منڈی صادق گنج (نامہ نگار) اربن یونٹ منڈی صادق گنج میں بطور لینڈ آفیسر تعینات ہونے والے ثناءاللہ کو گزشتہ چھ ماہ قبل انچارج یونٹ منڈی صادق گنج کا اضافی چارج دے دیا گیا تھا ثناءاللہ کو اربن یونٹ منڈی صادق گنج کا چارج ملتے ہی انتظامی طور پر بے ضابطگیوں اور اربن یونٹ کی مختلف برانچز میں کرپشن بڑھنے لگی تاہم ضلع کونسل بہاول نگر میں بیٹھے بعض افسران نے مختلف سکینڈلز اور شکایات سامنے آنے کے باوجود خاموشی اختیار کئے رکھی گزشتہ ہفتے ڈپٹی کمشنر بہاول نگر سید محمد عباس شاہ کے اچانک دورے میں سامنے آنے والی بد انتظامی پر ڈپٹی کمشنر بہاول نگر جب ضلع کونسل بہاول نگر کے افسران پر برہم ہوئے تو ان مجبوراً ان افسران کو ثناءاللہ سے انچارج اربن یونٹ کا چارج واپس لے کر زمان بھٹی کو تعینات پڑا ذرائع کے مطابق ثناءاللہ سے انچارج کا اضافی چارج واپس ہوتے ہی انتظامی اور مالی کرپشن کے متعدد سکینڈلز سامنے آنے لگے ہیں ذرائع کا کہنا ہے کہ آئندہ چند دنوں میں ممکنہ طور پر سابق انچارج ثناءاللہ کے خلاف اختیارات کا ناجائز استعمال غیر قانونی واٹر کنکشنز سکینڈل جعلی بلنگ سکینڈل جعلی رسیدات سکینڈل جعلی ریکوری رپورٹس سکینڈل سمیت لینڈ برانچ سے کیمسل پلاٹس سکینڈل سرکاری دوکانوں کی غیر قانونی نقشہ تبدیلی جیسے سکینڈلز پوری طرح سامنے آجائیں گے حالات کی سنگینی کے باعث ضلع کونسل بہاول نگر سے کوئی بھی افسر بطور انچارج اربن یونٹ منڈی صادق گنج آنے کو تیار نہیں حالات کی سنگینی کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ چارج پر تعینات ہونے والے زمان بھٹی کو چارج دیا گیا تو محض چند ہی دنوں میں متعدد بار وہ اس بات کا برملا اظہار کر چکے ہیں کہ وہ یہاں نہیں رہنا چاہتے کیوں یہاں معاملات بہت خراب ہو چکے ہیں دوسری جانب ضلع کونسل میں بیٹھے بعض افسران اور مختلف مافیاز کے افراد سیاسی اثر ورسوخ استعمال کر کے دوبارہ ثناءاللہ کو انچارج اربن یونٹ کا اضافی چارج دلوانے کے لئے سرگرداں ہیں شہریوں کا کہنا ہے کہ ڈپٹی کمشنر بہاول نگر سید محمد عباس شاہ اربن یونٹ منڈی صادق گنج کی لینڈ برانچ سمیت دیگر مالی معاملات کا آڈٹ کروائیں

سٹی پریس کلب چھانگا مانگا (رجسٹرڈ) کے صحافیوں کا اہم اجلاس منعقد ہوا

اجلاس میں صحافتی امور، شہری مسائل اور علاقے میں جاری ترقیاتی وانتظامی معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

چھانگا مانگا (میاں شفیق احمد) سٹی پریس کلب چھانگا مانگا (رجسٹرڈ) کے صحافیوں کا اہم اجلاس زیرِ صدارت ملک شریف ارشد منعقد ہوا، جس میں رانا الیاس خان، منیر خان ساقی، میاں شفیق احمد، رانا فضل رسول، ارشد جاوید مصطفائی، نوید انجم بھٹی، ملک پرویز، ملک بشارت علی، ملک ناظم، عمر رضوی، میاں یاسین دورانی، عثمان بھٹی، اشرف قادری، صفدر علی عادل، اسلم جھارہ و دیگر صحافیوں نے شرکت کی۔ اجلاس میں صحافتی امور، شہری مسائل اور علاقے میں جاری ترقیاتی وانتظامی معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اجلاس کے دوران صابر چوہدری، حافظ میڈیا گروپ چونیاں کی بھرپور حمایت کا عزم بھی کیا گیا شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ چھانگا مانگا کے عوام کو درپیش بنیادی مسائل کو بھرپور انداز میں اجاگر کیا جائے گا منشیات کے بڑھتے ہوئے رجحان، ناقص سیوریج سسٹم، واپڈا سے متعلق عوامی مشکلات، مختلف اداروں کی سست روی، مبینہ کرپشن اور بدعنوانی سمیت دیگر عوامی مسائل پر بھی گفتگو کی گئی شرکاء کا کہنا تھا کہ صحافت کا بنیادی مقصد عوامی مسائل کو اجاگر کرنا اور متعلقہ اداروں تک عوام کی آواز پہنچانا ہے۔ سٹی پریس کلب چھانگا مانگا رجسٹرڈ عوامی مفاد کے معاملات پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کرے گا اور کرپشن، بدعنوانی اور عوامی مسائل کے ذمہ دار عناصر کو بے نقاب کرنے کے لیے ہر ممکن کردار ادا کیا جائے گا اجلاس کے اختتام پر کلب کے عہدیداران و اراکین نے عوامی مسائل کے حل، مثبت صحافت کے فروغ اور حقائق پر مبنی صحافتی ذمہ داریاں بھرپور انداز میں ادا کرنے کے عزم کا اعادہ کیا*

ڈپٹی کمشنر محمد اکرام ملک کی زیر صدارت گڈز ٹرانسپورٹرز کے نمائندوں کا اجلاس

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر محمد اکرام ملک کی زیر صدارت گڈز ٹرانسپورٹرز کے نمائندوں کا اجلاس، اجلاس میں سیکرٹری ڈی آر ٹی اے محمد محسن، چیف ٹریفک آفیسر اور گڈز ٹرانسپورٹرز کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اس موقع پر گڈز ٹرانسپورٹ کے شعبے کو درپیش مختلف مسائل اور ان کے حل بارے جائزہ لیا گیا۔ گڈز ٹرانسپورٹرز کے نمائندوں نے اپنے درپیش مسائل ڈپٹی کمشنر کے سامنے رکھے۔ انہوں نے بالخصوص پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں روزانہ کے رد و بدل، مختلف شاہراہوں پر چالان و جرمانوں کے مسائل، ایکسل لوڈ مینجمنٹ اور گاڑیوں کے فٹنس سرٹیفکیٹس کے حصول میں پیش آنے والی مشکلات سے آگاہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر محمد اکرام ملک نے ٹرانسپورٹرز کے مسائل سنیں اور ان کی تمام جائز گزارشات پر فوری عمل درآمد کے احکامات کی جاری کیے۔ محمد اکرام ملک نے کہا کہ گڈز ٹرانسپورٹرز ملکی ترسیلات اور معاشی سرگرمیوں میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ ان کے مسائل، چاہے وہ چالان سے متعلق ہوں یا فٹنس سرٹیفکیٹس کے حصول کے، ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ گڈز ٹرانسپورٹرز ہڑتال کے ذریعے عوام کے لیے مشکلات پیدا کرنے سے گریز کریں، ضلعی انتظامیہ قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے ٹرانسپورٹرز کو تمام ممکنہ سہولیات فراہم کرے گی۔ اس موقع پر گڈز ٹرانسپورٹرز کے نمائندوں نے اپنے بھرپور تعاون کی یقین دہانی کروائی۔

گورنمنٹ ہائی سکول رائیونڈ کا میٹرک امتحانات 2026 میں شاندار مظاہرہ؛ 18 طلبہ کا A+ گریڈ

محمد ریحان شریف 1144 نمبر حاصل کر کے سکول ٹاپر بن گئے؛ پرنسپل منیر انجم سندھو کی طلبہ اور والدین کو مبارکباد

رائیونڈ (تحصیل رپورٹر عبدالرزاق سید) گورنمنٹ ہائی سکول رائیونڈ نے میٹرک (دسویں جماعت) کے سالانہ امتحانات 2026 میں ایک بار پھر اپنی تعلیمی برتری ثابت کرتے ہوئے شاندار اور تاریخی کامیابی حاصل کی ہے۔ سکول کے 18 طلبہ نے غیر معمولی کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اعلیٰ ترین A+ گریڈ حاصل کر کے سکول اور علاقے کا نام روشن کر دیا۔ نتائج کے مطابق، سکول کے ہونہار طالب علم محمد ریحان شریف نے کل 1144 نمبر حاصل کر کے پہلی پوزیشن حاصل کی اور سکول ٹاپر بننے کا اعزاز اپنے نام کیا۔ ان کی اس شاندار کامیابی پر سکول انتظامیہ اور اساتذہ کی جانب سے انتہائی مسرت کا اظہار کیا گیا۔ اس نمایاں اور شاندار کامیابی پر پرنسپل منیر انجم سندھو، سنئیر ہیڈ ماسٹر عابد محمود اور تمام تدریسی عملے نے تمام کامیاب ہونے والے طلبہ اور ان کے والدین کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کی ہے۔ پرنسپل منیر انجم سندھو کا کہنا تھا یہ شاندار نتائج اساتذہ کی ان تھک محنت، طلبہ کی شب و روز کی لگن اور والدین کی بہترین سرپرستی کا ثمر ہیں۔ گورنمنٹ ہائی سکول رائیونڈ معیاری تعلیم اور بہترین تربیتی ماحول کی فراہمی کے لیے ہمیشہ کوشاں رہے گا۔ سکول انتظامیہ نے تمام پوزیشن ہولڈر اور نمایاں نمبر حاصل کرنے والے طلبہ کے روشن مستقبل کے لیے نیک خواہشات کا اظہار بھی کیا۔

لاہور بورڈ میٹرک کے امتحانات میں الہ آباد مرکز کے شاندار نتائج پر مبارکباد پیش کرتے ہیں محمد فاروق

چونیاں (نامہ نگار) لاہور بورڈ کے تحت منعقد ہونے والے میٹرک کے سالانہ امتحانات کے نتائج میں الہ آباد مرکز کے اسکولوں نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے شاندار کامیابی حاصل کی ہے۔ علاقے کے طلباء نے محنت اور لگن کی بدولت نمایاں نمبر حاصل کر کے الہ آباد کا سر فخر سے بلند کر دیا ہے اس شاندار کامیابی پر مولانا محمد فاروق صاحب (پرنسپل، اقراء اسکول آف اسلامک اسٹڈیز، الہ آباد) نے تمام کامیاب طلباء، ان کے والدین اور محنتی اساتذہ کرام کو دلی مبارکباد پیش کی ہے اپنے تہنیتی پیغام میں مولانا محمد فاروق صاحب نے کہا کہ لاہور بورڈ کے امتحانات میں مرکز الہ آباد کے اسکولوں کا بہترین نتیجہ اس بات کا ثبوت ہے کہ ہمارے طلباء میں صلاحیتوں کی کوئی کمی نہیں ہے۔ اساتذہ کی شبانہ روز محنت اور والدین کی بہترین تربیت نے اس کامیابی کو ممکن بنایا ہے انہوں نے تمام نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے اسکولوں کی انتظامیہ اور اساتذہ کو زبردست خراج تحسین پیش کیا اور امید ظاہر کی کہ الہ آباد کے تعلیمی ادارے مستقبل میں بھی اسی طرح شاندار روایات کو برقرار رکھتے ہوئے قوم کے معماروں کو زیورِ تعلیم سے آراستہ کرتے رہیں گے۔

علی ایسوسی ایٹس اینڈ اسٹام فروش کا رائیونڈ میں عاجزانہ افتتاح؛ قاری ارشاد احمد سعیدی کی خصوصی دعائے خیر

رائیونڈ (تحصیل رپورٹر عبدالرزاق سید سے) سندر روڈ رائیونڈ پر علی ایسوسی ایٹس اینڈ اسٹام فروش کے نئے دفتر کی پروقار اور عاجزانہ افتتاحی تقریب منعقد ہوئی۔ اس تقریب میں علاقہ بھر کی معروف سیاسی، سماجی اور صحافی شخصیات نے کثیر تعداد میں شرکت کی تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا، جبکہ سینکڑوں بچوں کے سینوں کو حفظِ قرآن سے منور کرنے والے ممتاز عالم دین قاری ارشاد احمد سعیدی نے خصوصی شرکت کی اور کاروبار کی ترقی وسلامتی کے لیے رقت آمیز دعائے خیر فرمائی۔ چیئرمین عوامی خدمت یوتھ گروپ ساجد لیاقت مناپرنس نے تمام معزز مہمانوں کا بھرپور استقبال کیا تقریب میں رائیونڈ کے سینئر صحافیوں نے خصوصی شرکت کی، جن میں چوہدری محمد سرور گجر ※ مہر لیاقت نذیر ※ مہر محمد آصف ※ چوہدری عبدالرحمن رامے ※ حامد حسین بھٹی ※ فہیم اکبر سندھو ※ عبدالرزاق سید ※ ملک عباس علی و ملک سلمان زاہد شامل تھے۔ دیگر معزز شخصیات: اس کے علاوہ چوہدری شاہد صدیق، لالہ مرید بلوچ، مہر ذوالفقار، ندیم شیخ، بابا خالد قلندری، محمد اصغر قادری، علی رضا، عمیر بھٹی، محمد کاشف اور ثقلین بھٹی سمیت متعدد معزز دوستوں اور شہریوں نے شرکت کی اور مبارکباد پیش کی تقریب کے اختتام پر صدر رائیونڈ سرکل پریس کلب ملک شاہد نوید اور ملک علی احمد نے تمام مہمانوں کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا اور تقریب میں شرکت کرنے پر ان کی پذیرائی کی۔ شرکاء نے علی ایسوسی ایٹس کی کامیابی اور درازی عمر کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔

ڈپٹی کمشنر محمد اکرام ملک عوام الناس کو میونسپل سروسز کی فراہمی کے لیے سرگرم

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر محمد اکرام ملک عوام الناس کو میونسپل سروسز کی فراہمی کے لیے سرگرم، کچہنی پارک میں صفائی کے ناقص انتظامات پر چار اہلکار معطل، انہوں نے پارک میں صفائی ستھرائی، بیوٹیفکیشن سمیت عوام الناس کو فراہم کی ہوئی جانے والی میونسپل سروسز کا جائزہ لیا اور صفائی کے ناقص انتظامات پر شدید برہمی کا اظہار کرتے ہوئے فرائض میں غفلت برتنے والے چار اہلکاروں کو معطل کر دیا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ عوامی مقامات، پارکس اور تفریحی مقامات پر صفائی ستھرائی کے انتظامات کو ہر صورت بہتر بنایا جائے گا اور شہریوں کو صاف ستھرا اور خوشگوار ماحول فراہم کیا جائے گا محمد اکرام ملک نے کہا کہ عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور سرکاری اداروں کی کارکردگی میں بہتری ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ تمام افسران اپنے فرائض ذمہ داری اور احسن انداز میں سرانجام دیں۔ پارک میں صفائی کے معیار کو بہتر بنانے کے ساتھ ساتھ دیگر سہولیات کی دستیابی کو بھی یقینی بنایا جائے۔



کوٹ عبدالمالک: تھانہ کوٹ عبدالمالک میں نئے ایس ایچ او خالق گجر نے چارج سنبھال کر کام کا آغاز کر دیا

فیروزوالہ (نامہ نگار منور حسین جٹ) تھانہ کوٹ عبدالمالک میں نو منتخب ایس ایچ او خالق گجر نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال کر باقاعدہ فرائض منصبی کی ادائیگی شروع کر دی ہے۔ ان کی تعیناتی پر علاقے کے عوام، سیاسی و سماجی حلقوں، اور دوست احباب نے انتہائی مسرت کا اظہار کرتے ہوئے انہیں مبارکباد پیش کی اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ علاقہ مکینوں اور سماجی شخصیات کا کہنا ہے کہ امید ہے نئے ایس ایچ او تھانے کی حدود میں امن و امان کی فضا کو برقرار رکھنے میں اہم کردار ادا کریں گے۔ انہوں نے توقع ظاہر کی کہ ایس ایچ او خالق گجر جرائم پیشہ عناصر، بالخصوص منشیات فروشوں اور ڈکیت گروہوں کے خلاف بلا امتیاز اور موثر کارروائیاں عمل میں لائیں گے تاکہ عوام کی جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے۔

ڈی پی او شیخوپورہ کے احکامات پر کارروائی: تھانہ کوٹ عبدالمالک پولیس نے لاپتا بچہ چند گھنٹوں میں ڈھونڈ کر وارثوں کے حوالے کر دیا

شیخوپورہ (نامہ نگار منور حسین جٹ) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر (ڈی پی او) شیخوپورہ بلال ظفر کی خصوصی ہدایات پر عملدرآمد کرتے ہوئے تھانہ کوٹ عبدالمالک پولیس نے "اپنوں سے اپنوں کو ملانے" کا سلسلہ جاری رکھتے ہوئے ایک اور شاندار کامیابی حاصل کر لی۔ تفصیلات کے مطابق کوٹ عبدالمالک سکیم نمبر 3 سے ایک بچہ اچانک لاپتا ہو گیا تھا جس پر ورثا تشویش میں مبتلا ہو گئے۔ اطلاع ملتے ہی ایس ایچ او کوٹ عبدالمالک کی زیرِ نگرانی تھانہ میں تعینات سب انسپکٹر سمیع اللہ نے جدید ٹیکنالوجی کا موثر استعمال کرتے ہوئے فوری کارروائی کی اور چند ہی گھنٹوں میں گمشدہ بچے کو بحفاظت تلاش کر لیا۔ پولیس نے تمام قانونی تقاضے پورے کرنے کے بعد بچے کو اس کے لواحقین کے حوالے کر دیا۔ بچے کے ملنے پر اہلخانہ کی خوشی دیدنی تھی اور انہوں نے پولیس کی فوری کارروائی اور حسنِ اخلاق پر پنجاب پولیس کے حق میں "پنجاب پولیس زندہ باد" اور "پاکستان زندہ باد" کے نعرے لگائے۔ اس موقع پر ڈی پی او شیخوپورہ بلال ظفر نے پولیس ٹیم کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ عوام کے جان و مال کا تحفظ اور ان کی بروقت مدد پنجاب پولیس کی اولین ترجیح ہے۔

قبرستان کے دربار پر نشئی کے ساتھ دوران تصادم 80 سالہ ملنگ مبینہ طور پر ہلاک ہو گیا

مصطفی آباد للیانی (نامہ نگار) قبرستان کے دربار پر نشئی کے ساتھ دوران تصادم 80 سالہ ملنگ مبینہ طور پر ہلاک ہو گیا، بتایا گیا ہے کہ چڑیوان قبرستان کے دربار پر نامعلوم نشئی نے کسی بات پر گالہہ سائیں نامی ملنگ کو لاتوں اور گھونسوں کے وار کر کے ہلاک کر دیا، اطلاع ملنے پر پولیس موقع پر پہنچ گئی، لاش کو تحویل میں لے کر پوسٹ مارٹم کیلئے بلھے شاہ ڈسٹرکٹ ہسپتال قصور روانہ کر دیا اور وقوعہ کی تفتیش شروع کر دی۔

حافظ آباد کے نواحی گاؤں رائے چند میں بااثر افراد نے 46 سالہ راستہ پر قبضہ کرنے کے لئے ٹریکٹر چلا کر راستہ ختم کر دیا

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) حافظ آباد کے نواحی گاؤں رائے چند میں بااثر افراد نے 46 سالہ راستہ پر قبضہ کرنے کے لئے ٹریکٹر چلا کر راستہ ختم کر دیا جبکہ ملزمان نے اس راستہ سے گزرنے والی محکمہ سوئی گیس کی پائپ لائن کو بھی تیز دھار بلیڈز سے کاٹ دیا۔ جس پر محکمہ سوئی گیس نے ملزمان کے خلاف تھانہ جلالپور بھٹیاں میں کارروائی کے لئے درخواست جمع کروائی لیکن ملزمان کے بااثر ہونے کی وجہ سے پولیس تا حال کوئی کارروائی عمل میں نہ لاسکی ہے۔ تفصیلات کے مطابق رائے چند تھانہ جلالپور بھٹیاں کے رہائشی کامران مختار ولد مختار احمد ہنجرا نے صوبائی محتسب کو تحریری درخواست دیتے ہوئے الزام عائد کیا کہ گاؤں کے رہائشی بااثر افراد جن میں ایک پولیس انسپکٹر بھی شامل ہے۔ انہوں

نے گاؤں کے قدیمی راستہ پر قبضہ جمانے کے لئے وہاں پر ٹریکٹر چلا کر راستہ مسمار کر دیا اور وہاں سے گزرنے والی گیس کی لائن بھی کاٹ دی جس سے چار عدد گیس کے میٹر سے گیس منقطع ہو گئی۔ اس سلسلہ میں محکمہ گیس کی جانب سے کارروائی کے لئے پولیس جلالپور بھٹیاں کو درخواست دی گئی لیکن پولیس نے اپنے پیٹی بھائی پولیس افسر کی وجہ سے ابھی تک ملزمان کے خلاف کوئی کارروائی نہ کی گئی ہے جبکہ نہ ہی گاؤں کے رستہ کی بحالی کی گئی ہے۔ انہوں نے وزیر اعلیٰ اور کمشنر گوجرانوالہ سے مطالبہ کیا ہے کہ انکے گھروں کا جانیوالے رستہ کی فوری بحالی کروا کے ملزمان کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے۔

نارنگ منڈی اور گردونواح میں جرائم کی بڑھتی ہوئی وارداتوں نے شہریوں کو خوف وہراس میں مبتلا کر دیا

صرف ایک ماہ کے دوران ڈکیتی اور چوری کی 50 کے قریب وارداتوں کے مقدمات درج جن میں تقریباً 10 موٹر سائیکلیں چوری

نارنگ منڈی (نامہ نگار) نارنگ منڈی اور گردونواح میں جرائم کی بڑھتی ہوئی وارداتوں نے شہریوں کو خوف وہراس میں مبتلا کر دیا صرف ایک ماہ کے دوران ڈکیتی اور چوری کی 50 کے قریب وارداتوں کے مقدمات درج جن میں تقریباً 10 موٹر سائیکلیں چوری جبکہ شاہراہوں پر ڈکیتی کی 7 وارداتیں بھی شامل ہیں شہری لاکھوں روپے نقدی، موبائل فونز اور قیمتی سامان سے محروم ہو چکے ہیں تفصیلات کے مطابق گزشتہ ایک ماہ کے دوران نارنگ منڈی اور ملحقہ علاقوں میں جرائم کی شرح میں نمایاں اضافہ دیکھنے میں آیا ہے پولیس ریکارڈ کے مطابق ڈکیتی اور چوری کی تقریباً 50 وارداتوں کی ایف آئی آرز درج ہوئیں جبکہ دیگر نوعیت کے جرائم کے مقدمات اس کے علاوہ ہیں بالخصوص موٹر سائیکل چوری کی مسلسل وارداتوں اور شاہراہوں پر مسلح ڈکیتیوں نے شہریوں کی مشکلات میں اضافہ کر دیا ہے شاہراہوں پر ڈکیتی کی 7 وارداتوں کے باعث شہریوں میں سفر کے دوران بھی عدم تحفظ کا احساس پایا جاتا ہے جبکہ تقریباً 10 موٹر سائیکلیں چوری ہونے سے شہری شدید پریشانی کا شکار ہیں شہریوں کا کہنا ہے کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف موثر کارروائی نہ ہونے کے باعث وارداتوں کا سلسلہ رکنے کا نام نہیں لے رہا اہل علاقہ نے پولیس کے اعلیٰ حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ نارنگ منڈی اور گردونواح میں پولیس گشت اور ناکہ بندی کا موثر نظام وضع کیا جائے شاہراہوں کو محفوظ بنایا جائے اور موٹر سائیکل چوری سمیت دیگر وارداتوں میں ملوث جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کر کے شہریوں کو تحفظ فراہم کیا جائے۔

تھانہ سٹی ساہیوال کی حدود میں بچے سے مبینہ زیادتی کی کوشش، ڈی پی او ساہیوال کا نوٹس

ساہیوال (بیورو رپورٹ) ساہیوال: تھانہ سٹی ساہیوال کی حدود میں امام مسجد کی جانب سے بچے سے مبینہ زیادتی کی کوشش کے واقعہ کا ڈی پی او ساہیوال محمد عثمان ٹیپو نے نوٹس لیتے ہوئے فوری قانونی کارروائی کی ہدایت کی* پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے نامزد ملزم قاری محمد حسین ولد محمد انور کھرل کو گرفتار کر لیا۔ واقعہ کے حوالے سے بچے کے والد محمد سخی کی مدعیت میں مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی گئی ہے* ابتدائی تفتیش کے مطابق بچے سے مبینہ زیادتی کی کوشش کی گئی، جس پر قانون کے مطابق دفعہ B-377 کے تحت مقدمہ درج کر لیا گیا ہے۔ ڈی پی او ساہیوال محمد عثمان ٹیپو نے کہا کہ بچوں کے خلاف جرائم کسی صورت برداشت نہیں کیے جائیں گے۔ واقعہ کی مکمل اور میرٹ پر تفتیش کی جا رہی ہے اور قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

اوکاڑہ پٹرولنگ پولیس نے راستہ بھٹکے ہوئے 2 بچوں کو ورثاء سے ملوا دیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ پٹرولنگ پولیس نے راستہ بھٹکے ہوئے 2 بچوں کو ورثاء سے ملوا دیا والدین کی کیجانب سے دعاؤں و نیک تمناؤں کا اظہار۔ تفصیلات کے مطابق زیجنل کمانڈر غازی محمد عمر فاروق کے دکھی انسانیت کی خدمت کے ویژن کو پروان چڑھاتے ہوئے پٹرولنگ پارٹی پولیس پوسٹ 48 تھری۔ آر نے دوران گشت راستہ بھٹکے ذھنی معذور 10 سالہ مبشر جبکہ پٹرولنگ ٹیم پولیس چوکی 48 ٹو ایل نے دوران ڈیوٹی راستہ بھٹکی 12 سالہ عائشہ کو حفاظتی تحویل میں لیکر والدین کی تلاش کیلئے خصوصی آپریشن کا آغاز کر دیا۔ سوشل میڈیا اور دیگر ذرائع ابلاغ کے وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے معصوم مبشر کے والد عبدالرشید سکنہ 65 فور۔ ار ساہیوال جبکہ معصوم عائیشہ کے والد عبدالشکور سکنہ 51 ٹو۔ ایل اوکاڑہ کو ٹریس کر لیا گیا۔ ورثاء کو پٹرولنگ پوسٹ ہائے پر بلوا کر علاقہ معززین کی موجودگی میں دونوں بچے بحفاظت ورثاء کے سپرد کر دیے گئے

تھانہ صدر ننکانہ پولیس کی مبینہ غیر قانونی حراست سے خاتون برآمد

عدالت کا DPO کو تین روز میں مقدمہ درج کرنے کا حکم



ننکانہ صاحب (نمائندہ قوت ساجد حسین سے) تھانہ صدر ننکانہ پولیس کی مبینہ غیر قانونی حراست سے خاتون برآمد عدالت کا DPO کو تین روز میں مقدمہ درج کرنے کا حکم... 14 دنوں میں تفتیش مکمل کر کے عدالت میں جامع رپورٹ داخل کرنے کی ہدایات۔ کسی بھی خاتون کو غیر قانونی حراست میں رکھنا آئین پاکستان کی سنگین خلاف ورزی ہے عدالت کے سخت ریمارکس تفصیلات کے مطابق تھانہ صدر ننکانہ صاحب کی حدود میں مبینہ غیر قانونی حراست، چادر اور چاردیواری کے تقدس کی پامالی اور اختیارات کے ناجائز استعمال کا ایک سنگین معاملہ سامنے آیا ہے جہاں صدیق کالونی کی رہائشی شمیم بی بی نے اپنی جواں سالہ بیٹی شکیلہ پروین اور بیٹے مدثر حسین کو مبینہ طور پر پولیس کی غیر قانونی حراست میں رکھنے کے خلاف عدالت سے رجوع کیا۔ درخواست گزار کا الزام تھا کہ پولیس اہلکاران آصف اقبال ایس ایچ او معہ کانسٹیلان ظہیر احمد اور کاشف وغیرہ 31 جولائی کو صبح تقریباً نو بجے دن مبینہ طور پر زبردستی اس کے گھر میں داخل ہوئے، چادر اور چار دیواری کا تقدس پامال کیا اور اس کی بیٹی شکیلہ پروین اور بیٹے مدثر حسین کو اپنے ساتھ لے گئے۔ درخواست میں مزید الزام عائد کیا گیا کہ خواتین پولیس اہلکاروں کے بغیر شکیلہ پروین کو تھانہ میں رکھا گیا اور اہل خانہ سے مبینہ طور پر ایک لاکھ روپے کا مطالبہ کیا گیا، بصورت دیگر جھوٹے مقدمات میں ملوث کرنے کی دھمکی دی گئی جس پر جناب عبدالحفیظ بھٹہ صاحب ایڈیشنل سیشن جج ننکانہ صاحب نے عدالتی بیلف مقرر کیا۔ عدالتی کارروائی کے دوران تھانہ کا رجسٹر چیک کیا گیا تو شکیلہ پروین کی گرفتاری یا کسی مقدمے کے تحت حراست کا اندراج موجود نہیں تھا۔ بیلف کی کارروائی کے دوران شکیلہ پروین کو مبینہ طور پر تھانہ کے ایک ایسے کمرے سے برآمد کیا گیا جو ایس آئی او یونٹ تفتیشی عملے کے دفتر سے منسلک تھا اور خواتین ملزمان کی تفتیش کے لیے مختص ہے۔ شکیلہ پروین نے بیلف کے سامنے بیان دیا کہ اسے تقریباً 24 گھنٹے سے زائد تھانہ میں رکھا گیا ہے تاہم مغوی مدثر حسین برآمد نہ ہو سکا ہے۔ دوسری جانب مقامی پولیس نے عدالت میں تحریری موقف لیتے ہوئے بتایا ہے کہ مذکورہ خاتون کو پولیس نے گرفتار نہیں کیا بلکہ وہ خود کمرے میں آکر بیٹھی ہوئی تھی جسے عدالت نے مسترد کر دیا۔ عدالت نے اپنے حکم میں کہا ہے کہ پولیس کو اپنے موقف کی سچائی ثابت کرنے کے لیے تھانہ کی سی سی ٹی وی ریکارڈنگ پیش کرنے کیلئے پورا موقع دیا گیا تھا لیکن پولیس ایسا ثبوت جوان کے مکمل اختیار میں ہے عدالت میں پیش کرنے میں بری طرح ناکام ہوئی۔ عدالت نے معاملے کا نوٹس لیتے ہوئے ڈی پی او ننکانہ صاحب کو متعلقہ پولیس اہلکاروں کے خلاف تین روز کے اندر مقدمہ درج کرنے کا حکم جاری کیا ہے اور کم از کم ڈی ایس پی رینک کے افسر کو تفتیش کرنے کی بھی ہدایات جاری کیں ہیں۔ عدالت نے ڈی پی او ننکانہ کو مزید احکامات جاری کیے ہیں کہ وہ 31 جولائی سے لے کر یکم اگست تک تھانہ کا تمام دستاویزی اور الیکٹرانک ریکارڈ محفوظ کریں اور 14 دنوں کے اندر تفتیش مکمل کر کے عدالت میں جامع رپورٹ داخل کرنے کی بھی ہدایات جاری کیں ہیں۔ ضلع ننکانہ صاحب میں انسانی بنیادی حقوق، شہری آزادیوں اور پولیس اختیارات کے ناجائز استعمال کے حوالے سے واقعات میں اضافہ دیکھنے میں آرہا ہے بالخصوص ایسے وقت میں صوبے میں خواتین کے تحفظ اور وقار کے بلند بانگ دعوے کیے جارہے ہیں اور صوبہ کی وزیر اعلیٰ ایک خاتون ہے اس کے ساتھ ساتھ صوبہ کی چیف جسٹس بھی ایک خاتون ہی ہے اور خاتون کی مبینہ غیر قانونی حراست کا معاملہ انتہائی تشویشناک ہے

سرکاری املاک پر 2 بڑے قبضے بے نقاب کانی پور میں 5 ایکڑ سولنگ چوری

سٹی میں عوامی راستہ بند آپشن 2: ڈیٹیل کیپشن - گروپوں کے لیے پاکپتن میں سرکاری خزانے کو 2 جگہ نقصان

عارفوالا (نمائندہ قوت) سرکاری املاک پر 2 بڑے قبضے بے نقاب کانی پور میں 5 ایکڑ سولنگ چوری + سٹی میں عوامی راستہ بند آپشن 2: ڈیٹیل کیپشن - گروپوں کے لیے پاکپتن میں سرکاری خزانے کو 2 جگہ نقصان! 1 کانی پور: 2017 کی 5 ایکڑ سرکاری سولنگ اکھاڑ کر ذاتی اراضی میں شامل کر لی گئی۔ ثبوت: PHE لیٹر نمبر 8932۔ پاکپتن سٹی: سرکاری اراضی اور عوامی راستے پر مٹی، اینٹیں، بھوسہ ڈال کر آمدورفت کیلئے بند کر دیا گیا ہے شہریوں نے DPO پاکپتن سے فوری تحقیقات اور قبضہ مافیا کیخلاف کارروائی کا مطالبہ کیا ہے ※ آپشن 3: سوال والا - انتظامیہ کب جاگے گی؟ مینجمنٹ کے لیے کیا سرکاری فنڈ سے بنا سولنگ اور عوامی راستے محفوظ نہیں؟ پاکپتن کے کانی پور اور سٹی میں سرکاری اراضی پر قبضے کے 2 واقعات سامنے آئے ہیں انتظامیہ کب ایکشن لے گی؟ سرکاری اراضی اور راستے پر مبینہ قبضے کا معاملہ، شہری کی ڈی پی او پاکپتن سے فوری کارروائی کی اپیل سرکاری اراضی، راستے اور مبینہ غیر قانونی تعمیرات سے متعلق ایک اہم معاملہ سامنے آگیا شہری کی جانب سے ڈی پی او پاکپتن، تھانہ سٹی پاکپتن اور دیگر متعلقہ حکام کو درخواستیں دے کر معاملے کی شفاف تحقیقات اور ذمہ داران کے خلاف قانونی کارروائی کا مطالبہ کیا گیا ہے درخواست گزار کے مطابق متعلقہ مقام پر سرکاری اراضی اور عوامی گزرگاہ موجود ہے تاہم مبینہ طور پر راستے کو مٹی، اینٹوں، بھوسے اور دیگر سامان کے ذریعے قبضہ کیا گیا ہے، جس کے باعث آمدورفت کا راستہ محدود ہو کر رہ گیا ہے موقع سے حاصل کی گئی تصاویر میں بھی متاثرہ گزرگاہ واضح طور پر دکھائی دے رہی ہے جہاں راستے کے ایک حصے پر بھوسہ اور اینٹیں موجود ہیں

ساہیوال تھانہ غلہ منڈی کے علاقے سے منڈی مویشیاں، سے بیوپاری اغوا ملزم ڈیڑھ لاکھ نقدی، بکرے لے اڑے، مقدمہ درج

ساہیوال (بیورو رپورٹ) ساہیوال تھانہ غلہ منڈی کے علاقے سے منڈی مویشیاں، سے بیوپاری اغوا ملزم ڈیڑھ لاکھ نقدی، بکرے لے اڑے، مقدمہ درج تاحال ابھی تک ملزموں کا سراغ نہیں چل سکا تفصیلات کے مطابق ساہیوال سٹی سرکل تھانہ غلہ منڈی کے علاقے منڈی مویشیاں چک 100 نوایل زمیندار امتیاز علی کا بھائی عمران گھر سے منڈی مویشیاں دو بکرے فروخت کرنے کے لیے گیا جب منڈی سے واپس نہ آیا تو پتہ چلا کہ نامعلوم ملزموں نے اغوا کر لیا ہے نقدی وغیرہ بھی لوٹ کر لے گئے ہیں۔ پولیس ڈیرہ رحیم نے امتیاز علی کی مدعیت میں مقدمہ 365 ت پ درج کر کے تفتیش شروع کر دی ابھی تک ملزموں کا سراغ نہیں چل سکا۔

چھانگا مانگا گول چکر کے قریب ریسکیو 1122 ایمبولینس پر مسلح ڈاکوؤں کا حملہ اہلکاروں پر تشدد نقدی چھین کر فرار

چھانگا مانگا (میاں شفیق احمد) چھانگا مانگا گول چکر کے قریب مسلح ڈاکوؤں نے ریسکیو 1122 کی ایمبولینس کو روک کر ریسکیو اہلکاروں کو تشدد کا نشانہ بنا دیا جبکہ ملزمان اہلکاروں سے نقدی چھین کر موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے ذرائع کے مطابق ریسکیو 1122 کی ایمبولینس ایک مریض کو لاہور کے ہسپتال منتقل کرنے کے بعد واپس چونیاں جا رہی تھی کہ گول چکر کے قریب مسلح ملزمان نے ایمبولینس کو روک لیا ملزمان نے ایمبولینس میں موجود ای ایم ٹی انجم علی بابر اور ایل ٹی وی اعظم کو مبینہ طور پر تشدد کا نشانہ بنایا اور ان سے نقدی چھین لی خوش قسمتی سے ریسکیو اہلکاروں کے موبائل فونز اور دیگر سرکاری سامان محفوظ رہا واقعے کی اطلاع فوری طور پر پولیس ہیلپ لائن 15 پر دی گئی جس کے بعد پولیس موقع پر پہنچ گئی اور واقعے کی تحقیقات شروع کر دیں ریسکیو 1122 قصور نے واقعے کی شدید مذمت کرتے ہوئے ملزمان کی فوری گرفتاری کا مطالبہ کیا ہے ریسکیو حکام کا کہنا ہے کہ اہلکار عوام کی جانیں بچانے کے لیے دن رات اپنی خدمات انجام دے رہے ہیں ایسے میں ریسکیو اہلکاروں کو نشانہ بنانا انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت اقدام ہے

گوجرانوالا بورڈ میں عبداللہ جاوید نے 10 ویں پوزیشن حاصل کی

نوشہرہ ورکاں (تحصیل رپورٹر) میٹرک سال 2026 کے سالانہ نتائج کا اعلان کر دیا گیا گوجرانوالا بورڈ میں عبداللہ جاوید نے 10 ویں پوزیشن حاصل کی فیڈرل سائنس کالج واپڈا ٹاؤن گوجرانوالا کے طالب علم عبداللہ جاوید نے 1200 نمبروں سے 1180 نمبر حاصل کر کے گوجرانوالا تعلیمی بورڈ میں 10 ویں پوزیشن حاصل کی تفصیلات کے مطابق مرالیوالہ کے رہائشی ماسٹر محمد اسلم کے پوتا پروفیسر جاوید اقبال کے بیٹے عبداللہ جاوید نے میٹرک کے امتحان میں کل 1200 نمبروں سے 1180 نمبر حاصل کر کے اپنے کالج فیڈرل سائنس کالج اور اپنے علاقے کا نام روشن کیا شاندار کامیابی حاصل کرنے پر ڈاکٹر محمد اسلم۔ صدر نوشہرہ ورکاں تحصیل پریس کلب رجسٹرڈ چوہدری محمد امین گورایہ نمبر دار۔ صدر حلقے عالی پریس کلب رجسٹرڈ ڈاکٹر محمد آصف بٹ سمیت صحافیوں علاقہ بھر سے شہریوں نے عبداللہ جاوید اس اساتذہ کو مبارک باد پیش کی کامیاب طالب علم عبداللہ جاوید نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ یہ میری کامیابی میرے والدین کی دعاؤں اور میرے اساتذہ کی محنت کا نتیجہ ہے محنت کرنے سے کامیابی ملتی میں اپنے تمام طلبہ طالبات کو یہ میسج دینا چاہتا ہوں دل لگی سے محنت کریں انشاللہ کامیابی اپ کے قدم چومے گی

شیخوپورہ روڈ پر نزد مرالیوالہ میں ٹریفک حادثہ، موٹر سائیکل سوار خاتون جاں بحق

نوشہرہ ورکاں (تحصیل رپورٹر) نوشہرہ ورکاں کے علاقے گوجرانوالا شیخوپورہ روڈ پر نزد مرالیوالہ میں ٹریفک حادثہ، موٹر سائیکل سوار خاتون جاں بحق تفصیلات کے مطابق نوشہرہ ورکاں حلقے عالی کے نواحی گاؤں مرالیوالہ نزد شیل پٹرول پمپ افسوسناک ٹریفک حادثہ پیش آیا جس میں موٹر سائیکل سوار خاتون موقع پر ہی جاں بحق ہو گئی۔ موٹر سائیکل پر سوار 50 سالہ خاتون کا دوپٹہ اچانک ٹائر میں پھنس گیا جس کے باعث وہ توازن کھو کر سڑک پر گر گئی۔ اسی دوران پیچھے سے آنے والے تیز رفتار ٹریلر نے خاتون کو کچل دیا جس سے وہ شدید زخمی ہو کر موقع پر دم توڑ گئی، ریسکیو 1122 کی ٹیم اطلاع ملتے ہی موقع پر پہنچی اور ضروری کارروائی کے بعد نعش کو ورثا کے حوالے کر دیا۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق جاں بحق ہونے والی خاتون کی شناخت تنویر بی بی زوجہ محمد عرفان کے نام سے ہوئی ہے جن کا تعلق بھانو کوٹ گاؤں، ٹول پلازہ کے قریب سے تھا۔ پولیس نے واقعے کی اطلاع پر موقع پر پہنچ کر قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا ہے۔ واقعے کے بعد علاقے میں سوگ کی فضا ہے۔

''قوت'' کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

شعبہ اشتہارات 042-3636003

بقیہ نمبر 1

رہنے والے تفصیلی مذاکرات کے بعد طے پایا ہے۔ایکس اکاؤنٹ پر پوسٹ میں لکھا کہ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کا مقصد تینوں بانی ممالک کی مشترکہ دفاعی صلاحیتوں کو مضبوط بنانا، دفاعی تیاری بڑھانے کے ساتھ سٹریٹیجک دفاعی صلاحیتوں کو ترقی دینا اوران کی سلامتی اور علاقائی سالمیت کو درپیش کسی بھی خطرے کا مشترکہ طور پر مقابلہ کرنے کے لیے تعاون کو فروغ دینا ہے۔انہوں نے واضح کیا معاہدے کا مقصد کسی فوجی اتحاد یا فرقہ وارانہ یا مسلکی بلاک کے قیام کی جانب کوئی پیش رفت نہیں ہے اور نہ ہی اس کا تعلق جوہری عزائم یا خطے میں اسلحے کی دوڑ سے ہے، بلکہ اس کا مقصد پائیدار خود انحصار صلاحیتوں کی ترقی ہے۔ڈاکٹر رائد قرملی نے کہا کہ یہ معاہدہ خلیجی، عرب اور بین الاقوامی سطح پر سعودی عرب کے مضبوط اور سٹریٹیجک تعلقات کی قیمت پر نہیں ہے، یہ خطے کے کسی ملک کی سلامتی کے لیے خطرہ ہے اور نہ کسی دو ممالک کے درمیان کشیدگی میں اضافے کا باعث بنتا ہے۔

بقیہ نمبر 2

میں امریکی سرمایہ کاری بڑھانے پر زور دیا، امریکی سرمایہ کاروں کو پاکستان میں سرمایہ کاری کی دعوت دی۔سفیر رضوان شیخ کا کہنا ہے کہ پاکستان کے معدنی وسائل میں ویلیو ایڈیشن کے لیے امریکی سرمایہ کاری ضروری ہے۔سفیر پاکستان نے پاکستانی پنک نمک کی برآمد کے لیے 200 ملین ڈالر کے جاری مشترکہ منصوبے کا بھی خیر مقدم کیا، پاکستان کے سرجیکل آلات کے شعبے میں امریکی سرمایہ کاری بڑھانے پر زور دیا۔سفیر پاکستان نے نیپر ویل میں پاکستانی سرجیکل آلات کی فنشنگ، پیکیجنگ اور ڈسٹری بیوشن مرکز کا بھی دورہ کیا۔انہوں نے کہا کہ سرجیکل آلات کے شعبے میں جدید ٹیکنالوجی، تربیت اور ہنر مندی کے فروغ کی ضرورت ہے۔سفیر رضوان شیخ نے پاک امریکن شکاگو لینڈ چیمبر آف کامرس کے عہدیداران سے بھی ملاقات کی، پاک امریکا کاروباری برادری کے درمیان کاروباری روابط مزید مضبوط بنانے پر زور دیا۔

بقیہ نمبر 3

واقعہ کی تحقیقات کیلئے باقاعدہ انکوائری کمیٹی قائم کردی اس حوالے سے کمیٹی کے قیام کی منظوری کا نوٹیفکیشن جاری کردیا گیا ہے جس کے مطابق کمشنر قلات ڈویژن کو انکوائری کمیٹی کا چیئرمین مقرر کیا گیا ہے جبکہ ڈپٹی کمشنر حب، ڈپٹی کمشنر آواران اور ایس پی حب کمیٹی کے ارکان ہوں گے، ایس پی حب کمیٹی کے سیکرٹری کی ذمہ داریاں بھی انجام دیں گے۔نوٹیفکیشن کے مطابق تحقیقاتی اداروں کے نمائندے بھی انکوائری کمیٹی کا حصہ ہوں گے اور واقعہ کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لیا جائے گا۔کمیٹی اسماء جتک کو دی جانے والی دھمکیوں، اہل خانہ کے قتل اور اس سے متعلق دیگر معاملات کی تحقیقات کر کے 15 روز کے اندر اپنی رپورٹ حکومت بلوچستان کو پیش کرے گی۔خیال رہے کہ چند دن پہلے اسماء جتک نے اپنی اور اہل خانہ کی جان کے تحفظ کے لیے قرآن پاک اٹھا کر ویڈیو بنائی تھی، جس کے کچھ ہی گھنٹے بعد ان کے والد کو قتل کر دیا گیا۔

بقیہ نمبر 4

امیر العظیم کی رہائشگاہ پر جا کر ان کے اہل خانہ سے اظہار تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔اس موقع پر نائب امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ، ریلوے پریم یونین کے صدر شیخ محمد انور، نور العظیم، شہیر العظیم، حسان بلوچ، شیخ اسامہ اور دیگر بھی موجود تھے۔حنیف عباسی نے کہا کہ امیر العظیم عظیم شخص تھے، ان کی ملی سیاسی قومی خدمات مدتوں یاد رکھی جائیں گی۔لیاقت بلوچ نے تعزیت کے لئے آمد پر وزیر ریلوے حنیف عباسی کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ نمبر 5

موقع پر جمہوریہ سنگاپور کے صدر، تھرمن شنمو گارتنم، سنگاپور کی حکومت اور عوام کو مبارکباد کا پیغام دیا۔صدر مملکت نے اپنے خط میں کہا کہ پاکستان سنگاپور کی بصیرت افروز قیادت، دانشمندانہ طرز حکمرانی اور عوام کے غیر متزلزل عزم کے ذریعے حاصل ہونے والی تعمیر ملت اور معاشی تبدیلی کے شاندار سفر کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔انہوں نے سنگاپور کی کامیابی، جدت طرازی اور پیش رفت کو ایک متاثر کن مثال قرار دیا۔صدر زرداری نے رواں سال کو پاکستان اور سنگاپور کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کی 60 ویں سالگرہ کے طور پر، خاص اہمیت کا حامل قرار دیا۔انہوں نے کہا کہ گزشتہ چھ دہائیوں کے دوران باہمی اعتماد، خیر سگالی اور عوامی روابط پر مبنی یہ دوستی مسلسل پروان چڑھی ہے۔انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کثیر الجہتی فورمز پر اپنے روابط جاری رکھیں گے اور دوطرفہ سیاسی روابط کو بھی برقرار رکھیں گے۔صدر مملکت نے کہا کہ ڈیجیٹل معیشت، گرین ٹیکنالوجی، سمندری ولاجسٹکس روابط، شہری منصوبہ بندی، پیشہ ورانہ تربیت، تعلیمی وثقافتی تبادلے اور سیاحت کے شعبوں میں توسیع کے وسیع امکانات موجود ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان، دونوں ممالک اور ان کے عوام کے فائدے کے لیے، باہمی دلچسپی کے شعبوں میں تعاون کو مضبوط بنانے کے لیے سنگاپور کے ساتھ مل کر کام کرنے کا خواہاں ہے۔

بقیہ نمبر 6

زرداری سے ملاقات کی جس میں ملکی سیاسی صورت حال اور پارلیمانی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔میڈیا رپورٹ کے مطابق دونوں رہنماؤں نے موجودہ سیاسی حالات اور جمہوری عمل سے متعلق امور پر گفتگو کی۔ملاقات میں باہمی دلچسپی کے دیگر اہم معاملات بھی زیر بحث آئے۔

بقیہ نمبر 7

قتل کیس میں cover up ثابت ہو رہا ہے اور حقائق سامنے آرہے ہیں، پورا سسٹم کمپرومائزڈ تھا۔سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر سینئر اینکر پرسن شاہزیب خانزادہ کے شو کا ایک ویڈیو کلپ شیئر کرتے ہوئے اپنے ایک بیان میں وزیر دفاع نے کہا کہ آپ جس طرح اس کیس (میر رضا قتل کیس) پر فوکس کر رہے ہیں اس کے نتائج سامنے آرہے ہیں۔ان کا کہنا تھا کہ جس طرح سے معاملے میں cover up ثابت ہو رہا ہے اور حقائق سامنے آرہے ہیں، پورا سسٹم کمپرومائزڈ تھا۔خواجہ آصف نے کہا کہ اب بھی پہرہ دینا ہوگا ورنہ جس طرح پہلے مک مکا ہوا تھا، دوبارہ بھی ہوسکتا ہے جن لوگوں نے cover up کیا ہے، ان کو کو بھی بے نقاب ہونا ہوگا۔

بقیہ نمبر 8

ثقافتی تنوع گلگت سے گوادر اور میدانی علاقوں سے چولستان اور تھر کے صحراؤں تک پھیلا ہوا ہے۔انہوں نے مقامی لوگوں کے حقوق، ثقافت، روایات اور فلاح و بہبود کے احترام کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان ایسی تمام کوششوں کی حمایت کرتا ہے جن کا مقصد یہ یقینی بنانا ہے کہ قدیمی مقامی باشندوں کے علم کا احترام کیا جائے، ان کی آوازسنی جائے اور انہیں تمام مواقع اور سہولیات تک رسائی حاصل ہو جن کی انہیں باوقار اور محفوظ زندگی گزارنے کیلئے ضرورت ہے۔صدر مملکت نے کہا کہ پاکستان ثقافتی تنوع اور مقامی روایات کے تحفظ کیلئے پرعزم ہے، پاکستان یونیسکو کے غیر مادی ثقافتی ورثے کے تحفظ کے کنونشن پر عمل پیرا ہے، قدیم مقامی باشندگان کے حقوق، ثقافت اور فلاح و بہبود کے تحفظ کے عزم کا اعادہ کرتے ہیں۔

بقیہ نمبر 9

پرواز ساڑھے 17 گھنٹے تک تاخیر کا شکار رہی، مدینہ سے اسلام آباد کی پرواز رات 2 بجے شیڈول تھی جس کی اتوار کے روز شام 5 بجے روانگی ہوئی، لاہور سے مدینہ کی پروازوں میں 18 گھنٹے تاخیر ہوئی۔اسی طرح ملتان سے جدہ، مدینہ کی پروازوں میں 18 گھنٹے تاخیر ہے جبکہ مدینہ سے لاہور کی پرواز جو اتوار کے روز دن ڈھائی بجے شیڈول تھی اس کا پیر کے روز صبح 8 بجے شیڈول مرتب کیا گیا۔

بقیہ نمبر 10

گیا۔بھارتی میڈیا کے مطابق دہلی پولیس نے فضائیہ کے ونگ کمانڈر کو گرفتار کیا ہے۔میڈیا رپورٹس کے مطابق دہلی پولیس نے ونگ کمانڈر کو اپنی سوشل میڈیا دوست خاتون کے موبائل فون کو ڈیٹا چوری کا سافٹ ویئر ڈال کر حساس دفاعی معلومات شیئر کرنے کے الزام پر 30 مئی کو گرفتار کیا۔تہاڑ جیل میں عدالتی تحویل میں موجود 44 سالہ ونگ کمانڈر کا نام نہیں ظاہر کیا گیا تاہم بھارتی میڈیا کے مطابق گرفتار ونگ کمانڈر سے تحقیقات کی جارہی ہیں۔

بقیہ نمبر 11

جنرل عاصم منیر نے اہم کردار ادا کیا ہے۔ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ پاکستان نے گزشتہ چند برسوں کے دوران اپنی سفارت کاری کے ذریعے عالمی سطح پر مقام حاصل کیا ہے جبکہ ایران۔امریکا تنازع کے دوران بھی پاکستان کو عزت اور وقار ملا۔وفاقی وزیر نے کہا کہ حکومت عوام کو بڑے ریلیف کی فراہمی پر غور کر رہی تھی تاہم ایران۔امریکا تنازع کے نتیجے میں پیدا ہونے والے مشکل حالات کے باعث عوام کو ریلیف فراہم نہیں کیا جاسکا۔

بقیہ نمبر 12

میڈیا رپورٹ کے مطابق سیکیورٹی فورسز دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت اپنی کارروائیاں بلاتعطل جاری رکھنے کیلئے پرعزم ہیں۔وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت بلوچستان میں کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز پر سیکیورٹی فورسز کو تحسین کی اور 15 خوارجیوں کو جہنم واصل کرنے پر سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہا۔انہوں نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے کامیاب کارروائیاں کر کے فتن الہندوستان اور فتن الخوارج کے مذموم عزائم کو ناکام بنایا، دہشتگردی کے خلاف برسر پیکار سیکیورٹی فورسز کے بہادر جوان قوم کا فخر ہیں۔وزیر داخلہ نے کہا کہ ان شاءاللہ قوم کی حمایت سے بلوچستان سے فتن الہندوستان اور فتن الخوارج کے دہشت گردوں کا مکمل خاتمہ کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 13

واقعہ کی تحقیقات کیلئے باقاعدہ انکوائری کمیٹی قائم کردی اس حوالے سے کمیٹی کے قیام کی منظوری کا نوٹیفکیشن جاری کردیا گیا ہے جس کے مطابق کمشنر قلات ڈویژن کو انکوائری کمیٹی کا چیئرمین مقرر کیا گیا ہے جبکہ ڈپٹی کمشنر حب، ڈپٹی کمشنر آواران اور ایس پی حب کمیٹی کے ارکان ہوں گے، ایس پی حب کمیٹی کے سیکرٹری کی ذمہ داریاں بھی انجام دیں گے۔نوٹیفکیشن کے مطابق تحقیقاتی اداروں کے نمائندے بھی انکوائری کمیٹی کا حصہ ہوں گے اور واقعہ کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لیا جائے گا۔کمیٹی اسماء جتک کو دی جانے والی دھمکیوں، اہل خانہ کے قتل اور اس سے متعلق دیگر معاملات کی تحقیقات کر کے 15 روز کے اندر اپنی رپورٹ حکومت بلوچستان کو پیش کرے گی۔خیال رہے کہ چند دن پہلے اسماء جتک نے اپنی اور اہل خانہ کی جان کے تحفظ کے لیے قرآن پاک اٹھا کر ویڈیو بنائی تھی، جس کے کچھ ہی گھنٹے بعد ان کے والد کو قتل کر دیا گیا۔

بقیہ نمبر 14

دفاعی معاہدہ تاریخ ساز پیشرفت اور امت مسلمہ کیلئے نیک شگون ہے۔اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ یہ معاہدہ امت مسلمہ کے استحکام، سلامتی اور باہمی بھائی چارے کے فروغ کیلئے بنیادی ستون ثابت ہوگا۔اس مشترکہ دفاعی معاہدے نے ہر مومن کے دل و جاں کو معطر کر دیا ہے، اللہ رب العزت جب چاہیں جس سے چاہیں کام لے لیتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان، ترکیہ اور سعودی قیادت کی دور اندیشی اور تدبر کو سلام ہے، اس معاہدے کی تشکیل کیلئے کام کرنے والے ہر ہر فرد کو اللہ کریم جزائے خیر سے نوازیں۔

بقیہ نمبر 15

کیس ڈائریکٹر ایف آئی اے کے سپرد کرنے اور ایجنٹ کی گرفتاری کے احکامات جاری کیے۔وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے ایف آئی اے کو ہدایت کی کہ نامکمل سفری دستاویزات پر کسی کو سفر کی اجازت ہرگز نہ دی جائے۔انہوں نے کہا کہ مکمل سفری دستاویزات والے کسی مسافر کو سفر سے نہیں روکا جائے گا۔وزیر داخلہ نے کہا کہ جدید ٹیکنالوجی سے امیگریشن میں آسان ہوئی ہے اور جعلی دستاویزات پر سفر کرنے والوں کے خلاف شکنجہ سخت کیا جائے۔

بقیہ نمبر 16

الیکٹرو بس میں طلبہ، خواتین اور بزرگوں کیلئے مفت سفر کی سہولت وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کا بے مثال اقدام ہے۔ارکان صوبائی اسمبلی نے کہا کہ تاریخ میں پہلی مرتبہ تحصیل بورے والا، میلسی اور وہاڑی میں تقریباً 21 ارب روپے کے میگا پراجیکٹ شروع کیے گئے ہیں، وہاڑی ریل بازار کی بیوٹیفکیشن سے شہر کا اربن کلچر نئے دور میں داخل ہو چکا ہے، دو رویہ ملتان وہاڑی روڈ سے روزانہ چار اضلاع کے لاکھوں مسافر مستفید ہو رہے ہیں۔اس موقع پر وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا کہ پنجاب کے عوام کی خدمت کا جذبہ اپنے قائد محمد نواز شریف سے ورثہ میں ملا، وہاڑی ملتان روڈ کی فوری تعمیر علاقے کے عوام کا حق تھا جس کی اللہ تعالیٰ نے ہمیں توفیق دی۔انہوں نے کہا کہ پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام کے ذریعے پہلی مرتبہ پورے صوبہ بھر یکساں ترقی کا کلچر متعارف کرایا، اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے موجودہ مون سون میں نکاسی آب کی نئی سکیموں کی وجہ سے صورتحال میں نمایاں بہتری آئی، اب بارشوں کے بعد دنوں، ہفتوں اور مہینوں کھڑا ہونے والا پانی گھنٹوں میں نکال دیا جاتا ہے۔مریم نواز شریف نے کہا کہ کسان کارڈ سے جنوبی پنجاب کے کاشتکار، لیپ ٹاپ اور ہونہار سکالر شپ سے طلبہ مستفید ہو رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 17

کے کردار پر تفصیلی اظہار خیال کیا۔ڈاکٹر معید یوسف نے کہا کہ ترقی یافتہ معاشروں میں مشترکہ عنصر نوجوان نسل کی مثبت کردار، بلند حوصلہ اور مؤثر شمولیت ہے، جامع قومی سلامتی کا حقیقی تصور ہر شہری کا تحفظ، عزت، سلامتی اور خوشحالی کو یقینی بنانے سے وابستہ ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کا روشن مستقبل نوجوانوں کی سوچ، قابلیت، محنت اور بلند عزم سے ہی ممکن ہے۔سابق مشیر قومی سلامتی ڈاکٹر معید یوسف نے طلبا و طالبات کے سوالات کے تفصیلی جوابات بھی دیئے، آئی ایس پی آر سمر انٹرن شپ پروگرام 2026 طلبہ کی فکری و علمی تربیت اور مواقع کی فراہمی کیلئے بہترین اقدام ہے۔

بقیہ نمبر 18

ثقافتی تنوع گلگت سے گوادر اور میدانی علاقوں سے چولستان اور تھر کے صحراؤں تک پھیلا ہوا ہے۔انہوں نے مقامی لوگوں کے حقوق، ثقافت، روایات اور فلاح و بہبود کے احترام کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان ایسی تمام کوششوں کی حمایت کرتا ہے جن کا مقصد یہ یقینی بنانا ہے کہ قدیمی مقامی باشندوں کے علم کا احترام کیا جائے، ان کی آوازسنی جائے اور انہیں تمام مواقع اور سہولیات تک رسائی حاصل ہو جن کی انہیں باوقار اور محفوظ زندگی گزارنے کیلئے ضرورت ہے۔صدر مملکت نے کہا کہ پاکستان ثقافتی تنوع اور مقامی روایات کے تحفظ کیلئے پرعزم ہے، پاکستان یونیسکو کے غیر مادی ثقافتی ورثے کے تحفظ کے کنونشن پر عمل پیرا ہے، قدیم مقامی باشندگان کے حقوق، ثقافت اور فلاح و بہبود کے تحفظ کے عزم کا اعادہ کرتے ہیں۔

بقیہ نمبر 19

واستحکام کے عزم کی مضبوط علامت ہے۔ملک محمد احمد خان نے کہا کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان دفاعی تعاون تینوں ممالک کے باہمی تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کے ساتھ ساتھ خطے میں اجتماعی سلامتی کے تصور کو بھی تقویت دے گا۔یہ شراکت داری کسی ملک کے خلاف نہیں بلکہ امن، استحکام، باہمی احترام اور مشترکہ مفادات کے فروغ کیلئے ہے۔انہوں نے وزیراعظم محمد شہباز شریف کی کامیاب سفارت کاری اور بصیرت کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعظم کی قیادت میں پاکستان نے عالمی اور علاقائی سطح پر اپنا مؤثر سفارتی کردار اجاگر کیا ہے۔مکہ مکرمہ میں ہونے والا یہ اہم معاہدہ پاکستان کیلئے ایک بڑی سفارتی کامیابی ہے جس پر پوری قوم کو فخر ہے۔قائمقام گورنر پنجاب نے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت میں پاکستان کی دفاعی صلاحیت اور مسلح افواج کی پیشہ ورانہ استعداد کو بھی قابل فخر قرار دیتے ہوئے کہا کہ پاک فوج نے ہمیشہ ملکی سلامتی، خودمختاری اور دفاع کے ساتھ ساتھ خطے کے امن و استحکام کیلئے بھی ذمہ دارانہ کردار ادا کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کسی ملک کے خلاف محاذ آرائی کا خواہاں نہیں، ہم امن، باہمی احترام اور تعاون پر یقین رکھتے ہیں۔مضبوط دفاع امن کی ضمانت اور قومی خودمختاری کے تحفظ کی بنیاد ہے۔پاکستان اپنی سلامتی کے تحفظ کے ساتھ خطے میں امن اور ترقی کیلئے اپنا مثبت کردار جاری رکھے گا۔ملک محمد احمد خان نے کہا کہ مکہ مکرمہ کا دفاعی معاہدہ پاکستان کیلئے نئی سفارتی، دفاعی اور معاشی شراکت داری کے دروازے کھولنے کا اہم موقع ہے۔سعودی عرب کی معاشی قوت، ترکیہ کی صنعتی و دفاعی صلاحیت اور پاکستان کے جغرافیائی محل وقوع، افرادی قوت اور دفاعی تجربے سے تینوں ممالک کے درمیان تجارت، سرمایہ کاری، ٹیکنالوجی اور دفاعی پیداوار کے شعبوں میں تعاون کے نئے امکانات پیدا ہوسکتے ہیں۔قائمقام گورنر پنجاب ملک محمد احمد خان نے کہا کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کی یہ شراکت داری پورے خطے میں امن، استحکام اور خوشحالی کے فروغ کا ذریعہ بنے گی۔انہوں نے وزیراعظم محمد شہباز شریف، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور پوری قوم کو تاریخی دفاعی معاہدے پر مبارکباد دیتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ پاکستان کو ہمیشہ امن، سلامتی، استحکام اور ترقی عطا فرمائے۔

بقیہ نمبر 20

وامان قائم کرنا حکومتوں کی ذمے داری ہے، یہاں امن کے لیے ماحول کو سازگار بنانا چاہیے، بیرونی سازشیں اندرونی حالات کی وجہ سے کامیاب ہوتی ہیں۔انہوں نے کہا کہ افغان حکومت اپنی سرزمین کو پاکستان کے خلاف استعمال کرنے سے روکے، افغان حکومت کے ساتھ بات چیت کرنی چاہیے، جنوبی اضلاع میں اس وقت حالات بہت خراب ہیں، نیشنل ایکشن پلان میں روزگار اور تعلیم بھی شامل تھا۔حافظ نعیم نے کہا کہ افغانستان کے ساتھ افہام و تفہیم کے ساتھ معاملات طے کریں، افغان بارڈر ٹریڈ پر کام ہونا چاہیے اور مسئلہ حل کرنا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ پیٹرول کی قیمتیں آسمان سے باتیں کر رہی ہیں، جنگ ختم ہونے کے بعد بھی پیٹرول کی قیمتیں کم نہیں کی گئیں، حکومت نے پیٹرولیم مصنوعات کی لیوی کی مد میں بڑی آمدنی کی، پیٹرولیم ڈیولپمنٹ لیوی کی آڑ میں یہ اپنی کرپشن چھپا رہے ہیں۔امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ اس وقت نااہلی اور کرپشن عروج پر ہے، آئی پی پیز مافیا کے خلاف سڑکوں پر نکلنا ہوگا، 16 اگست کو چاروں صوبوں میں بیک وقت دھرنا دیا جائے گا، پنجاب میں وزیر اعلیٰ ہاؤس، سندھ اور خیبر پختونخوا میں گورنر ہاؤس کے سامنے دھرنا ہوگا۔

بقیہ نمبر 21

حادثات پر ریسپانڈ کیا جن میں 653 افراد شدید زخمی ہو گئے جنہیں فوری طور پر نزدیکی ضلعی و تحصیل کے ہسپتالوں میں منتقل کیا گیا۔807 معمولی زخمی لوگوں کو ریسکیو میڈیکل ٹیموں کے جائے حادثہ پر بروقت طبی امداد فراہم کرنے کی وجہ سے ہسپتالوں پر بوجھ بھی کم ہوا۔ان حادثات میں زیادہ تر تعداد (79 فیصد) موٹر سائیکلز حادثات کی ہے اس لیے وقت کی ضرورت ہے کہ روڈ ٹریفک حادثات کی بڑھتی ہوئی شرح کو کم کرنے کے لیے ٹریفک قوانین پر سختی سے عمل کرتے ہوئے لائن اور لین کے نظم و ضبط کا خیال رکھیں۔ایمرجنسی اعداد و شمار کے مطابق ریسکیو 1122 کے صوبائی مانیٹرنگ سیل کو موصول ہونے والی ایمرجنسی کالز کے مطابق ان ٹریفک حادثات میں 831 ڈرائیوز، 36 کم عمر ڈرائیور، 491 مسافر اور 146 پیدل چلنے والے افراد متاثر ہوئے۔اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ 248 ٹریفک حادثات کی فون کالز لاہور کنٹرول روم میں موصول ہوئیں جس میں صوبائی دارالحکومت 276 متاثرین کے ساتھ پہلے ملتان 71 حادثات میں 81 متاثرین کے ساتھ دوسرے فیصل آباد 70 حادثات میں 78 متاثرین کے ساتھ تیسرے نمبر پر رہا۔

بقیہ نمبر 22

ترکیہ کے درمیان مشترکہ دفاعی معاہدہ مسلم امہ کے لیے خوشی اور فخر کا ایک غیر معمولی معاہدہ ہے۔اتوار کو پاکستان، ترکیہ اور سعودی عرب مکہ باہمی معاہدہ کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سعودی ولی عہد محمد بن سلمان، ترک صدر رجب طیب اردوان اور وزیراعظم محمد شہباز شریف نے یہ فیصلہ کر کے ثابت کیا ہے کہ مضبوط قیادت قوموں کو قریب لاتی ہے۔وجیہہ قمر نے وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی محنت اور بہترین قیادت کو سراہتے ہوئے پوری قوم کی جانب سے انہیں مبارکباد پیش کی۔انہوں نے کہا کہ معاہدے کے تحت کسی ایک رکن پر حملہ تینوں ممالک پر حملہ تصور ہوگا اور اب مشکل کی کسی بھی گھڑی میں کوئی بھی ملک تنہا نہیں ہوگا۔وزیرمملکت نے کہا کہ مکہ مکرمہ کی سرزمین سے اٹھنے والا یہ خوبصورت پیغام پوری دنیا میں مسلم امہ کو متحد کرنے کا باعث بن سکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ سعودی عرب کی مضبوط معیشت، ترکیہ کی جدید دفاعی طاقت اور پاکستان کی تجربہ کار افواج مل کر امن اور مشترکہ خوشحالی کی ضامن بنیں گی۔وجیہہ قمر نے کہا کہ آج ہم فخر اور عاجزی کے ساتھ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے ہیں، یہ معاہدہ پوری مسلم امہ کے لیے محفوظ اور خوشحال مستقبل کی امید ہے۔

بقیہ نمبر 23

گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ تاریخی معاہدہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی قیادت میں سیاسی ٹیم کی دن رات کی محنت اور سفارتی سطح پر حاصل ہونے والی کامیابیوں اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت میں پاکستان کی مسلح افواج کی پیشہ ورانہ مہارت اور صلاحیتوں کا ثبوت ہے۔ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ پہلے ہی برادرانہ اور قریبی تعلقات کے حامل ہیں تاہم اس مشترکہ معاہدے سے تینوں ممالک کے باہمی تعلقات اور تعاون کو مزید فروغ ملے گا۔انہوں نے کہا کہ معاہدے کے تحت تینوں ممالک ایک دوسرے کے دفاع کے لیے متحد ہوں گے اور کسی ایک ملک کے خلاف جارحیت کو تینوں ممالک کے خلاف جارحیت تصور کیا جائے گا۔وفاقی وزیر نے کہا کہ یہ معاہدہ خطے میں امن و استحکام کے لیے ایک اہم پیش رفت ہے، جس سے پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان آئندہ دنوں میں تعلقات اور باہمی روابط مزید مضبوط ہوں گے۔انہوں نے کہا کہ یہ معاہدہ پوری دنیا کے لیے ایک واضح پیغام اور مسلم امہ کے لیے ایک تاریخی لمحہ ہے۔

بقیہ نمبر 24

کی روایتی ساحلی آبادیوں نے نسلوں سے سمندری لہروں، مدوجزر، ماہی گیری کے مقامات، موسمی حالات، سمندری انواع، مینگروز اور ساحلی ماحولیاتی نظام سے متعلق قیمتی علم محفوظ کر رکھا ہے۔انہوں نے کہا کہ کراچی اور دریائے سندھ کے ڈیلٹا سے گوادر اور جیوانی تک ساحلی آبادیوں کا انحصار ماہی گیری، مینگروز، آبی گزرگاہوں اور دیگر سمندری وسائل پر ہے۔وزیر بحری امور نے کہا کہ کراچی کی ساحلی بستیوں کو شہری پھیلاؤ، آلودگی اور قدرتی مساکن کی تباہی جیسے مسائل کا سامنا ہے جبکہ دریائے سندھ کے ڈیلٹا میں میٹھے پانی کی کمی، سمندری پانی کی اندرونی علاقوں میں پیش قدمی، کٹاؤ اور ماہی گیری کے بدلتے رجحانات مشکلات میں اضافہ کر رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے ساحل پر سونمیانی، اورماڑہ، پسنی، گوادر اور جیوانی سمیت روایتی ماہی گیر برادریاں بھی موسمیاتی اور ماحولیاتی تبدیلیوں سے متاثر ہو رہی ہیں۔جنید انوار چوہدری نے کہا کہ مقامی ماہی گیروں کو مدوجزر، سمندری دھاروں، ہواؤں، ماہی گیری کے موسم اور سمندری حیات میں تبدیلیوں کا گہرا مشاہداتی علم حاصل ہے، اس علم کو سائنسی تحقیق کے ساتھ مربوط کر کے ماہی گیری کے بہتر انتظام، ماحولیاتی بحالی اور قدرتی آفات سے نمٹنے کی تیاری کو مؤثر بنایا جاسکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ جدید سائنس اور روایتی ماحولیاتی علم ایک دوسرے کے متبادل نہیں بلکہ معاون ہیں، کیونکہ نسلوں سے سمندر کے ساتھ زندگی گزارنے والی برادریاں اپنے ماحول میں آنے والی تبدیلیوں کو منفرد انداز میں سمجھتی ہیں۔وفاقی وزیر نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلی کے باعث سمندری درجہ حرارت، مچھلیوں کی اقسام، بارشوں، پانی کی نمکیات، ساحلی کٹاؤ اور شدید موسمی واقعات میں تبدیلیاں روایتی معاشی سرگرمیوں کو متاثر کر رہی ہیں۔انہوں نے ساحلی علاقوں میں کمیونٹی کی شمولیت سے موافقت کے اقدامات، مؤثر پیشگی انتباہی نظام، موسمیاتی لحاظ سے مضبوط ساحلی انفراسٹرکچر اور پائیدار ماہی گیری کے انتظام کو فروغ دینے پر زور دیا۔جنید انوار چوہدری نے کہا کہ قدرتی وسائل سے متعلق فیصلوں میں ساحلی آبادیوں کو شریک کرنا ضروری ہے کیونکہ مقامی لوگوں کو شراکت دار بنا کر ہی تحفظ ماحول کی پالیسیوں کو زیادہ مؤثر بنایا جاسکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کی بلیو اکانومی کو ماحولیاتی تحفظ سے الگ نہیں کیا جاسکتا، صحت مند سمندر، مضبوط ساحلی ماحولیاتی نظام اور بااختیار ساحلی برادریاں پائیدار بحری ترقی کے لیے ناگزیر ہیں۔وزیر بحری امور نے کہا کہ حکومت ساحلی علاقوں میں موسمیاتی لچک بڑھانے، روایتی علم کے تحفظ اور پالیسی سازی میں مقامی آبادی کی شمولیت کے لیے اقدامات جاری رکھے گی۔

بقیہ نمبر 25

مکہ دفاعی معاہدہ مسلم ممالک کے دفاع، صنعت و تجارت کے لیے بہت اہم ہوگا، معاہدے میں وسعت لاکر قطر، ایران، انڈونیشیا، ملائیشیا اور بنگلا دیش کو بھی شامل کیا جائے۔لیاقت بلوچ نے کہا کہ امریکی اڈے مسلم ممالک کی حفاظت نہیں بلکہ امریکی عزائم کے تحفظ کے لیے ہیں۔

بقیہ نمبر 26

کے باعث مختلف نشیبی علاقوں اور شاہراہوں پر پانی کھڑا ہوگیا جس کی وجہ سے شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا، شاہراہوں پر پانی کھڑا ہونے سے ٹریفک کا نظام سست روی کا شکار رہا۔دوسری جانب بارش میں لیسکو کا ترسیلی نظام بری طرح متاثر ہوا، کئی علاقوں میں گھنٹوں بجلی بند رہی جس کی وجہ سے لوگوں کو پانی کی قلت کا بھی سامنا کرنا پڑا۔محکمہ موسمیات کے مطابق آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران بھی شہر سمیت پنجاب کے مختلف علاقوں میں بارشیں متوقع ہیں۔پنجاب ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی نے صوبے میں مون سون بارشوں اور ممکنہ سیلابی صورتحال سے متعلق فیکٹ شیٹ جاری کر دی جس میں حالیہ بارشوں اور رواں سال بارشوں کے باعث ہونے والے نقصانات کی تفصیلات شامل ہیں۔ایک رپورٹ کے مطابق رواں سال مون سون بارشوں کے دوران مختلف حادثات میں 54 شہری جاں بحق جبکہ 328 افراد زخمی ہو چکے ہیں۔

بقیہ نمبر 27

انتقال کی خبر سن کر دلی افسوس ہوا۔وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ نوید اظہر اور ان کے اہل خانہ کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے، انہیں اپنے جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل دے۔آمین۔

بقیہ نمبر 28

کر کشمیر پولیس کو گالیاں دینے والی کالعدم تنظیم کی حقیقت عاقب شہید کے والد سے پوچھیں۔آئی جی آزاد کشمیر نے کہا کہ شرپسندوں نے شہید کے اہل خانہ کو برہنہ کر کے تشدد کا نشانہ بنایا اور غیر اخلاقی ویڈیوز بنائیں، عاقب شہید نے ایمبولینس میں جام شہادت نوش کیا اور کالعدم کمیٹی نے شہید کی لاش کو چار دن تک روک کر رکھا۔انہوں نے کہا کہ زمینی حقائق جانے بغیر پروپیگنڈا کرنے والوں سے سوال ہے کہ بتائیں سینہ چاک کر کے زندہ جلانے والا ظالم تھا یا ملک کا تحفظ کرنے والا؟ پولیس والے گولیاں لگنے سے زخمی ہو جائیں تو بھی ظالم اور گولیاں مارنے والے مظلوم، یہ کون سا انصاف ہے۔انہوں نے کہا کہ کالعدم ایکشن کمیٹی کی ریاست مخالف پروپیگنڈا کر کے آزاد جموں وکشمیر میں انتشار پھیلانے کی مذموم سازش ناکام ہو چکی ہے۔

بقیہ نمبر 29

بنائے کی اور درآمدی توانائی کی تمام لاگت اوگرا کی ویب سائٹ پر عوام کے سامنے رکھی جائے گی۔پریس کانفرنس کرتے ہوئے وفاقی وزیر علی پرویز ملک نے قوم کو 79ویں یوم آزادی کی مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ 14 اگست کو ہمیں اس عزم کا اظہار کرنا ہے کہ سب مل کر پاکستان میں نئی خوشحالی کا دور شروع کریں گے، ہم سب نے مل کر ملک کو علامہ اقبال اور قائداعظم کا پاکستان بنانا ہے۔نواز شریف نے ملک کے دفاع کو ناقابل تسخیر بنایا، جبکہ وزیراعظم شہباز شریف، فیلڈ مارشل عاصم منیر اور نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی کاوشوں سے مکہ معاہدہ ہوا جس پر پوری قوم کو فخر ہے، حکومت کی حکمت عملی اور مضبوط فوج کے باعث پاکستان کی ترقی کے لیے نئی تاریخ رقم ہونے جارہی ہے۔حکومت قوم سے وعدہ کرتی ہے کہ اگلی منزل معاشی میدان میں ترقی ہے اور اس مقصد کے لیے بھرپور کاوشیں جاری ہیں۔پاکستان نیٹ سکیورٹی مہیا کرنے والا ملک ہے جو خطے میں امن اور تحفظ کا ضامن ہوگا، وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان کو دیوالیہ ہونے کے خطرے سے نکالا، اب حکومت کا کام ملک کو مستقل ترقی کی راہ پر گامزن کرنا ہے۔وفاقی وزیر علی پرویز ملک نے کہا کہ ایران اور امریکہ کی جنگ کے باعث پاکستان کو وقتی طور پر مشکلات کا سامنا کرنا پڑا، دنیا میں خام تیل کی قیمت 170 ڈالر فی بیرل تک پہنچ گئی تاہم پاکستان میں پیٹرول کی قلت پیدا نہیں ہونے دی گئی۔بنگلہ دیش اور سری لنکا جیسے ممالک جن کی معیشت پاکستان سے ملتی جلتی ہے، وہاں شناختی کارڈ دیکھ کر ایک سے دو لیٹر پیٹرول لینے کے لیے بھی ہلاکتیں ہوئیں لیکن پاکستان میں ایسی صورتحال پیدا نہیں ہوئی، جنگ بندی کے بعد عالمی سطح پر قیمتوں میں آنے والی کمی کا فائدہ حکومت نے عوام تک پہنچایا، ٹرانسپورٹ ہو یا موٹر سائیکل استعمال کرنے والے شہری، بڑھتی قیمتوں کے باوجود آئی ایم ایف پروگرام کے ہوتے ہوئے بھی عوام کو سبسڈی دی گئی۔انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نے وعدہ کیا تھا کہ بین الاقوامی پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں ایک شفاف طریقے سے عوام کے سامنے رکھی جائیں گی، حکومت بیرون ملک سے جو توانائی درآمد کرتی ہے اس کی تمام لاگت اور نرخ اوگرا کے ویب پیج پر شائع کیے جائیں گے۔انہوں نے کہا کہ میں کوئی جادوگر یا نجومی نہیں کہ مستقبل کی قیمتوں کی پیشگوئی کرسکوں تاہم اوگرا کی ویب سائٹ پر تمام تفصیلات عوام کے سامنے ہوں گی، پیٹرول کی عالمی قیمت جیسے ہی کم ہوگی، پاکستان میں بھی پیٹرول کی قیمت کم ہو جائے گی۔انہوں نے وضاحت کی کہ پیٹرول کی قیمت روزانہ کی بنیاد پر نہیں بلکہ 7 دن کے تناسب سے طے کی جاتی ہے، اگر عالمی منڈی میں ایک دن میں 20، 20 ڈالر تک قیمتوں میں اتار چڑھاؤ آرہا ہو تو اس کے اثرات برداشت کرنا ہوں گے۔پاکستان اپنی توانائی کی ضروریات کا بڑا حصہ درآمدات سے پورا کرتا ہے، سابق حکومتوں نے مقامی گیس اور تیل کے ذخائر کی دریافت کے لیے خاطر خواہ انتظام نہیں کیا جس کے باعث آج ہمیں بیرون ملک سے توانائی درآمد کرنا پڑ رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان، وزیرستان اور دیگر علاقوں میں گیس جبکہ بعض علاقوں میں تیل کے ذخائر موجود ہیں، سوال یہ ہے کہ ان وسائل سے ماضی میں خاطر خواہ فائدہ کیوں نہیں اٹھایا گیا، پاکستان میں تیل کی یومیہ طلب تقریباً 5 لاکھ بیرل ہے۔حکومتوں میں پیٹرولیم لیوی تو اکٹھی ہوتی رہی لیکن تیل کے ذخائر نہیں بنائے گئے، وزیراعظم شہباز شریف نے گڈ میکنزی کمپنی کو ذمہ داری سونپی ہے کہ وہ 3 ماہ میں بتائے کہ پاکستان 90 روز تک کا پیٹرولیم ذخیرہ کس طرح قائم کرسکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ ایک ماہ کے تیل کے ذخیرے کے لیے تقریباً 500 ملین ڈالر درکار ہوں گے، جبکہ زیر زمین اسٹوریج کا نظام قائم کرنے پر تقریباً 400 ملین ڈالر لاگت آئے گی۔پاکستان میں یہ بحث شروع ہونی چاہیے کہ تیل ذخیرہ کرنے کے لیے سرمایہ کاری کس طرح کی جائے۔حکومت آئندہ چند ماہ میں پیٹرولیم مصنوعات ذخیرہ کرنے کی منصوبہ بندی سے آگاہ کرے گی۔سعودی عرب، کویت اور قطر کی حکومتوں کے ساتھ مل کر پاکستان کی محفوظ سرحدوں پر تیل ذخیرہ کرنے اور ضرورت کے وقت دنیا سے وسائل خریدنے کی حکمت عملی بھی زیر غور ہے۔انہوں نے کہا کہ اگر مستقبل میں جنگی صورتحال پیدا ہوتی ہو تو پاکستان کے پاس وسائل خرید کر اپنی ضروریات پوری کرنے کی صلاحیت ہونی چاہیے۔وفاقی وزیر نے کہا کہ یہ سوال کیا جاتا ہے کہ پاکستان ایران اور روس سے سستا یا کڑوا تیل لے کر اپنی توانائی کی ضرورت پوری کیوں نہیں کرتا لیکن اس کے لیے ملک میں ریفائنریوں کو جدید بنانے اور کڑوے تیل کو صاف کرنے کی صلاحیت پیدا کرنا ضروری ہے۔اس مقصد کے لیے تقریباً 5 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری درکار ہے، جب تک ریفائنری پالیسی اور ضروری سرمایہ کاری نہیں ہوگی، ایران یا روس سے تیل لاکر اسے ملکی ریفائنریوں میں صاف کرنا ممکن نہیں ہوگا، دنیا سے سرمایہ لاکر پاکستان کی ریفائنریوں کو اس قابل بنایا جائے گا کہ وہ کڑوے تیل کو صاف کرسکیں۔علی پرویز ملک نے کہا کہ اگر پاکستان نے 1500 ارب روپے کے واجبات ادا نہ کیے ہوں تو کوئی نئی کمپنی ملک میں سرمایہ کاری کیوں کرے گی۔وفاقی وزیر پیٹرولیم نے دعویٰ کیا کہ حکومت نے ایک سال کے دوران گردشی قرضے کے بہاؤ کو روک دیا ہے اور اس سال 30 جون کو گردشی قرضے میں ایک روپے کا بھی اضافہ نہیں ہوگا۔انہوں نے کہا کہ گیس کی قیمت گزشتہ ایک سال سے پرانی سطح پر ہے جبکہ اصلاحات کے ذریعے گردشی قرضے کے مسئلے کو حل کرنے اور آئی ایم ایف کے ساتھ مل کر 1500 ارب روپے کی ادائیگی کا انتظام کیا جارہا ہے۔علی پرویز ملک نے بتایا کہ ترکیہ کی کمپنیوں نے پاکستان کے تیل و گیس کے شعبے میں سرمایہ کاری کی خواہش ظاہر کی ہے، تقریباً 120 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری کے لیے ترکیہ سے سمندری جہاز پاکستان لایا جائے گا اور ستمبر یا اکتوبر میں آف شور ڈرلنگ کا افتتاح کیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کی سرزمین پر متعدد کمپنیاں تیل اور گیس کے نئے کنویں کھودنے کے لیے کوششیں کر رہی ہیں اور حکومت ملکی توانائی کے وسائل کو زیادہ سے زیادہ بروئے کار لانے کی کوشش کر رہی ہے۔وفاقی وزیر نے ایل پی جی کی قیمتوں میں اضافے پر شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ جنگ کے دوران مقامی ایل پی جی 200 روپے سے بڑھ کر 600 روپے تک عوام کو فروخت کی گئی، سوال یہ ہے کہ عوام کی اس تکلیف سے کون لوگ فائدہ اٹھا رہے ہیں اور عوام کا خون کون چوس رہا ہے۔ایل پی جی کے شعبے میں ایلیٹ اور اشرافیہ کے گٹھ جوڑ کو توڑنے کے لیے پانچ، پانچ ٹن ایل پی جی کی نیلامی کرانے کی ہدایت کی گئی ہے، آج پرکاوا جی ڈی سی ایل، آئل، پارکو اور جی ایچ پی ایل پانچ، پانچ ٹن ایل پی جی کی نیلامی کھولیں گے تاکہ اس مافیا اور اجارہ داری کے نظام کو ختم کیا جاسکے۔گیس کے شعبے میں نئے کنکشن موجودہ حکومت نے شروع کیے ہیں تاہم قطر سے ایل این جی کی فراہمی شروع ہونے کے بعد مزید گیس کنکشن کھولنے پر پیشرفت ہوگی۔اگست میں ورلڈ بینک کی گیس سے متعلق سفارشات سامنے آئیں گی، جن کی روشنی میں عوام کو سستی گیس فراہم کرنے کے لیے اقدامات کیے جائیں گے۔بجلی کے شعبے کو تحفظ دینے کے لیے گیس کا رخ بجلی کی پیداوار کی طرف کیا گیا ہے، تاہم قطر سے گیس کی فراہمی بحال ہوتے ہی گیس کنکشن کی پالیسی پر دوبارہ غور کیا جائے گا۔پیٹرولیم مصنوعات کی فراہمی سے متعلق پیٹرول ڈیلرز کے مطالبات کے حوالے سے وفاقی وزیر نے کہا کہ ڈیلرز اور ایم سیز کے جو جائز مطالبات ہیں انہیں تسلیم کیا جائے گا۔حکومت مشکل گھڑی میں عوام کی سہولت کو مقدم رکھنا چاہتی ہے، پیٹرول ڈیلرز نے پاکستان کو ایک بڑے بحران سے نکالنے میں کردار ادا کیا ہے، انہیں بھی کچھ تحمل کا مظاہرہ کرنا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ کرشل بانڈز سکیم معاشی کمیٹی کے پاس جا چکی ہے اور آئندہ ہفتے اس پر فیصلہ ہوگا جس کے بعد اس معاملے میں مزید پیش رفت نظر آئے گی۔حکومت توانائی کے شعبے میں شفافیت لانے کے لیے اوگرا کو تحفظ دے گی اور ادارے کو موثر انداز میں کام کرنے کا موقع فراہم کیا جائے گا۔صحافیوں کے سوالات کا جواب دیتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ 2022 میں ایک وزیراعظم نے پیٹرول کی قیمت کم کر کے تالیاں تو بجوائیں لیکن اس کے نتیجے میں پاکستان گھٹنوں پر آگیا، بعد ازاں بحرانی صورتحال میں پاکستان کو آئی ایم ایف کے پاس جانا پڑا اور ملک کو دوبارہ مستحکم کرنا پڑا۔حکومت نے بجٹ خسارے پر قابو پانے اور مالی نظم وضبط کے لیے وزارت خزانہ کے ذریعے معاہدے کیے ہیں، اگر ان معاہدوں کی پاسداری نہیں کی جائے گی تو یہ پاگل پن ہوگا اور نتائج بھی سابق دور جیسے ہی ہوں گے۔جب تک متبادل توانائی کے وسائل کا انتظام نہیں کیا جائے گا، غیر ذمہ دارانہ فیصلوں میں دوبارہ وہی صورتحال پیدا ہوگی جس میں نوٹ چھاپ کر اخراجات پورے کرنے پڑتے ہیں اور اس کی قیمت عوام مہنگائی کی صورت میں ادا کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نے اپنے معاہدوں کی پاسداری یقینی بنائی اور عوام کو سہولت دینے کے لیے عالمی حالات کے باوجود اقدامات کیے۔ملک میں اختیارات کی نچلی سطح تک منتقلی اور نئے صوبوں کے قیام سے متعلق سوال پر انہوں نے کہا کہ اس معاملے پر سنجیدہ بحث ہونی چاہیے، کوئی ایک فارمولا لازماً دوسرے سے بہتر یا بدتر نہیں ہوتا، اس حوالے سے اسمبلیوں میں بحث ہونی چاہیے۔نئے صوبوں کے قیام یا آئین میں کسی بھی ترمیم کے لیے آئینی راستہ اور باقاعدہ طریقہ کار موجود ہے، موجودہ صورتحال میں جب عوام مشکلات کا شکار ہیں تو اس معاملے پر بحث ضرور ہونی چاہیے۔انہوں نے بتایا کہ ترکش پیٹرولیم پاکستان کے سمندروں میں آف شور ڈرلنگ کرنے جارہی ہے، اس کے بعد ایک بڑی سرمایہ کاری آئے گی۔

بقیہ نمبر 30

جسٹس عالیہ نیلم، جسٹس شاہد کریم، جسٹس صادق محمود خرم، جسٹس سید احسن رضا کاظمی اور جسٹس طارق محمود باجوہ شامل ہیں۔ترمیمی روسٹر کے تحت مذکورہ ججز عدالتی چھٹیوں کے چھٹے ہفتے کے دوران مختلف مقدمات کی سماعت کریں گے۔

بقیہ نمبر 31

ترجمان کے مطابق قراقرم ایکسپریس کراچی روانگی کیلئے براستہ ساہیوال روانہ ہوئی، قراقرم کے مسافروں کو فیصل آباد سے ملت ایکسپریس میں اکاموڈیٹ کیا گیا۔لاہور، سرگودھا کے درمیان چلنے والی میانوالی ایکسپریس براستہ وزیر آباد، لالہ موسیٰ روانہ ہوئی۔

بقیہ نمبر 32

کا مقصد واضح کرتے ہوئے بتایا کہ پی ٹی آئی کی لانگ مارچ کا مقصد بانی پی ٹی آئی عمران خان کی رہائی نہیں بلکہ ان تک رسائی ہے، رہائی آئین و قانون کے مطابق ہوگی۔لانگ مارچ کے لیے ڈیڑھ ماہ بعد کی تاریخ دینے کے سوال پر سہیل آفریدی نے کہا کہ موسم اور تیاری کے لیے مناسب وقت ملنے کی وجہ سے 27 ستمبر کی تاریخ دی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 33

انہوں نے آپریشن سنبھالا تو ڈیزل کی قیمت 105 روپے فی لیٹر کے قریب تھی، لیکن مسلسل اضافے نے کمپنی کے مالی وسائل ختم کردیے ہیں، ایندھن کا فارمولا کمپنی کے مکمل اخراجات کا احاطہ نہیں کرتا جس کی وجہ سے اسے مسلسل مالی خسارے کا سامنا ہے۔عدالت نے 8 جون 2023 اور بعد ازاں 29 جولائی کو پی ایم اے کو اپنے ذرائع سے ایندھن فراہم کرنے کی ہدایت کی تھی جس پر عمل درآمد نہیں کیا گیا۔دوسری جانب، پی ایم اے کے سینئر حکام نے خبردار کیا ہے کہ کمپنی کا یہ اقدام حکومت پر دباؤ ڈالنے اور بلیک میلنگ کی کوشش ہے، پی ایم اے کا موقف ہے کہ وہ کمپنی کو فی کلومیٹر کے حساب سے ادائیگی کر رہی ہے اور قیمتوں میں مزید اضافہ یا عدالتی حکم پر عمل درآمد صوبائی حکومت کی منظوری کے بغیر ممکن نہیں ہے۔اتھارٹی نے اس فیصلے کو متعلقہ عدالت میں چیلنج کرنے اور معاہدے کے تحت ثالث مقرر کرنے کے عمل کا آغاز کردیا ہے۔پی ایم اے کا کہنا ہے کہ اگر کمپنی آپریشن معطل بھی کرتی ہے تو عوامی سہولت کے پیش نظر متبادل بسوں کا انتظام کیا جارہا ہے تاکہ 11 اگست سے سروس کو ممکنہ حد تک جاری رکھا جاسکے۔یاد رہے کہ ملک کا پہلا جدید ماس ٹرانزٹ منصوبہ 'لاہور میٹرو بس سروس' فروری 2013 میں گجومتہ سے شاہدرہ کے روٹ پر شروع کیا گیا تھا۔

بقیہ نمبر 34

ممالک کا اکٹھے ہونا اپنے خطے کو امن میں رکھنے کیلئے ہے، تینوں ممالک آئندہ مل کر ایک دوسرے کا تحفظ اور حفاظت کریں گے۔اویس لغاری نے کہا کہ تینوں ممالک حرمین الشریفین، ترکیہ کے عوام اور پاکستان کی عوام کی حفاظت کریں گے۔وفاقی وزیر توانائی نے کہا کہ ہم فولادی دیوار بن کر ہر دشمن کی جارحیت کا مل کر مقابلہ کریں گے، تینوں ممالک کی قوت اکٹھی ہونے سے کوئی جارحانہ قدم اٹھانے کی جرات نہیں کریگا۔وفاقی وزیر توانائی نے پاکستان، ترکیہ اور سعودی عرب کے عوام اور حکمرانوں کو اس اتحاد کی مبارکباد دی اور کہا کہ اللہ کرے پاکستان، ترکیہ اور سعودی عرب کا یہ اتحاد ہمیشہ قائم و دائم رہے۔

بقیہ نمبر 35

کے حکم نامے کے تحت ساہیوال انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی میں تعینات کیا گیا تھا تاہم بعد ازاں انہیں اسی ادارے میں بطور ڈرگ انسپکٹر بھی نوٹیفائی کردیا گیا جو صوبائی کوالٹی کنٹرول بورڈ لاہور کے 7 مارچ 2024 کے واضح حکم کی خلاف ورزی ہے۔درخواست میں صوبائی کوالٹی کنٹرول بورڈ لاہور کے حکم نمبر 2018/608-R/PQCB کا حوالہ دیتے ہوئے کہا گیا ہے کہ بورڈ نے تحقیقاتی افسر اور قانونی مشیر ڈی جی ڈی سی آفس کی سفارشات سے اتفاق کرتے ہوئے عمیر مجید ڈرگ انسپکٹر ڈی ایچ کیو ٹیچنگ ہسپتال ساہیوال کو موجودہ تعیناتی سے منتقل کرنے اور آئندہ تین سال تک کسی بھی محکمہ صحت یا فیلڈ پوسٹ پر ڈرگ انسپکٹر تعینات نہ کرنے کی سفارش کی تھی۔بورڈ نے سفارشات متعلقہ محکمہ کو مزید کارروائی کے لیے بھجوانے کا بھی فیصلہ کیا تھا۔درخواست گزار نے موقف اختیار کیا کہ مذکورہ فیصلے کی موجودگی میں عمیر مجید کو ساہیوال انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی کا ڈرگ انسپکٹر نوٹیفائی کرنا قابل اعتراض ہے۔مطالبہ ہے کہ ساہیوال انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی کے ڈرگ انسپکٹر کی حیثیت سے جاری نوٹیفکیشن کو منسوخ کیا جائے۔

بقیہ نمبر 36

اسمگلنگ سرکل کراچی کے حوالے کر دیا گیا۔خاتون حمنہ شکیل کو آذربائیجان کے شہر باکو جاتے ہوئے مشکوک سفری مقصد کی بنیاد پر مزید پوچھ گچھ کے لیے روکا گیا، دوران تفتیش خاتون مسافر نے انکشاف کیا کہ وہ ایک ڈیٹنگ ایپ کے ذریعے رابطے میں آنے والے ایک شخص سے ملاقات کے لیے باکو جا رہی تھی جس کے عوض اسے مبینہ طور پر 3 لاکھ روپے ملنے تھے جبکہ سفر اور رہائش کے اخراجات بھی مذکورہ شخص کی جانب سے برداشت کیے جانے تھے۔خاتون کے موبائل فون کی رضا کارانہ جانچ کے دوران متعدد مشتبہ چیٹس اور ایسے رابطوں کا انکشاف ہوا جن میں رقم کے عوض جنسی ملاقاتوں سے متعلق گفتگو موجود تھی۔مسافرہ نے ماضی میں اپنے جنسی استحصال اور جسمانی تشدد سے متعلق بھی اہم معلومات فراہم کیں جبکہ کراچی میں ایک مبینہ نیٹ ورک کے ذریعے اسے دیگر خواتین کے ساتھ رکھنے اور استحصال کیے جانے کے دعوے بھی سامنے آئے۔ابتدائی معلومات کی روشنی میں حمنہ شکیل کے معاملے میں جنسی استحصال اور انسانی اسمگلنگ کے پہلوؤں سمیت تمام حقائق کی جامع تحقیقات کی جارہی ہیں، مسافرہ کو متاثرہ فرد کے طور پر بھی مزید قانونی و حفاظتی پہلوؤں سے جانچا جا رہا ہے۔علاوہ ازیں ایف آئی اے امیگریشن سیل نے اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر کارروائی کرتے ہوئے جعلی امریکی پرمیننٹ ریزیڈنس کارڈ کی بنیاد پر سعودی عرب کا ٹورسٹ ویزا حاصل کرنے والے مسافر کو آف لوڈ کر دیا۔ایف آئی اے کے مطابق سیکنڈری پروفائلنگ کے دوران پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز کی پرواز PK-841 کے ذریعے سعودی عرب جانے والے ایک مسافر کو روک لیا گیا جس کا تعلق ضلع پشاور سے ہے۔حکام کے مطابق سفری دستاویزات کی تفصیلی جانچ کے دوران انکشاف ہوا کہ مسافر نے جعلی اور غلط بیانی پر مبنی امریکی پرمیننٹ ریزیڈنس کارڈ کے ذریعے سعودی عرب کا ٹورسٹ ویزا حاصل کیا تھا۔ابتدائی تفتیش میں مسافر نے بتایا کہ اس نے حسین نامی ایجنٹ کو 2 لاکھ 20 ہزار روپے ادا کر کے ویزا حاصل کیا۔

بقیہ نمبر 37

شکیل احمد چوہدری، منیر انجم، چوہدری محمد علی، میاں ارشد، مرزا طارق، طاہر اسلام، رانا خالد، مصطفی وٹو، عباس بیگ نے کہا ہے کہ پنجاب حکومت سرکاری ملازمین کا معاشی استحصال سوتیلا سلوک بند کرے پہلے مہنگائی میں 15 دنوں بعد اضافہ ہوتا تھا اب ہر روز اضافہ ہو رہا ہے بلکہ ہر گھنٹے کے بعد جس کی وجہ سے ملازمین کی زندگیاں اجیرن ہیں بجٹ میں تنخواہوں میں 7 فیصد اور پنشن میں 3-50 فیصد اضافہ اونٹ کے منہ میں زیرہ ثابت ہوا ہے جسے مسترد کرتے ہیں اگر تنخواہوں میں وفاق کے برابر اضافہ کیا جاتا ہے تو پنشن میں بھی اضافہ وفاق کے برابر کیا جائے اگر وفاقی حکومت ملازمین کی تنخواہوں میں تفریق کے خاتمے کے لئے ڈسپیریٹی الاونس دینے کا اعلان کرتی ہے تو پنجاب کے ملازمین کو ڈسپیریٹی الاونس سے محروم رکھنا سراسر ناانصافی اور آئین پاکستان سے انحراف ہے اور یہ ظلم صرف پنجاب کے ملازمین کے ساتھ کیوں روا رکھا جا رہا ہے آل گورنمنٹ ایمپلائز گرینڈ الائنس پنجاب آگیگا میں شامل تنظیمیں چیئرمین خالد جاوید سنگھیڑہ کی قیادت میں متحد اور اعتماد رکھتی ہیں انشاء اللہ 16 جون کو مسجد شہداء میں دونوں آگیگا کے مابین ہونے والے معاہدے کی مکمل پاسداری کریں گے اور پنجاب ٹیچرز یونین پنجاب دونوں آگیگا کے زیراہتمام جاری کردہ احتجاجی شیڈول پر بھرپور عملدرآمد کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 38

اصولوں، نصاب کی تیاری، تشخیصی نظام اور عالمی بہترین تدریسی روایات سے متعلق تفصیلی ا؟ گاہی حاصل کی اور ورکشاپ کے ریسورس پرسن ڈاکٹر صادق حسین (سابق ڈائریکٹر کیوائی سی اور اورک، این ایف سی) نے آوٹ کم بیسڈ ایجوکیشن کے موثر نفاذ، نصاب کی نظرثانی، تدریسی حکمت عملیوں اور طلبہ کی صلاحیتوں میں بہتری کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔انہوں نے کہا کہ جدید تقاضوں سے ہم آہنگ نصاب ہی معیاری اعلیٰ تعلیم اور عالمی سطح پر مسابقتی گریجویٹس کی تیاری کی بنیاد ہے اس موقع پر وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر سیدہ شاہدہ بتول نے کہا کہ ویمن یونیورسٹی ملتان معیاری تعلیم، تحقیق اور تدریسی جدت کے فروغ کے لیے ہائر ایجوکیشن کمیشن کی پالیسیوں پر مو؟ ثرعمل درا؟ مد کو یقینی بنا رہی ہے اساتذہ کی پیشہ ورانہ استعداد میں اضافہ اور جدید تدریسی مہارتوں سے ا؟ راستہ کرنا یونیورسٹی کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، جبکہ ا؟ و؟ ٹ کم بیسڈ ایجوکیشن کا مو؟ ثر نفاذ طلبہ کو عالمی معیار کی تعلیم فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ورکشاپ کے اختتام پر شرکاء نے اس تربیتی پروگرام کو انتہائی مفید قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس سے انہیں نصاب کی بہتری، تدریسی منصوبہ بندی اور طلبہ کی کارکردگی کے مو؟ ثر جائزے کے حوالے سے نئی مہارتیں حاصل ہوئیں۔ورکشاپ کی آرگنائزر ڈاکٹر مریم زین تھیں۔

بقیہ نمبر 39

کے لیے ناگزیر ہیں۔اپنے بیان میں چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ پارلیمان قانون سازی، مکالمے اور جمہوری مباحثے کے ذریعے عوام کی امنگوں کی حقیقی ترجمان ہے۔انہوں نے وفاق کو مضبوط بنانے میں سینیٹ کے اہم کردار کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ ایوان بالا وفاقی اکائیوں کو مساوی نمائندگی فراہم کر کے قومی یکجہتی کو فروغ دیتا ہے۔انہوں نے تمام سیاسی قوتوں پر زور دیا کہ وہ وسیع تر قومی مفاد میں برداشت، باہمی احترام، مکالمے اور اتفاق رائے کی پارلیمانی روایات کو فروغ دیں۔سید یوسف رضا گیلانی نے جمہوریت، آئینی حکمرانی اور مؤثر پارلیمانی اداروں کے استحکام کے لیے سینیٹ کے عزم کا اعادہ کیا۔انہوں نے نوجوان نسل کو پاکستان کے جمہوری اور آئینی سفر سے روشناس کرانے اور پارلیمان کو مزید مؤثر، قابل رسائی اور عوام دوست بنانے کے لیے جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ کرنے کی اہمیت پر زور دیا۔چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ مضبوط پارلیمان مضبوط وفاق اور مستحکم وخوشحال پاکستان کی بنیاد ہے، ہماری اجتماعی ذمہ داری ہے کہ ہم اپنی جمہوری میراث کا تحفظ کریں اور اسے آنے والی نسلوں کے لیے مزید مضبوط بنائیں۔

بقیہ نمبر 40

کونسل خواجہ طارق سعید اور مسلم لیگ (ن) کے نامزد امیدوار احسن عزیز کے درمیان کانٹے کا مقابلہ متوقع ہے۔اطلاعات کے مطابق انتخابی اور سیکورٹی عملہ سمیت پولنگ میٹریل اتوار کی شام تک پولنگ سٹیشنز منتقل کرنے کا بتایا گیا۔رپورٹ کے مطابق ضلع باغ کے تین اور حویلی کے ایک انتخابی حلقے میں پیر کو پولنگ ہوگی۔یاد رہے کہ ترجمان الیکشن کمیشن آزاد جموں وکشمیر کے مطابق ضلع باغ اور حویلی میں انتخابی مہم ہفتہ کی رات 12 بجے ختم ہو چکی ہے، انتخابی مہم کے مقررہ وقت کے اختتام کے بعد ہر قسم کی انتخابی سرگرمی پر پابندی ہے، آزاد جموں وکشمیر کے چیف الیکشن کمشنر جسٹس (ر) غلام مصطفیٰ مغل نے واضح کیا کہ کہ سکیورٹی وجوہات کے باعث باغ اور حویلی کی چار نشستوں پر پہلے انتخابی عمل مکمل کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے، اگلے سات روز میں راولاکوٹ اور سدھنوتی کے لئے انتخابی تاریخ کا اعلان کیا جاسکتا ہے تاہم امیدواروں کو انتخابی مہم کیلئے مناسب وقت دینا ہوگا۔

بقیہ نمبر 41

کا حسین سنگم اس بات کا خوبصورت مظاہرہ ہے کہ بلوچستان کا رنگ، سر اور ہر بول پاکستان کی سلامتی اور بقا کے لیے دھڑکتا ہے۔ملی نغمہ میں اس عزم کا اظہار ہے کہ ہمارا پیارا پاکستان صرف ایک جغرافیہ نہیں بلکہ ہماری پہچان ہے جس کے لیے جان بھی قربان۔ملی نغمہ میں پاک وطن سے محبت کی یہ گونج ملک کے کونے کونے میں اتحاد، یکجہتی اور بھائی چارے کا روشن پیغام عام کرتی ہے، روح کو گرما دینے والا جذبہ، اختر چنال کی سحر انگیز اور والہانہ انداز بیان نے اس حقیقت کو دوبارہ زندہ کر دیا ہے کہ پاکستان کی محبت ہر وادی، ہر بولی اور ہر دل میں یکساں موجزن ہے۔

بقیہ نمبر 42

میں امریکی سرمایہ کاری بڑھانے پر زور دیا، امریکی سرمایہ کاروں کو پاکستان میں سرمایہ کاری کی دعوت دی۔سفیر رضوان شیخ کا کہنا ہے کہ پاکستان کے معدنی وسائل میں ویلیو ایڈیشن کے لیے امریکی سرمایہ کاری ضروری ہے۔سفیر پاکستان نے پاکستانی پنک نمک کی برآمد کے لیے 200 ملین ڈالر کے جاری مشترکہ منصوبے کا بھی خیر مقدم کیا، پاکستان کے سرجیکل آلات کے شعبے میں امریکی سرمایہ کاری بڑھانے پر زور دیا۔سفیر پاکستان نے نیپر ویل میں پاکستانی سرجیکل آلات کی فنشنگ، پیکیجنگ اور ڈسٹری بیوشن مرکز کا بھی دورہ کیا۔انہوں نے کہا کہ سرجیکل آلات کے شعبے میں جدید ٹیکنالوجی، تربیت اور ہنر مندی کے فروغ کی ضرورت ہے۔سفیر رضوان شیخ نے پاک امریکن شکاگو لینڈ چیمبر آف کامرس کے عہدیداران سے بھی ملاقات کی، پاک امریکا کاروباری برادری کے درمیان کاروباری روابط مزید مضبوط بنانے پر زور دیا۔

بقیہ نمبر 43

اور ترکیے کی قیادت کی تصاویر نمایاں ہیں۔مکہ معاہدے کی خوشی میں مین بلیوارڈ گلبرگ لاہور کو بھی سجا دیا گیا۔لبرٹی چوک میں رنگا رنگ تقریب کا انعقاد کیا گیا، جہاں گلوکاروں کی پرفارمنس، شاندار آتش بازی اور دلکش نظاروں نے دل موہ لیے۔

بقیہ نمبر 44

مذہبی امور کی نگرانی میں مکمل کیا جائے گا۔اس مقصد کے لیے سرکاری پاک حج ایپ کو استعمال کیا جائے گا جس کے ذریعے نجی حج اسکیم سے متعلق بکنگ اور دیگر مراحل مکمل کیے جائیں گے۔نئے نظام کا فیصلہ سعودی عرب کے نسک مسار سسٹم کے مطابق حج آپریشن کو ڈیجیٹل بنانے کے تناظر میں کیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 45

حاصل کرنے پر طالب علم عبدالرحمن ہادی نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ میری کامیابی میرے والدین کی دعاں اور اساتذہ کی محنت کا نتیجہ ہے، اس موقع پر ادارہ کے پرنسپل نعیم اقبال نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ کسی بھی ادارے کی ترقی کا راز بلندوبالا بلڈنگ پر نہیں ہوتا، بلکہ وہاں پر موجود معزز طلبا اساتذہ کرام اور ادارے کی انتھک محنت کا نتیجہ ہوتا ہے۔

بقیہ نمبر 46

ٹامیوالی انس خان بھٹی نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا بے زمین کسانوں کو زرعی اراضی فراہم کرنے کا وعدہ عملی شکل اختیار کر چکا ہے۔انہوں نے کہا کہ الاٹ شدہ زرعی اراضی 20 برس تک الاٹیز کے زیر استعمال رہے گی، ایک ہفتے کے اندر زمین کا قبضہ دے دیا جائے گا جبکہ ہر الاٹی کو اڑھائی لاکھ روپے کی ترقیاتی گرانٹ بھی فراہم کی جائے گی، جس کا اجرا قبضہ ملنے کے ساتھ ہی شروع ہو جائے گا۔تقریب کے اختتام پر کامیاب کسانوں میں الاٹمنٹ لیٹرز اور زرعی اراضی کے سرٹیفکیٹس تقسیم کیے گئے۔

بقیہ نمبر 47

فارمی 100، کھیرا 160، کدو 125، گاجر 0، لہسن ہرنائی 220، لہسن دیسی 120، لہسن چائنہ 0، لیموں دیسی 110، لیموں چائنہ 0، اچاری املی 0، بسوڑا 0، سبز مرچ فارمی 85 روپے کلو کے ریٹ سبزی فروشوں کی دکانوں اور ریڑھیوں پر لٹکتے ہوئے نظر آتے رہے۔

بقیہ نمبر 48

، سینٹروزہ 240، بگوگوشہ 230، مٹھا 90 جبکہ کیلا اول 150 روپے کیلا درجن دوئم 120 درجن کے ریٹ فروٹ فروشوں کی دکانوں اور ریڑھیوں پر لٹکتے ہوئے نظر آتے رہے۔

بقیہ نمبر 49

ریسکیو سٹاف نے موقع پر پہنچ کر وائٹل سائن لیے جو نہیں آرہے تھے فوراً سی پی آر کیا لیکن لڑکا جانبر نہ ہوسکا۔

بقیہ نمبر 50

فریقین نے تعلیمی تعاون، فیکلٹی اور طلبا کے تبادلے اور تحقیق اور اختراع میں مشترکہ اقدامات پر تفصیلی بات چیت کی جس کا مقصد دونوں اداروں کے درمیان تعلقات کو مضبوط بنانا ہے۔وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد کامران نے ہمدرد یونیورسٹی کے تعلیمی ماحول کی تعریف کی اور دونوں یونیورسٹیوں کے باہمی تعاون کے لیے فریم ورک کی تلاش میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔

بقیہ نمبر 51

اپنا بھرپور کردار ادا کرتا رہے گا۔قیادت اور افواج کو خراج تحسین کرتے ہیں فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور پاک افواج کو بھی دلی سلام پیش کرتا ہوں جن کی پیشہ ورانہ مہارت، حکمت عملی اور قومی دفاع کے لیے غیر متزلزل عزم نے پاکستان کو خطے کی ایک قابل اعتماد اور مضبوط قوت بنایا ہے۔پاک افواج کا یہ کردار پوری قوم کے لیے باعث فخر ہے۔یہ معاہدہ اس بات کا ثبوت ہے کہ مسلم ممالک باہمی اتفاق اور یکجہتی کے ساتھ خطے میں امن اور استحکام کو یقینی بنا سکتے ہیں۔

بقیہ نمبر 52

روابط اور تزویراتی شراکت داری مزید مضبوط ہوگی۔انہوں نے کہا کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکی کے درمیان دفاعی وتزویراتی تعاون مزید مستحکم ہوگا جبکہ مشترکہ دفاعی تعاون کا مقصد دفاعی صلاحیتوں میں اضافہ اور باہمی اشتراک کو فروغ دینا ہے۔پاکستان کی دفاعی صلاحیت اور عسکری مہارت عالمی سطح پر اہم مقام رکھتی ہے۔

بقیہ نمبر 53

مدثر حسین کی صاحبزادی ہیں۔

بقیہ نمبر 54

فارم آن لائن اور ہارڈ کاپی و داخلہ فیس کا بینک چالان بورڈ ہذا میں مورخہ 19 اگست 2026 تک جمع کروا سکتے ہیں۔دوگنا فیس کے ساتھ داخلہ فارم جمع کرانے کی آخری تاریخ 25 اگست اور تین گنا فیس کے ساتھ داخلہ فارم جمع کروانے کی آخری تاریخ 29 اگست ہوگی۔سیکرٹری بورڈ پروفیسر عدیل مالک چیمہ نے کہا ہے کہ دوسرا سالانہ امتحان 2026 میں شامل ہونے والے امیدواران اپنے داخلہ فارم ادارہ کے ہیڈ ماسٹر ہیڈ مسٹریس سے تصدیق کروا کر مجوزہ فیس بذریعہ یو بی ایل بینک Cash Jazz یا Paisa Easy Bill-1 کے ذریعے بھی جمع کروا کر ارسال کر سکتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ مذکورہ امتحان میں ایسے امیدواران بھی شرکت کر سکتے ہیں جو بطور فریش/ کمپانٹڈ امتحان دینا چاہتے ہیں۔امتحانات سے متعلق تمام تر معلومات بورڈ کی ویب سائٹ www.bisebwp.edu.pk اور www.bisebwp.pk پر ملاحظہ کی جاسکتی ہیں۔

بقیہ نمبر 55

حال کا جائزہ لیتے ہوئے کہی۔اس موقع پر ڈائریکٹر پنجاب کونسل آف آرٹس فیصل آباد مقبول احمد ملک، معروف شاعر و دانشور پروفیسر ڈاکٹر جلال عارف، ڈاکٹر جعفر حسن مبارک سمیت دیگر ممتاز علمی، ادبی اور ثقافتی شخصیات بھی موجود تھیں۔ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے نے ادبی بیٹھک کی موجودہ صورتحال کا تفصیلی معائنہ کیا اور عمارت کی تزئین و آرائش، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور اسے جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے مختلف پہلوؤں پر تبادلہ خیال کیا۔انہوں نے کہا کہ ادبی بیٹھک کو مکمل طور پر ایئر کنڈیشنڈ بنانے، معیاری اور آرام دہ فرنیچر، جدید لائٹنگ، مؤثر ساؤنڈ سسٹم، خوبصورت اندرونی آرائش اور دیگر ضروری سہولیات کی فراہمی کے لیے ادب دوست مخیر کاروباری شخصیات اور سماجی حلقوں کے تعاون حاصل کریں گے تاکہ اسے اہل علم و ادب کے لیے ایک مثالی ادبی مرکز بنایا جا سکے۔محمد آصف چوہدری نے کہا کہ شعراء، ادباء، محققین، دانشوروں اور تخلیق کاروں کی سرپرستی ایک مہذب اور باشعور معاشرے کی بنیادی ذمہ داری ہے اس مقصد کے لئے ادبی بیٹھک کو ایک ایسا فعال اور متحرک پلیٹ فارم بنایا جائے گا جہاں باقاعدگی سے ادبی نشستیں، مشاعرے، فکری مکالمے، تحقیقی مباحث، کتابوں کی رونمائی، نوجوان قلم کاروں کی تربیتی ورکشاپس اور ثقافتی تقریبات کا انعقاد ممکن ہو سکے۔انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کے وژن کے مطابق علمی، ادبی اور ثقافتی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے تمام متعلقہ ادارے باہمی تعاون سے کام کر رہے ہیں، جبکہ ایف ڈی اے بھی اپنی سماجی ذمہ داری کے تحت شہر میں مثبت علمی و ثقافتی سرگرمیوں کی سرپرستی اور ترویج کے لیے بھرپور کردار ادا کرتا رہے گا۔ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ادبی بیٹھک کی بحالی کے بعد اسے اہل قلم، محققین، طلبہ اور ادب دوست حلقوں کے لیے ایک باوقار، فعال اور پرکشش مرکز کی حیثیت دی جائے گی، جہاں نئی نسل کو مطالعہ، تحقیق، ادب اور مثبت فکری روایات سے جوڑنے کے بھرپور مواقع میسر آئیں گے۔

ساہیوال انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی میں افسر کی تعیناتی میں کوالٹی کنٹرول بورڈ کی سفارشات نظر انداز

کوالٹی کنٹرول بورڈ نے مذکورہ افسر کو تین سال تک فیلڈ پوسٹ پر تعینات نہ کرنے کی سفارش کی تھی

عمیر مجید (فارماسسٹ بی ایس 17) کو 4 دسمبر 2025 کے حکم نامے کے تحت ساہیوال انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی میں تعینات کیا گیا تھا: درخواست گزار

لاہور (این این آئی) صوبائی کوالٹی کنٹرول بورڈ لاہور کی واضح سفارشات کے باوجود ساہیوال انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی میں قواعد وضوابط کے برعکس ڈرگ انسپکٹر کی تعیناتی کا معاملہ سامنے آ گیا، بورڈ کی جانب سے مذکورہ افسر کو موجودہ تعیناتی سے منتقل کرنے اور آئندہ تین سال تک محکمہ صحت یا فیلڈ پوسٹ پر ڈرگ انسپکٹر تعینات نہ کرنے کی سفارشات بھی نظر انداز کر دی (بقیہ نمبر 35)

پنجاب حکومت سرکاری ملازمین و پنشنرز کا معاشی استحصال بند کرے، رانا انوار الحق

لیو انکیشمنٹ، پنشن و گریجویٹی میں کٹوتیاں بحال کیا جائے، 45 فیصد ڈسپیریٹی الاونس دیا جائے، یاسین وڑائچ

ملازمین خالد سنکھیڑہ چیئرمین آگیگا کی قیادت میں متحد اور مکمل اعتماد رکھتے ہیں، رانا لیاقت

لاہور (خبر نگار) پنجاب ٹیچرز یونین کے مرکزی صدر رانا انوار الحق، یاسین وڑائچ، رانا لیاقت، امتیاز طاہر، امام دین ملک، نادیہ جمشید، چوہدری مسعود گجر، سعید نامدار، طارق زیدی، قیوم راہی، زاہد رفیق چوہدری، جام صادق، عابد ڈوگر، رحمت اللہ قریشی، مرزا اختر بیگ، بشارت چھٹہ، افضل کیانی، طاہر افضل، چوہدری رفیق، ظفر جمال، طارق نیازی، صفدر کالرو، (بقیہ نمبر 37)

پاک سعودی ترک دفاعی معاہدہ، کراچی سبز و سرخ روشنیوں میں نہا گیا

سندھ اسمبلی کی عمارت پر تینوں ممالک کے قومی پرچم آویزاں کیے گئے، لائٹنگ نے شہریوں کی توجہ اپنی جانب مبذول کر لی

کراچی (این این آئی) پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان مکہ میں ہونے والے دفاعی معاہدے کی خوشی میں کراچی کی سرکاری و تاریخی عمارتوں کو برادر اسلامی ممالک کے قومی پرچموں اور خصوصی روشنیوں سے سجا دیا گیا، کراچی کی اہم سرکاری عمارتیں پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے رنگوں سے جگمگا اٹھیں۔ سندھ اسمبلی کی عمارت پر تینوں ممالک کے قومی پرچم آویزاں کیے گئے جبکہ سندھ سیکریٹریٹ کو بھی پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے جھنڈوں کی مناسبت سے خصوصی لائٹنگ سے سجایا گیا۔ شہر کی تاریخی عمارت فریئر ہال بھی پاک سعودی ترک دفاعی معاہدے کی مناسبت سے خصوصی روشنیوں سے روشن کر دی گئی۔

لاہور ٹیکس بار کے عہدیداران او ممبر وکلاء کا ممبر اپیلٹ ٹریبول ان لینڈ ریونیو طارق افتی راحمد کی تین سالہ مدت مکمل ہونے پر فل کورٹ ریفرنس کے موقع پر گروپ فو

سرگودھا میں سیم نالہ میں گرنے سے 8 سالہ بچہ جاں بحق

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں سیم نالہ میں گرنے سے 8 سالہ بچہ جاں بحق اور دیگر 4 کو ریسکیو 1122 نے بچا کر متوفی بچے کی نعش کو نکال کر ورثا کے سپرد کر دیا۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا کے قصبہ بھیرہ کے علاقہ پراچوالی پلی دین پور لوکڑی کے قریب 5 بچے کھیلتے ہوئے سیم نالہ میں اچانک گر گئے۔ جن میں چار بچوں کو ریسکیو نے فوری طور پر بچا لیا۔

تاریخی دفاعی معاہدے کی خوشی، پنجاب ٹریفک پولیس کے دفاتر بھی جگمگا اٹھے

لاہور (این این آئی) پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان دفاعی معاہدے کے بعد ٹریفک پولیس پنجاب بھی تینوں برادر ممالک سے اظہارِ یکجہتی کے لیے تقریبات میں شامل ہو گئی۔ اس سلسلے میں ٹریفک پولیس کے دفاتر کو قومی پرچموں اور برقی روشنیوں سے سجا دیا گیا پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان دفاعی معاہدہ خطے کے امن واستحکام کے لیے اہم پیشرفت ہے۔

اے آئی او پی، میٹرک سے سرٹیفکیٹ کورسز کے داخلے جمع کروانے کی (آج) آخری تاریخ

لاہور (این این آئی) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی ریجنل کیمپس لاہور کے ریجنل ڈائریکٹر کے مطابق علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے سمسٹر خزاں 2026 میں میٹرک (آرٹس، سائنس)، انٹرمیڈیٹ (ایف اے آئی کام)، ایسوسی ایٹ ڈگری (بی اے، بی ایس) متبادل ایم اے، بی بی اے، ٹیچر ٹریننگ پروگرامز اور پوسٹ گریجوایٹ

پاکستان سے مجموعی طور پر 26 لاکھ 89 ہزار 295 افغان باشندوں کی وطن واپسی

پاکستان سے مجموعی طور پر 26 لاکھ 89 ہزار 295 افغان باشندوں کی وطن واپسی

لاہور (این این آئی) محکمہ داخلہ پنجاب کے مطابق اب تک پاکستان سے مجموعی طور پر 26 لاکھ 89 ہزار 295 افغان باشندے وطن واپس بھجوائے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب سے 1 لاکھ 40 ہزار 468 غیر قانونی مقیم افغان باشندوں کو واپس بھجوایا گیا ہے۔ پنجاب میں غیر قانونی طور پر مقیم افغان باشندوں سمیت کسی غیر ملکی کو پراپرٹی کرائے پر دینے والوں کے خلاف ایف آئی آر درج کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ محکمہ داخلہ پالیسی کے مطابق قابل قبول ویزا کے بغیر تمام افغان شہریوں کا قیام غیر قانونی ہے، کریک ڈاؤن کے دوران صوبے بھر میں رہائشی علاقوں اور مارکیٹس کی مکمل جانچ کی جا رہی ہے۔ ترجمان نے کہا ہے کہ غیر قانونی مقیم افغان شہریوں کو گرفتار کر کے ہولڈنگ سینٹرز میں لایا جاتا ہے، پنجاب میں اس وقت 39 ہولڈنگ سینٹر فعال ہیں

"ویمن یونیورسٹی ملتان میں آؤٹ کم بیسڈ ایجوکیشن کے تحت نصاب کی مؤثر نظر ثانی پر تربیتی ورکشاپ"

ملتان (خبر نگار) ویمن یونیورسٹی ملتان میں ایچ ای سی کے آؤٹ کم بیسڈ ایجوکیشن نصاب کی نظر ثانی پر تربیتی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا ترجمان کے مطابق دی ویمن یونیورسٹی ملتان میں ہائر ایجوکیشن کمیشن (HEC) کے آؤٹ کم بیسڈ ایجوکیشن (Based Outcome Curriculum (OBE - Education Revision کے موضوع پر ایک روزہ تربیتی ورکشاپ کا کامیابی سے انعقاد کیا گیا ورکشاپ کا مقصد تدریسی معیار کو بین الاقوامی تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا، نصاب کی مؤثر نظر ثانی اور اساتذہ کو جدید تدریسی طریقہ کار سے روشناس کرانا تھا تاکہ طلبہ کے سیکھنے کے نتائج کو مزید بہتر بنایا جا سکے۔ ورکشاپ میں یونیورسٹی کے مختلف شعبہ جات کے فیکلٹی اراکین نے بھرپور شرکت کی اور آؤٹ کم بیسڈ ایجوکیشن کے بنیادی (بقیہ نمبر 38)

سرگودھا، ہوٹل کے تنازعہ پر دو گروپوں کے مسلح افراد کی فائرنگ سے راہگیر جاں بحق

سرگودھا (این این آئی) ہوٹل کے تنازعہ پر دو گروپوں کے مسلح افراد کی فائرنگ سے راہگیر جاں بحق ہو گیا جس کی نعش پوسٹمارٹم کے ورثا کے سپرد کر دی گئی اور پولیس مقدمہ قتل درج کر کے مطابق تفتیش ہے۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا ریجن کے علاقہ میانوالی کے قصبہ اڈا خواجہ آباد موچھ پر متنازعہ ہوٹل کے تنازعہ پر دو پارٹیوں کے مابین جھگڑا میں مسلح افراد کی فائرنگ سے راہگیر غلام محمد جان کی بازی ہار گیا

انجمن اتحاد و ترقی میوات کے صدارتی انتخابات یکم نومبر کو ہوں گے

لاہور (این این آئی) انجمن اتحاد و ترقی میوات پاکستان (رجسٹرڈ) نے سال 2026 کے انتخابات کا شیڈول جاری کر دیا ہے، جس کے مطابق انتخابی عمل کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا ہے اور انتخابات یکم نومبر 2026 کو لاہور میں منعقد ہوں گے۔ ووٹر لسٹ پر اعتراضات جمع کرانے کی آخری تاریخ 6 ستمبر 2026 مقرر کی گئی ہے۔

برادر اسلامی ممالک کا مضبوط اتحاد خطے کے امن، استحکام اور سلامتی کے لیے اہم ہے، صدر انجمن تاجران کمالیہ

کمالیہ (این این آئی) مرکزی انجمن تاجران کے صدر سید اکبر علی ساتھ میں، جنرل سیکرٹری شہباز احمد اور پوری کابینہ نے پاکستان، ترکیہ اور سعودی عرب کے درمیان دفاعی تعاون کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ برادر اسلامی ممالک کا مضبوط اتحاد خطے کے امن، استحکام اور سلامتی کے لیے اہم ہے

تحصیل آفس گوجر خان میں ایک ماہ سے تحصیلدار کی تعیناتی نہ ہونے سے اہم دفتری اور ریونیو معاملات شدید متاثر

گوجر خان (این این آئی) تحصیل آفس گوجر خان میں گزشتہ ایک ماہ سے تحصیلدار کی تعیناتی نہ ہونے کے باعث رجسٹریوں سمیت دیگر اہم دفتری اور ریونیو معاملات شدید متاثر ہو رہے ہیں، جبکہ تین نائب تحصیلداروں کی نشستیں بھی خالی پڑی ہیں۔ صرف ایک نائب تحصیلدار کی موجودگی میں تحصیل آفس کے معاملات چلائے جا رہے ہیں

چیئرمین نیب کے بیان نے کرپشن کے خاتمے کے حکومتی دعوؤں کا کچا چٹھہ کھول دیا' پبلک ایکشن فورم

کرپشن کرنے والوں کو نشان عبرت بنایا جائے، سوشل بائیکاٹ بھی ہونا چاہیے' چیئرمین آصف سلیم

لاہور (این این آئی) چیئرمین پبلک ایکشن فورم آصف سلیم مٹھا نے چیئرمین نیب کے قائمہ کمیٹی میں دیئے گئے بیان پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک میں کرپشن کے خاتمے کے لیے محض دعوؤں اور اعلانات کے بجائے عملی اقدامات ناگزیر ہیں، چیئرمین نیب کے بیان نے گڈ گورننس اور کرپشن کے خاتمے کے حکومتی اعلانات کا کچا چٹھہ کھول کر رکھ دیا ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ کرپشن کے خلاف موثر کارروائیاں نہ ہونے کے باعث بدعنوان عناصر کو حوصلہ ملتا ہے، حکومت کو کرپشن کے خاتمے کے لیے ایسے اقدامات کرنا ہوں گے جن کے نتائج عوام کو عملی طور پر نظر آئیں۔ آصف سلیم نے مطالبہ کیا کہ کرپشن کے تمام بڑے کیسز کی شفاف تحقیقات کی جائیں اور قومی خزانے کو نقصان پہنچانے والوں کا کڑا احتساب کیا جائے۔

کراچی: لندن میں پاکستانی ہائی کمشنر ڈاکٹر محمد فیصل عثمان کریسنٹ آرٹ گیلری کے زیراہتمام نمائش کا فیتہ کاٹ کر افتتاح کر رہے ہیں

دو ہفتوں کے دوران جی ٹی روڈ پر قائم پٹرول پمپس پر ڈکیتی کی دو وارداتیں گوجر خان پولیس کے لیے چیلنج

موٹر سائیکل سوار دو ڈاکو اسلحہ کی نوک پر پٹرول پمپ کے عملے سے ہزاروں روپے نقدی اور سیکیورٹی گارڈ سے کلاشنکوف چھین کر فرار ہو گئے

گوجر خان (این این آئی) جی ٹی روڈ پر انڈسٹریل ایریا کے بالمقابل قائم پوما پٹرولیم پمپ جی ٹی روڈ پر اتوار کی علی الصبح مسلح ڈکیتی کی واردات، موٹر سائیکل سوار دو ڈاکو اسلحہ کی نوک پر پٹرول پمپ کے عملے سے ہزاروں روپے نقدی اور ڈیوٹی پر موجود سیکیورٹی گارڈ سے کلاشنکوف چھین کر فرار ہو گئے۔ ذرائع کے مطابق موٹر سائیکل پر سوار دو مسلح ملزمان نے پٹرول پمپ پر پہنچ کر عملے کو اسلحہ کے زور پر یرغمال بنایا اور نقدی لوٹنے کے بعد سیکیورٹی گارڈ سے کلاشنکوف بھی چھین لی۔ واردات کے بعد دونوں ملزمان موٹر سائیکل پر موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔

لاہور کے مختلف مقامات سے تین افراد کی لاشیں برآمد

سمن آباد میں 45 سالہ شخص کرنٹ لگنے سے جاں بحق، لاشیں مردہ خانے منتقل

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور کے مختلف مقامات سے تین افراد کی لاشیں برآمد ہوئی ہیں۔ ریس کورس کے علاقے میں فٹ پاتھ کے کنارے سے نامعلوم 75 سالہ بزرگ شہری مردہ حالت میں پایا گیا، سمن آباد کے علاقے حسن مارکیٹ کے قریب 45 سالہ شخص کرنٹ لگنے سے جاں بحق ہو گیا، متوفی کی شناخت خطیب ولد خالد کے نام سے ہوئی جس نے موقع پر ہی دم توڑ دیا، ہربنس پورہ کے علاقے قلندر پورہ سے بھی نامعلوم 50 سالہ شخص کی لاش برآمد ہوئی۔

ای چالان نادہندہ ٹاپ 100 گاڑیوں کے خلاف بڑا کریک ڈاؤن

ای چالان اسکواڈز کو ٹاپ 100 نادہندہ گاڑیوں کی فہرست فراہم کر دی گئی' سی ٹی او

لاہور (این این آئی) سٹی ٹریفک آفیسر نے ای چالان نادہندہ ٹاپ 100 گاڑیوں کے خلاف بڑے کریک ڈاؤن کا حکم دے دیا، ٹاپ ٹین ای چالان ڈیفالٹرز میں شامل ایک پک اپ گاڑی پکڑی گئی جبکہ جعلی نمبر پلیٹ لگانے پر مقدمہ بھی درج کر لیا گیا۔ گرفتار ملزم نے 80 مرتبہ ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کی جس پر اس کے ذمے 4 لاکھ 10 ہزار روپے سے زائد کے جرمانے عائد ہوئے۔ جرمانوں کا علم ہونے کے بعد ملزم نے مبینہ طور پر گاڑی پر جعلی نمبر پلیٹ لگا لی۔

پنجاب بار کونسل کا وکلاء کے خلاف 7 اے ٹی اے کے بے جا استعمال پر تشویش کا اظہار

وکلاء کی عزت، وقار، حقوق کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا' وائس چیئرمین قیصر نذیر چاہی، چیئرمین ایگزیکٹو کمیٹی ارشد ہنجرا

لاہور (این این آئی) پنجاب بار کونسل نے وکلاء کے خلاف انسداد دہشت گردی ایکٹ کی دفعہ 7 اے ٹی اے کے بے جا استعمال پر سخت تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اختلاف رائے، احتجاج اور آئینی و قانونی فرائض کی ادائیگی کو دہشت گردی کی دفعات سے جوڑنا ناقابل قبول ہے، وکلاء پر 7 اے ٹی اے کے اندھا دھند استعمال کا سلسلہ فوری بند کیا جائے اور آئین وقانون کی مقرر کردہ حدود میں رہ کر کام کیا جائے۔ وکلاء آئین کی بالادستی، قانون کی حکمرانی، عدلیہ کی آزادی اور شہریوں کے بنیادی حقوق کے تحفظ کے لیے ہمیشہ موثر کردار ادا کرتے رہے ہیں

یوم شہادت امام حسنؓ 12 اگست کو پورے عقیدت واحترام سے منایا جائے گا

سرگودھا (این این آئی) یوم شہادت امام حسنؓ 28 ظفر المظفر بمطابق 12 اگست کو پورے عقیدت واحترام سے منایا جائے گا اور جامع ضیاء العلوم کے جامع مسجد سیدنا معاویہ میں سیمینار ہو گا اور شہر کا مرکزی جلوس تاں وت امام حسن امام بارگاہ بلاک 7 سے برآمد ہو کر امام بارگاہ محمدیہ بلاک 19 پہنچ کر اختتام ہو گا۔

میٹرک نتائج، گورنمنٹ گرلز ہائر سیکنڈری سکول عمر بلاک کی شاندار کارکردگی

سکول کی طالبات کا مجموعی نتیجہ 75.90 فیصد رہا، پرنسپل صائمہ ناہید سوہل کی اساتذہ وطالبات کو مبارکباد

لاہور (این این آئی) تعلیمی بورڈ لاہور کے میٹرک کے سالانہ نتائج 2026 میں گورنمنٹ گرلز ہائر سیکنڈری سکول عمر بلاک علامہ اقبال ٹاؤن نے مجموعی طور پر 75.90 فیصد نتائج کے ساتھ نمایاں کامیابی حاصل کی۔ نتائج کے مطابق دہم اے کی طالبات کا نتیجہ 100 فیصد، دہم بی میں 74 فیصد، دہم سی 77 فیصد اور دہم ڈی نے 72.09 فیصد نتیجہ حاصل کیا۔ شاندار کارکردگی پر پرنسپل ڈاکٹر صائمہ ناہید سوہل نے اساتذہ، طالبات اور والدین کو مبارکباد پیش کی

مشترکہ دفاعی معاہدہ عالم اسلام کے اتحاد اور استحکام کی جانب تاریخی پیشرفت ہے' اشرف بھٹی

پاکستان کی دفاعی صلاحیتوں کا عالمی سطح پر اعتراف قوم کیلئے باعث فخر ہے' صدر انجمن تاجران پاکستان

لاہور (این این آئی) آل پاکستان انجمن تاجران کے مرکزی صدر اشرف بھٹی نے پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان ہونے والے مشترکہ دفاعی معاہدے کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے عالم اسلام کے اتحاد، استحکام اور باہمی اعتماد کی جانب ایک اہم اور تاریخی پیشرفت قرار دیا ہے۔ اپنے بیان انہوں نے کہا کہ مقدس سرزمین مکہ مکرمہ سے دنیا کو یہ واضح پیغام ملا ہے کہ مسلم ممالک باہمی تعاون، یکجہتی اور مشترکہ مفادات کے تحفظ کے لیے ایک دوسرے کے ساتھ کھڑے ہیں۔ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ جیسے اہم اسلامی ممالک کا دفاعی تعاون خطے میں امن، استحکام اور اجتماعی سلامتی کے فروغ میں مثبت کردار ادا کرے گا۔

لاہور چیمبر کے صدر فہیم الرحمٰن سہگل جرمنی کے شہر تین میں اوورسیز پاکستانیوں سے ملاقات کر رہے ہیں

آرگینک زراعت کے شعبے میں کامیاب ممالک کے ماڈلز کو سٹڈی کیا جائے' نجم مزاری

بین الاقوامی معیار کی سرٹیفکیشن، ٹریس ایبلٹی سسٹم سے عالمی منڈیوں تک رسائی آسان بنائی جا سکتی ہے

لاہور (این این آئی) آرگینک زراعت اور خوراک پر تحقیق کرنے والے ادارے کے سربراہ نجم مزاری نے وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے نام لکھے گئے کھلے خط میں مطالبہ کیا ہے کہ آرگینک زراعت کے شعبے میں کامیاب ممالک کے ماڈلز کو سٹڈی کر کے پاکستان میں پائلٹ پراجیکٹ شروع کیے جائیں، عالمی آرگینک خوراک کی مارکیٹ کا حجم 2024 میں 240 سے 250 ارب ڈالر تک پہنچ چکا ہے جس میں سالانہ بنیادوں پر مثبت گروتھ دیکھی جا رہی ہے، پاکستان اگر جدید سرٹیفکیشن، ٹریس ایبل ٹی اور بین الاقوامی معیار اپنائے تو اس منڈی میں نمایاں حصہ حاصل کر کے اپنی برآمدات میں اربوں ڈالر کا اضافہ کر سکتا ہے۔

بار بار چالان سے ٹرانسپورٹرز شدید مشکلات کا شکار ہیں، صدر کمالیہ لاجسٹک یونین

عوام پر عائد کئے جانے والے بھاری ٹیکسز اور پالیسیوں کے باعث کاروباری سرگرمیاں شدید متاثر ہو رہی ہیں، حاجی ناصر رمضان گجر

کمالیہ (این این آئی) کمالیہ لاجسٹک یونین کے صدر حاجی ناصر رمضان گجر نے کہا ہے کہ حکومت کی جانب سے عوام پر عائد کی جانے والی بھاری ٹیکسز اور پالیسیوں کے باعث کاروباری سرگرمیاں شدید متاثر ہو رہی ہیں۔ کاروبار کرنا پہلے ہی مشکل تھا، جبکہ آئے روز نئے ٹیکسز اور اخراجات نے تاجروں اور ٹرانسپورٹرز کے مسائل میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ پل گوپال پیٹرولنگ چوکی ناکہ، دنیا پور تھانے کے آگے پولیس ناکہ، پیٹرولنگ پولیس قطب پور ناکہ، ٹریفک پولیس جہانیاں ناکہ، پیٹرولنگ چوکی جنگل مڑیالہ پھر سیکرٹری آر ٹی اے

سمندری روڈ پر واقع وائلڈ لائف پارک کی حالت ابتر ہو گئی، شہریوں کی ڈپٹی کمشنر سے شکایت

ڈپٹی کمشنر ٹوبہ ٹیک سنگھ کا پارک کی زبوں حالی، بنیادی سہولیات کے فقدان اور عملے کی کمی پر سخت برہمی کا اظہار

کمالیہ (این این آئی) ڈپٹی کمشنر ٹوبہ ٹیک سنگھ ماہم آصف ملک نے وائلڈ لائف پارک رجانہ کا دورہ کیا اور پارک کی زبوں حالی، بنیادی سہولیات کے فقدان اور عملے کی کمی پر سخت برہمی کا اظہار کیا۔ انہوں نے پارک کے عملے سے استفسار کیا کہ 14 ایکڑ پر محیط وسیع وعریض پارک کو صرف دو اہلکار کس طرح مناسب انداز میں سنبھال سکتے ہیں؟ ڈپٹی کمشنر نے پارک کے مختلف حصوں کا معائنہ کیا اور وہاں صفائی ستھرائی، سیکیورٹی، پینے کے صاف پانی، واش رومز، بیٹھنے کے لیے بینچز اور دیگر بنیادی سہولیات کی صورتحال کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر شہریوں نے انہیں پارک کو درپیش مسائل

ڈیٹنگ ایپ پر دوستی، باکو جانے والی خاتون ممکنہ جنسی استحصال کے معاملے پر آف لوڈ، اہم انکشافات

خاتون مسافر نے ماضی میں اپنے جنسی استحصال اور جسمانی تشدد سے متعلق بھی اہم معلومات فراہم کیں

جعلی دستاویزات پر ملائیشیا جانے والے دو، جعلی امریکی پی آر کارڈ پر سعودی عرب کا سیاحتی ویزا حاصل والا مسافر آف لوڈ

اسلام آباد/لاہور (این این آئی) ایف آئی اے نے مبینہ جعلی میڈیکل دستاویزات پر ملائیشیا جانے والے 2 مسافروں جبکہ باکو جانے والی خاتون مسافر کو ممکنہ جنسی استحصال کے معاملے پر آف لوڈ کر دیا گیا۔ نجی ٹی وی کے مطابق ایف آئی اے کے امیگریشن سرکل نے خاتون کو آف لوڈ کر دیا، ملائیشیا جانے والے وسیم حیدر اور ساجد پرویز کو جعلی میڈیکل دستاویزات کے ذریعے اصل سفری مقصد چھپانے پر جبکہ باکو جانے والی حمنہ شکیل کو مشکوک سفری مقصد اور ممکنہ جنسی استحصال، انسانی اسمگلنگ کے شبہ میں گرفتار کر کے مزید قانونی کارروائی کے لیے انسداد انسانی اسمگلنگ سرکل کراچی کے حوالے کر دیا گیا۔ خاتون حمنہ شکیل کو آذربائیجان کے شہر باکو جاتے ہوئے مشکوک سفری مقصد کی بنیاد پر مزید پوچھ گچھ کے لیے روکا گیا، دوران تفتیش خاتون مسافر نے انکشاف کیا کہ وہ ایک ڈیٹنگ ایپ کے ذریعے رابطے میں آنے والے ایک شخص سے ملاقات کے لیے باکو جا رہی تھی جس کے عوض اسے مبینہ طور پر 3 لاکھ روپے ملنے تھے جبکہ سفر اور رہائش کے اخراجات بھی مذکورہ شخص کی جانب سے برداشت (بقیہ نمبر 36)

لاہور: کارپٹ ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ میں ہنر مند کھڈی پر قالین تیار کر رہے ہیں

پاکستان سمیت دنیا بھر میں بائیں ہاتھ سے کام کرنے والوں کا عالمی دن 13 اگست کو منایا جائے گا

مکوآنہ (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں بائیں ہاتھ سے کام کرنے والوں کا عالمی دن 13 اگست کو منایا جائے گا۔ لیفٹ ہینڈرز ڈے یعنی بائیں ہاتھ والوں کا دن منانے کا مقصد ایسے افراد کی انفرادیت کا اعتراف کرنا اور ان کو درپیش چھوٹے چھوٹے مسائل کا احساس کرنا ہے۔ ماہرین کے مطابق دنیا کی کل آبادی میں سے 10 فیصد افراد بائیں ہاتھ سے کام کرتے ہیں۔ ایک سائنسی تحقیق کے مطابق بائیں ہاتھ والے افراد زیادہ ذہین ہوتے ہیں۔

42ویں عالمی نمائش میں 80 سے زائد غیر ملکی خریداروں کی شرکت متوقع ہے' پی سی ایم ای اے

عالمی ایونٹ کو کامیاب بنانے کے لیے جامع حکمت عملی مرتب کر لی گئی' چیئرمین میاں عتیق الرحمٰن

لاہور (این این آئی) پاکستان کارپٹ مینو فیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن نے کہا ہے کہ رواں سال اکتوبر میں لاہور میں منعقد ہونے والی 42ویں عالمی نمائش میں مختلف ممالک سے 80 سے زائد غیر ملکی خریداروں کی شرکت کا امکان ہے، عالمی ایونٹ کو کامیاب بنانے کے لیے جامع حکمت عملی مرتب کر لی گئی ہے، وزارت تجارت اور ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی پاکستان کی رہنمائی میں عالمی نمائش کو کامیاب بنانے کے لئے بھرپور تیاریاں جاری ہیں۔ پاکستان کارپٹ مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن کا اہم اجلاس چیئرمین میاں عتیق الرحمٰن اور چیئرمین ایگزیبیشن ریاض

لاہور: ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران دعائیہ تقریب کے موقع پر گرجا گھروں کی سیکورٹی انتظامات کا جائزہ لے رہے ہیں

اسسٹنٹ کمشنر سرگودھا کا ٹی ایچ کیو ہسپتال میں اچانک وزٹ، مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا جائزہ لیا

سرگودھا (این این آئی) اسسٹنٹ کمشنر نے ٹی ایچ کیو ہسپتال میں اچانک وزٹ کر کے مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا جائزہ لیا اور سٹاف کو مریضوں پر خصوصی توجہ دینے اور ادویات کی فراہمی کو یقینی بنانے پر زور دیا۔ ذرائع کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر سرگودھا احمد شیر گوندل نے تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال بھاگٹانوالہ میں اچانک وزٹ کر کے مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، ادویات کی دستیابی، صفائی ستھرائی اور دیگر انتظامات کا جائزہ لیا۔

مرید کے، جشنِ آزادی کی تیاریاں شروع بازاروں میں رش بڑھ گیا

کالا شاہ کاکو (این این آئی) مرید کے شہر میں جشنِ آزادی کی تیاریاں شروع ہو گئی ہیں جبکہ بازاروں میں خریداری کا رجحان بھی بڑھ گیا ہے۔ شہر کے مختلف بازاروں میں کپڑوں، اور 14 اگست کے حوالے سے خصوصی اشیا کے سٹال سجا دیے گئے ہیں بازاروں میں سبز و سفید ملبوسات، قومی پرچم، بیجز، جھنڈیاں، ٹوپیاں اور بچوں کے لیے آزادی سے متعلق مختلف اشیا کی فروخت جاری ہے۔

اپیلٹ ٹریبونل زیر التواء کیسز ترجیحی بنیادوں پر نمٹائے' لاہور ٹیکس بار

ٹیکس دہندگان کو قانونی ریلیف کیلئے ٹریبونل کے فیصلوں پر موثر عملدرآمد بھی ضروری ہے

لاہور (این این آئی) لاہور ٹیکس بار ایسوسی ایشن نے اپیلٹ ٹریبونل ان لینڈ ریونیو میں زیر التواء ٹیکس مقدمات کو ترجیحی بنیادوں پر نمٹانے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ ٹیکس دہندگان کو بروقت انصاف کی فراہمی ناگزیر ہے، ایف بی آر کی جانب سے عائد کیے گئے کروڑوں کے ٹیکس اسیسمنٹس اپیل کے مختلف مراحل میں ختم یا نمایاں طور پر کم ہو جاتے ہیں اس لیے ٹریبونل میں مقدمات کے فیصلوں میں غیر ضروری تاخیر سے ٹیکس دہندگان کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار صدر رانا ثاقب منیر، جنرل سیکرٹری فاروق گجر، نائب صدر میاں عثمان جاوید اور دیگر عہدیداران نے اپیلٹ ٹریبونل

7 ستمبر کی ختم نبوت کانفرنس اتحادِ امت کا عملی نمونہ ہو گی' مولانا اللہ وسایا

ختم نبوت کانفرنس کا فقید المثال اجتماع امت مسلمہ کے قلوب واذہان میں ختم نبوت کی شمع روشن کرے گا

لاہور (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام کے مرکزی رہنما مولانا حافظ محمد اشرف گجر کی زیر صدارت جامعہ محمدیہ قاسمیہ، والٹن روڈ لاہور میں 7 ستمبر کو منعقد ہونے والی ختمِ نبوت کانفرنس کی تیاریوں کے حوالے سے ایک اہم سیمینار کا انعقاد کیا گیا، جس میں جید علماء کرام، دینی شخصیات اور اہلِ علاقہ کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ سیمینار کے مہمانِ خصوصی عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے مرکزی رہنما مولانا اللہ وسایا نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 7 ستمبر کی ختمِ نبوت کانفرنس اتحادِ امت کا عملی نمونہ ثابت ہو گی۔

ملک بھر کی طرح فیصل آباد میں بھی 14 اگست کی تیاریاں اپنے عروج پر پہنچ گئیں

مکوآنہ (این این آئی) ملک بھر کی طرح فیصل آباد میں بھی 14 اگست کی تیاریاں اپنے عروج پر پہنچ گئی ہیں اور جگہ جگہ سبز جھنڈیوں، پاکستانی پرچموں اور بیجز کے سٹالز سج گئے ہیں جبکہ شہریوں کی ایک بڑی تعداد نے ان سٹالز کا رخ کر لیا ہے جہاں جشن آزادی کے حوالے سے خریداری زور وشور سے جاری ہے۔

سبزیوں، پھلوں کی سرکاری نرخنامے کی بجائے من مانے نرخوں پر فروخت

ادرک 335 کی بجائے 380، اروی 80 روپے کی بجائے 100، بینگن 100 کی بجائے 140 روپے فروخت کئے گئے

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور کی اوپن مارکیٹوں میں سبزیاں اور پھل سرکاری نرخنامے کی بجائے من مانے نرخوں پر فروخت کئے جاتے رہے، کئی مقامات پر دکانداروں اور خریداروں کے درمیان قیمتوں کے معاملے پر بحث ومباحثہ بھی دیکھا گیا۔ سرکاری نرخنامے میں آلو کی قیمت جاری نہیں کی گئی تاہم اوپن مارکیٹوں میں آلو 40 سے 50 روپے کلو فروخت کیا گیا، ادرک تھائی لینڈ 350 کی بجائے 390 سے 400، ادرک چائنہ 335 کی بجائے 370 سے 380، اروی 80 روپے کی بجائے

علامہ بشیر فاروق قادری سے حافظ شاہد حسین کی اہم ملاقات

تعلیم، فلاحِ عامہ، نوجوانوں کی کردار سازی، باہمی تعاون کے پہلوؤں پر تبادلہ خیال

لاہور (این این آئی) سیلانی ویلفیئر انٹرنیشنل ٹرسٹ کے چیئرمین علامہ بشیر فاروق قادری سے کنز الایمان گروپ آف سکولز کے چیئرمین حافظ شاہد حسین نے ملاقات کی، جس میں تعلیم، فلاحِ عامہ، نوجوانوں کی کردار سازی، دینی و عصری تعلیم کے فروغ اور باہمی تعاون کے مختلف پہلوؤں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران دونوں رہنماؤں نے اس بات پر زور دیا کہ موجودہ دور میں معیاری تعلیم کو اخلاقی و دینی تربیت کے ساتھ ہم آہنگ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ اس مقصد کے لیے تعلیمی اداروں اور فلاحی تنظیموں کے درمیان موثر تعاون معاشرے میں مثبت تبدیلی لانے میں اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔

قصور میں مکان کی چھت گرنے سے خاتون جاں بحق، 3 افراد زخمی

قصور (این این آئی) قصور کے گاؤں کھارا میں مکان کی چھت گرنے سے خاتون جاں بحق جبکہ 3 افراد زخمی ہو گئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق حادثہ رات گئے پیش آیا، مکان کا بوسیدہ حصہ زمین بوس ہونے سے ایک ہی خاندان کے 4 افراد ملبے تلے دب گئے، 38 سالہ مافیا کو تشویشناک حالت میں ڈی ایچ کیو ہسپتال منتقل کیا گیا

اسلامی دنیا کا اتحاد وقت کی اہم ضرورت ہے' جے یو آئی

پاکستان، سعودیہ، ترکیہ کا دفاعی تعاون مسلم امہ کے تحفظ، سلامتی کیلئے سنگِ میل ثابت ہو گا

لاہور (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (س) لاہور کے امیر و مرکزی سالار مولانا قاری اعظم حسین، امیر مولانا پیر عبدالقدوس نقشبندی، ناظم اعلیٰ مولانا ایوب خان، ڈپٹی سیکرٹری پیر اکبر ساقی، لاہور کے ناظم اعلیٰ مولانا طیب عثمانی، نائب امیر مولانا صلاح الدین ایوبی، قاری واحد بخش، قاری رحمت اللہ لاشاری، انجینئر خالد ٹیپو، عبدالحمید تونسوی، مولانا محمد ممتاز، مولانا توقیر عباس سمیت دیگر رہنماؤں نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ اسلامی دنیا کا اتحاد وقت کی اہم ضرورت ہے، پاکستان، سعودی عرب اور ترکی کے درمیان مکہ میں ہونے والے دفاعی معاہدے کا خیر مقدم کرتے ہیں،

آئی ٹی پی ایچ کی عالمی ادارے جیپیگو کیساتھ اہم اسٹریٹجک شراکت داری قائم

ترجیحی نوعیت کے صحت عامہ کے چیلنجز سے نمٹنے کے لئے مشترکہ کاوشیں کی جائیں گی

لاہور (این این آئی) انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ہیلتھ نے جانز ہاپکنز یونیورسٹی، امریکہ سے وابستہ ادارے جیپیگو کے ساتھ صحت عامہ کے نظام کو مضبوط بنانے اور شواہد پر مبنی اقدامات، جدت طرازی اور استعدادِ کار میں اضافے کے ذریعے معاشرے کے افراد کی صحت اور فلاح و بہبود کو بہتر بنانے کے لیے ایک اہم اسٹریٹجک شراکت داری قائم کر لی ہے۔ اس معاہدے کے تحت متعدی بیماریوں کی روک تھام، نگرانی اور مؤثر کنٹرول، ماؤں، نومولود بچوں، بچوں اور نوعمر افراد کی صحت کے پروگرامز، خواتین، ماؤں، نومولود بچوں اور بچوں کے لئے حفاظتی اسکریننگ کے پروگرامز شامل ہیں۔ اس معاہدے میں بیماریوں کی بروقت تشخیص اور فوری طبی مداخلت کو یقینی بنانا

برائلر گوشت کی قیمت میں 14 روپے کلو اضافہ

اوپن مارکیٹ میں سرکاری نرخنامے سے مزید مہنگا فروخت کیا گیا

لاہور (این این آئی) شہر میں پرچون سطح پر فی کلو برائلر گوشت کی قیمت 14 روپے اضافے سے 468 روپے کلو، زندہ برائلر مرغی کی قیمت 10 روپے اضافے سے 323 روپے فی کلو جبکہ فارمی انڈوں کی قیمت 268 روپے فی درجن کی سطح پر رہی۔ اوپن مارکیٹ میں مختلف مقامات پر برائلر گوشت سرکاری نرخنامے سے 30 روپے کلو زائد قیمت پر فروخت کیا گیا۔

سید حسین الدین شاہ کی دینی خدمات تاریخ کا روشن باب ہیں' ڈاکٹر راغب نعیمی

چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل کا پیر سید حسین الدین شاہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

لاہور (این این آئی) چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل علامہ ڈاکٹر محمد راغب حسین نعیمی نے معروف عالم دین علامہ پیر سید حسین الدین شاہ کے انتقال پر گہرے دکھ، افسوس اور رنج کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ سید حسین الدین شاہ کی دینی خدمات تاریخ کا روشن باب ہیں۔ ان کے انتقال سے ملک ایک جلیل القدر علمی، دینی اور روحانی شخصیت سے محروم ہو گیا۔ علامہ پیر سید حسین الدین شاہ کی وفات دینی وعلمی حلقوں کے لیے ایک بڑا سانحہ ہے۔ شیخ الحدیث علامہ پیر سید حسین الدین شاہ نے علوم قرآن وحدیث کی ترویج اور دینی مدارس و مراکز کے ذریعے ایک ایسی علمی روایت کو مضبوط کیا جس کے اثرات آنے والی نسلوں تک محسوس کیے جاتے رہیں گے۔ علامہ پیر

لاہور: سیلانی ویلفیئر انٹرنیشنل ٹرسٹ کے چیئرمین علامہ بشیر فاروق قادری سے حافظ شاہد حسین کا ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو۔

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
مینجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ڈائریکٹر	چوہدری عمران شوکت
گروپ ایڈیٹر	علی حسین شیرازی
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
ڈپٹی ایڈیٹر	شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔
آفس نمبر 2 اباسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور

80 ویں یوم آزادی پاکستان کے پرمسرت موقع پر روزنامہ "قوت" خصوصی اشاعت کا اہتمام کر رہا ہے
تمام نمائندگان / بیورو چیف سے درخواست ہے کہ اپنے اشتہارات 12 اگست 2026 تک ادارہ ہذا کو ای میل کر دیں تا کہ بہترین کوریج دی جا سکے۔

انچارج نمائندگان 0302-1228000
محمد اکرام اعوان
dailyquwat786@gmail.com

8 ڈیوس روڈ اباسین کمپلیکس آفس نمبر 2 لاہور